www.youthintlmagazine.com

اردو، انگریزی زبان میں شائع ہونے والا بین الاقوامی تعلقات اور پاکستانیت کے فروغ کا علمبردار نیوز میگزین

مجلة الشباب
العالمية في باكستان

CONTINUE IN WORLD FROM 31 Years

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل

لاہور
پاکستان

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

ایڈیٹر انچیف
محمد صدیق القادری

وزارت اطلاعات ونشریات گورنمنٹ آف پاکستان کی سنٹرل میڈیا لسٹ میں شامل

عدد خاص بمناسبة اليوم الوطني المملكة العربية السعوديه

89th Saudi National Day
اليوم الوطني السعودي



H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques

# سعودی عرب کا قومی دن
## اور پاک سعودیہ تعلقات کا تاریخی جائزہ

(تفصیل اندرونی صفحات پر)



H.R.H
Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Saudi Arabia



سعودی عرب کے قومی دن پر وزیر اعظم جمہوریہ پاکستان
جناب عمران خان کا خصوصی پیغام



بین الاقوامی شہرت یافتہ مذہبی سکالر، عالم دین
علامہ محمد مقصود احمد چشتی قادری کا خصوصی انٹرویو



سابق وفاقی وزیر، صدر مسلم لیگ (ضیاء)
محمد اعجاز الحق کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو



سعودی عرب کے معروف بزنس مین و سوشل شخصیت
شیخ لقمان میمن کا خصوصی انٹرویو



نو منتخب چیئرمین پوپا
سرفراز ظہور چیمہ کی خصوصی بات چیت



اداکار طارق بٹ کا منیجنگ ایڈیٹر
تحسین القادری کیساتھ خصوصی مکالمہ




تحریک انصاف کراچی کے سینئر رہنما
محمد یحییٰ پولانی کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو

The Youth International Magazine Special Edition on 89th Saudi National Day


Congratulations
on 89th National Day of the
Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
اليوم الوطني السعودي
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
دبئی، ملائیشیا، تھائی لینڈ، سری لنکا، چائنہ، سنگاپور، ہانگ کانگ، کے مکمل ٹور پیکیجز موجود ہیں
حج وعمرہ خدمات میں پاکستان کا بہترین ادارہ نیز تمام ایئر لائن کے ٹکٹ اور ٹور پیکیج انتہائی مناسب ریٹ پر دستیاب ہیں
الحاج منیر احمد انصاری چیف ایگزیکٹو
سفینۃ الحجاج انٹرنیشنل
(پرائیویٹ) لمیٹڈ کراچی
G.L No # 2528
HP No # 4160
TAAP
IATA
ایڈریس: ڈی 9 بلاک ایچ نارتھ ناظم آباد کراچی پاکستان
Ph:0092-21-36646799-36675284-36642463 Fax:0092-21-36675314
Saudi: 00966-50-8440272 Pak: 0333-2350842
Email:safeenahtulhujjaj@live.com , info@safeenahtulhujjaj.com
Web:www.safeenahtulhujjaj.com
الحاج نعیم الدین
الحاج منیر احمد انصاری


89th National Day
National Day
GREETING
On the auspicious occasion of the National Day of the Royal Kingdom of Saudi Arabia, We extend Heartiest Felicitations to our Saudi Brethren 89th National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
سعودی عرب، یو اے ای، سلطنت آف عمان، بحرین، کویت، مسقط و دیگر ممالک میں ہنرمند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Barkha International (Pvt) Ltd.
Overseas Employment Promoters
Lic No. MPD/2312/Rwp
Office # 102, 1st Floor Royal Center Fazal-e-Haq Road Blue Area, Islamabad-Pkistan. Tel:+92-51-2806263-64 Fax:+92-51-2272360
Email:barkha786@gmail.com, info@barkha.com.pk
www.barkha.com.pk
Sarfraz Zahoor Cheema
Managing Director
Chairman POEPA
The Youth
International Magazine Pakistan
یوتھ انٹرنیشنل


Congratulations
We extends its sincere greeting
to the people of Saudi Arabia on
their 89th National Day
89th National Day
H.R.H. King Salman bin
Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad
bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
POEPA
Pakistan
Overseas Employment Promoters
LION GROUP
M-1 Mehran Residency, Dr. Dawood Pota Road Cantt Karachi-Pakistan Tel: 35650500-10 Lines
Direct:35652222/5650333, Email: usman@usmantravels.com , usman@usmandbrothers.com
Fax:0092-21-5689058 UAN-111-786-222 Mobile:0321-8240777, KSA: 0509696091
Muhammad Usman
Chairman


National Day
GREETING
on 89th National Day
of the Kingdom of
Saudi Arabia
89th National Day
H.R.H. King Salman bin
Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed
Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad
bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
حج وعمرہ پروفیشنلز کیساتھ کریں پاکستانی زائرین حج وعمرہ کی خدمت میں پیش پیش' اندرون وبیرون
ملک سفر کیلئے ہر ایئر لائن کے سستے ٹکٹ دستیاب ہیں سیاحت کیلئے گروپ پیکیج بھی موجود ہیں
AL-MAMOORAH International (Pvt) Ltd.
Travels & Tours M.O. Hajj Reg # 2149
Lic # ID-1256
15-16 Ground Floor, Poonch House Adamjee Road Saddar
Rawalpindi-Pakistan Ph: 0092-51-5519875 Fax: 0092-51-5513421
Mob: 0345-8542608 - 0300-8542608 Mob: (KSA) 0505322054
E-mail: malik0989@hotmail.com meddina786@yahoo.com
Muhammad Saddique Hayat
Chief Executive


National Day
GREETING
on 89th National
Day Anniversary
Ceremony of the
Royal Kingdom of
Saudi Arabia
89th National Day
H.R.H. King Salman bin
Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed
Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad
bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
یواے ای' سعودی عرب' کویت' بحرین ودیگر عرب ممالک میں مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا مثالی ادارہ
AL-MA,A Enterprises
Overseas Employment Promoters Lic No # MPD/2155/RWP/2002
Sehreena Enterprises Lic # Ops & HRD 3308/RWP/2013
Office # 17, 2nd Floor Satellite Shopping Center 6th Road Rawalpindi-Pakistan
Off:051-4852326 Fax:051-4852327 Email:almaa_2007@yahoo.com
Email:almaa_2007@hotmail.com Web:www.almaaenterprises.com
Email:sehreenaenterprises@outlook.com , sehreenaenterprises@gmail.com
Raja Mubashar Rafiq
Director
0333-5341872 0300-5003314
Raja Mubashar Rafiq Kiani
Managing Director
0333-5341872 0300-5003314


National Day GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
PAKISTAN MANPOWER BUREAU
Overseas Employment Promoters
Lic No # MPD/2107/RWP
ASAD HAFEEZ KAYANI
Chief Executive
0300-9568963
Flat # 13-B, 3rd Floor United Center, Shamsabad, Murre Road Rawalpindi-Pakistan
Tel:0092-51-4935307 Fax:0092-51-4935017
Email:pmb2107@hotmail.com Web: www.pmboep.com


National Day GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب یو اے ای سلطنت آف عمان بحرین کویت مسقط و دیگر ممالک میں ہنر مند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Afzal Enterprises
Overseas Employment Promoters
Lic No # MPD/1032/RWP
Ch.Muhammad Afzal
Managing Director
B-10, Flat No.7, Bangsar Plaza, Commerical Center, Satellite Town Rawalpindi Pakistan. Ph:+92-51-4451641, 4425189
Fax:+92-51-4426843 Email:afzalent@yahoo.com www.afzalenterprises.com.pk




جلد 31 شمارہ 9,10,11 ماہ ستمبر/اکتوبر/نومبر 2019ء

بانی محمد صدیق القادری (مرحوم)

ایڈیٹر مس روبینہ قادری (ایم۔اے جرنلزم)

منیجنگ ایڈیٹر: تحسین القادری
0348-2860696
+92-364-5115114
E-mail: ms_alqadri@yahoo.com

**سب ایڈیٹرز**

ریحان زبیری، مس ثمینہ، مس نبیلہ، مس مریم، مس روزینہ

**مجلس مشاورت**

پروفیسر وسیم چوہدری، پیر ڈاکٹر طارق بادشاہ
طارق حسین بٹ، عذرا علین، سعد زمان، ناصر زیدی
فریحہ فاروقی، ڈاکٹر طلعت محمود
رئیس قریشی، ارشاد قریشی، گلزار حسین

**چیف فوٹوگرافر** تنویر القادری 0346-5115114

**سرکولیشن** تحسین القادری 0348-2860696

**فوٹو گرافرز** عبدالرفیق، تبسم نوید، ساجد محمود، امانت خاں

**گرافک ڈیزائنر** ایم۔ٹی / صداقت رسول 0344-4466912

## اس شمارے میں





| نمبر شمار | | صفحہ |
|---|---|---|
| 1- | برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے قومی دن پر پیغام تہنیت | 8 |
| 2- | اسلامی تعلیمات | 9 |
| 3- | سعودی عرب کا قومی دن اور پاک سعودیہ تعلقات کا تاریخی جائزہ | 12 |
| 4- | سعودی عرب تیزی سے ترقی کی جانب گامزن | 14 |
| 5- | مملکت سعودی عرب اور پاکستان | 15 |
| 6- | سعودیہ کے قومی دن کے موقع پر تقریب کی تصویری جھلکیاں | 16 |
| 7- | سعودی عرب کے قومی دن پر اہم شخصیات کے پیغامات | 19 |
| 8- | سعودی اور اماراتی وزراء کی مسئلہ کشمیر پر حمایت | 23 |
| 9- | پاکستان کے مایہ ناز بین الاقوامی شہرت یافتہ مذہبی سکالر علامہ محمد مقصود احمد چشتی قادری کا خصوصی انٹرویو | 24 |
| 10- | چیئرمین ہوپ چوہدری نذیر احمد کی جانب سے معزز مہمانوں کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کی تصویری جھلکیاں | 26 |
| 11- | انٹرنیشنل رحمت اللعالمین کانفرنس بسلسلہ جشن عید میلاد النبی تقریب کی تصویری جھلکیاں، یوتھ انٹرنیشنل میگزین اہم شخصیات کے ہاتھوں میں | 28 |
| 12- | سابق وفاقی وزیر محنت وسمندر پار پاکستانیز، صدر مسلم لیگ (ضیاء) محمد اعجاز الحق کا خصوصی انٹرویو | 30 |
| 13- | سعودی عرب میں معروف بزنس مین وسوشل شخصیت شیخ لقمان کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی بات چیت | 32 |
| 14- | تحریک انصاف کراچی کے سینئر رہنما پولانی گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین محمد یحییٰ پولانی کا انٹرویو | 34 |
| 15- | وزیر اعلیٰ کے پی کے محمود خان کی والدہ ماجدہ کی وفات پر مختلف اہم سیاسی وسماجی شخصیات کی فاتحہ خوانی کی تصویری جھلکیاں | 36 |
| 16- | وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری کے اعزاز میں تقریب کا احوال اور کچھ یادیں سابق ڈائریکٹر حج بحراللہ ہزاری کے بارے میں | 38 |
| 17- | ہردلعزیز شخصیت، نومنتخب چیئرمین پوپا سرفراز ظہور چیمہ مینجنگ ڈائریکٹر برکھا انٹرنیشنل کا خصوصی انٹرویو | 40 |
| 18- | عمران صدیقی وزارت مذہبی امور کے ترجمان مقرر نوٹیفکیشن جاری، حج پالیسی 2020ء کیلئے بابو عمران قریشی نے تجاویز کیلئے مسودہ تیار کرلیا | 42 |
| 19- | شیخ راشد چیف ایگزیکٹو آر بی ایس کے نئے پٹرول پمپ کا افتتاح | 43 |
| 20- | پوپا کی حلف برداری تقریب کی تصویری جھلکیاں | 44 |
| 21- | گورنر ہاؤس لاہور شادیوں کے لیے دستیاب (میگزین رپورٹ) | 46 |
| 22- | معروف اداکار طارق بٹ کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو | 48 |
| 23- | حج 2020ء کے سلسلے میں کراچی میں پہلی مشاورتی ورکشاپ | 50 |
| 24- | جاوید شیخ کی بیٹی ہونے پر فخر ہے، انہی کی خواہش پر اداکارہ بنی: اداکارہ مومل شیخ کی باتیں | 51 |
| 25- | پوپا الیکشن لاہور زون تقریب کی تصویری جھلکیاں | 53 |
| 26- | صحت کو بہتر بنانے کے طریقے کے حوالے سے ڈاکٹر غلام حسن کی خصوصی تحریر | 57 |
| 27- | وہ بیوٹی ٹپس جو خواتین کی بڑھتی عمر کو چھپا دے | 67 |


**بیرون ملک اعزازی نمائندگان**

| | | |
|---|---|---|
| ابوظہبی | : | فرمان حیدر |
| دبئی | : | تابش زیدی |
| شارجہ | : | اختر حیدری |
| العین | : | احمد حسن صابری |
| دوہا/قطر | : | اصغر علی قاضی |
| اومان/مسقط | : | شاہد چٹھہ |
| امریکہ | : | سمیر سلیم شاہ |
| بحرین | : | ساجد بٹ |
| کویت | : | عتیق عدنان |
| جرمن/برلن | : | محمد عارف سلیمی |
| سعودی عرب | : | مجیب الحق فریدی |
| جدہ | : | یحییٰ اشفاق |
| مکہ المکرمہ | : | حسن چانڈیو |
| الریاض | : | خالد جاوید چیمہ |
| دمام | : | زین العابدین |
| یو۔کے | : | مدثر نذیر |
| لیبیا | : | محمد فاروق |
| پولینڈ | : | بسمہ بی بی |

**اندرون ملک اعزازی نمائندگان**

| | | |
|---|---|---|
| اسلام آباد | فیضان الحق | 0345-5104380 |
| پشاور | سجاد عزیز | 0333-9123151 |
| کراچی | فیصل شیخ | 0300-8759007 |
| بلوچستان/کوئٹہ | محمد انور شاہ | 0333-7829766 |
| گجرات | میاں شہباز انصاری | 0300-6253063 |
| ملتان | محمد عمران | 0300-7329192 |
| فیصل آباد | رشید احمد صدیقی | 0300-8854260 |
| مردان | سید ماجد علی شاہ | 0300-5121606 |
| مینگورہ/سوات | شرین زادہ | 0315-5749917 |

خصوصی شمارہ پاکستان میں 200 روپے، گلف ممالک 50 درہم یا ریال، یورپ/امریکہ اور دیگر ممالک میں 5 ڈالر

**سالانہ خریدار**

بیرون ممالک مڈل ایسٹ سالانہ 500 درہم/ریال، یورپ/امریکہ 250 ڈالر اور پاکستان میں سالانہ خریدار کیلئے مبلغ 5000 روپے کا بنک ڈرافٹ/کراس چیک میزان بینک کرنٹ اکاؤنٹ نمبر 02280103982405 مین راوی روڈ لاہور پاکستان میں جمع کروائیں یا ہیڈ آفس کے ایڈریس پر ارسال کریں۔ E-mail: youth_intlmag@yahoo.com پر اطلاع کریں

**ہیڈ آفس**

بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور۔ پاکستان

/M.Siddique Al Qadri
/youthintlmagazine.com

Ph.Fax: 042-37210710, Mob: 0364-5115114, 0321-5533385

Website
www.youthintlmagazine.com

پبلشر ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹنگ پریس رائل پارک لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین بالائی منزل 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور پاکستان سے شائع کیا ہے

# برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے 89ویں قومی دن پر پیغام تہنیت

قارئین! ہمارا ادارہ (یوتھ انٹرنیشنل میگزین) بڑے فخر و اعزاز کیساتھ حسب روایات برادر اسلامی فلاحی مملکت سعودی عرب کے 89ویں قومی دن (یوم الوطنی) کے پرمسرت موقع پر اردو، انگلش زبان میں خصوصی شمارہ شائع کررہاہے اس خصوصی ایڈیشن میں خادم الحرمین الشریفین جلالۃ الملک کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود حفظ اللہ کی مدبرانہ قیادت میں تاریخ ساز ترقی، خوشحالی، بین المذاہب میں ہم آہنگی، عالمی قیام امن، دنیا بھر کیساتھ تعلقات بڑھانے، عالمی اور علاقائی امور میں زبردست اقدامات، سعودی عربیہ میں اصلاحات، کرپشن کے خلاف سخت ترین اقدامات، خواتین کو ہر شعبے میں کردار ادا کرنے کی آزادی، خصوصی طور پر ہر شعبہ ہائے زندگی میں تیزی سے بڑھتے ہوئے پاک سعودیہ برادرانہ تعلقات کے بارے رپورٹ، پچھلے سالوں پاکستان میں زلزلہ، سیلاب متاثرین کیلئے سعودی حکومت، برادر عوام کی فراخدلانہ ریلیف اور حج وعمرہ زائرین کو بے شمار سہولتوں اور 18 لاکھ سے زائد پاکستانیوں کو روزگار کی فراہمی، پاکستان میں سعودی سرمایہ کاروں کی بھرپور سرمایہ کاری، اقتصادی شعبے میں سعودی تعاون جیسی اہم معلومات شامل ہیں یہ خصوصی شمارہ پاک سعودیہ برادرانہ تعلقات کے فروغ میں قابل تعریف کاوش ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ قارئین ہماری بھرپور کاوش کو پسند فرمائیں گے۔

قارئین! 23 ستمبر 2019ء سعودی عرب کے 89 ویں قومی دن کی خوشیوں، شادمانیوں کے موقع پر ہم سعودی عرب کے نیک دل ہر دلعزیز مدبر حکمران جلالۃ الملک کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود، سعودی نوجوانوں کے ہر دلعزیز ہیرو کراؤن پرنس محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود، منسٹر آف فارن افیئر عادل الجبیر، چیئرمین حج کارپوریشن جنوبی ایشیا، پاکستان میں متعین سعودی سفارتکاروں سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی، سعودی قونصل جنرل کراچی کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد کا ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور خادم الحرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز کی درازعمری، اچھی صحت وسعودی عرب کے استحکام، ترقی وخوشحالی کیلئے خلوص دل سے دعاگو ہیں پاک سعودی برادرانہ تعلقات کے مزید فروغ کے خواہاں ہیں اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

آپ کی مخلص
**روبینہ قادری**
(ایڈیٹر)





# قرآن حکیم کا عطا کردہ نظامِ حیات ایک معجزہ ہے



مولانا محمد اکرم اعوان

آپ کہہ دیجئے کہ جو کوئی جبرائیل (علیہ اسلام) سے دشمنی رکھے تو یقیناً اس نے آپ کے قلب (اطہر) پر اللہ کے حکم سے اس (قران) کو پہنچایا جو تصدیق کرتا ہے اپنے سے پہلی (کتابوں) کی اور راہنمائی کرتا ہے اور ایمان والوں کو خوشخبری دیتا ہے۔۹۷ جس کسی نے دشمنی کی اللہ سے اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں سے اور جبرائیل اور میکائیل (علیھما السلام) سے تو یقیناً اللہ (ایسے) کافروں کا دشمن ہے۔۹۸ اور یقیناً ہم نے آپ پر واضح دلائل نازل فرمائے اور ان کا انکار صرف بدکار ہی کرتے ہیں۔۹۹ کیا ایسا نہیں ہوتا رہا کہ جب کبھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک طبقے نے اس کو توڑ دیا بلکہ ان میں سے اکثر تو (اس عہد پر) یقین ہی نہیں رکھتے۔۱۰۰ اور جب کبھی اللہ کی طرف سے ان کے پاس کوئی رسول آیا (حالانکہ وہ) جو اِن کے پاس (کتاب) ہے اس کی تصدیق کرتا تھا تو ان اہل کتاب میں سے ایک جماعت نے ان کا انکار کر دیا اللہ کی کتاب کو بھی قابلِ اعتناء نہ سمجھا (پیٹھ پیچھے کر دیا) جیسا کہ وہ جانتے ہی نہ ہوں۔۱۰۱

یہود کی یہ منطق بھی نرالی تھی کہ اگر کوئی اور فرشتہ وحی لاتا تو ہم مان لیتے لیکن جبرائیل امین علیہ السلام نے تو بار ہا ہماری بستیوں کو غرق کیا اور ہم پر عذاب لائے لہٰذا ایسی وحی جو جبرائیل امین علیہ السلام لاتے ہیں اُسے ہم نہیں مانیں گے' اس کے جواب میں اللہ کریم نے فرمایا:

انہیں کہیے' جس کو جبرائیل امین علیہ السلام سے دشمنی ہے وہ یہ بات اچھی طرح سن لے! جبرائیل امین علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے اللہ کا سچا قرآن' آپ ﷺ کے قلب اطہر پہ اُتارا۔ اُس سے پہلے جو اللہ کے وعدے یا جو اللہ کا کلام تھا یہ اس کی تصدیق کرتا ہے۔ زندگی کے تمام شعبوں میں صحیح رہنمائی کرتا ہے۔ اور ایمان لانے والو ں کو خوشخبری سُناتا ہے۔ یعنی جبرائیل امین علیہ السلام نے قصور کیا کیا؟ کہ جو کام بھی کیا ہے اللہ کے حکم سے کیا ہے۔ اگر تمہاری بستی کی طرف تباہی لانے کا سبب بنے تو اُس میں قصوروار جبرائیل امین علیہ السلام نہیں تھے' تم لوگ خود تھے۔ تم نے بُرائیاں کیں اور اللہ نے اُنہیں حکم دیا تو اُنہوں نے تمہیں سزا دی۔ وہ سزا تو اللہ کی طرف سے تھی اور وہی جبرائیل امین علیہ السلام ہیں جو بعثت آقائے نامدار ﷺ سے قبل نورِ ہدایت لائے' تمام ایمان لانے والوں کے لئے خوشخبری لا رہے ہیں۔

قرآن کی تین صفات ہیں جو حق پہلے نازل ہوا اُس کی تائید فرماتا ہے۔ زندگی کے ہر کام میں صحیح رہنمائی فرماتا ہے' **وَهُدًى** کا معنی ہوتا ہے کسی بھی کام کو کرنے کا صحیح طریقہ' قرآن کی دوسری بڑی صفت یہ ہے کہ یہ **وَهُدًى** ہے' یہ زندگی کے ہر کام کو صحیح طریقے سے انجام دینے کا طریقہ بتاتا ہے۔ تیسری صفت یہ ہے کہ ایمان والوں کے لئے خوشخبری ہے' انہیں بشارت دیتا ہے کہ یہ زندگی تو ایک عارضی شے ہے' تمہیں تو اللہ کے حضور جانا ہے۔ وہاں تمہارے لئے بے شمار نعمتیں ہیں' قربِ الٰہی ہے' وصالِ محمدی ﷺ ہے۔

مہبط وحی: آپ ﷺ کے قلبِ اطہر پہ نازل فرمایا' اس کا مطلب ہے کہ مہبطِ وحی قلب ہے۔ انسان کے وجود میں دماغ ہے جو سب سمجھتا ہے' محسوس کرتا ہے' فیصلے کرتا ہے۔ جو فیصلہ دماغ کرتا ہے اعضاء و جوارح ہاتھ پاؤں اُس پہ عمل کرتے ہیں لیکن یاد رہے! دماغ کو فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ دماغ جو کچھ سمجھتا ہے' قلب پر پیش کرتا ہے لیکن فیصلہ قلب ہی کرتا ہے۔ دماغ کو قلب کے بعض فیصلوں سے اختلاف بھی ہوتا ہے۔ بعض اوقات چوری کرنے والے کو اُس کا اپنا دماغ بھی کہتا ہے کہ تو برائی کر رہا ہے لیکن اُس کا دل کہتا ہے کہ کرو اور وہ کرتا ہے۔ جوا کھیلنے والے کو بھی اس کا دماغ سمجھاتا ہے' اُسے بھی سوچ آتی ہے' کہ میں کیوں پیسے برباد کروں لیکن اُس کا دل چاہتا ہے تو وہ کرتا ہے۔ گویا اصل حکمران دل ہے۔ دل ایک گوشت کا لوتھڑا ہے' پمپنگ مشین ہے جو سارے جسم میں خون پہنچاتا ہے لیکن اس کے اندر اللہ نے عالم امر کا ایک لطیفۂ ربانی رکھ دیا ہے جو حقیقی قلب ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بدن میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اذا صلحت صلح الجسد کلہ اگر وہ ٹھیک ہو جائے تو سارا بدن ٹھیک ہو جاتا ہے اذا افسدت اور اگر اُس میں فساد پیدا ہو جائے فسد الجسدُ کُلہ تو سارے وجود میں فساد پیدا ہو جاتا ہے۔

تو دماغ عالی جو تھا نبی کریم ﷺ کا' وہ بھی مخلوق میں یکتا تھا۔ نبی کریم ﷺ کا وجودِ اطہر' ذاتِ اطہر ﷺ' ایک ایک چیز کائنات میں افضل ترین' آپ ﷺ کی نظر' آپ ﷺ کا نطق' آپ ﷺ کی زبان' آپ ﷺ کی بات' آپ ﷺ کا لباس' ہر ہر ادا میں آپ ﷺ کی مثال نہیں۔ اسی طرح دماغ عالی ﷺ بھی بے مثال تھا اور قلبِ اطہر ﷺ جو لطیفۂ ربانی ہے' مہبطِ وحی ہے' وہ مقام ہے جس پر اللہ کا کلام نازل ہوا' اللہ کی وحی نازل ہوئی۔

ذکر خفی: اسی لئے قرآن حکیم (باقی صفحہ 72 پر)


National Day
GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین، سلطنت آف عمان، قطر، کویت، لیبیا، ملائیشیا میں قانونی ذرائع سے روزگار دلانے کا لیڈنگ ادارہ
MAQBOOL GROUP
Lic No # MPD/2787/Karachi
MAQBOOL
Overseas Employment Promoters
Maqbool Travels & Tours
Suit # M-7 Mezzanine Floor, Mehran Estate, Dr Doud Pota Road Near Cantt, Karachi
Govt Lic No: 2669
Tel:+92-21-35622584-5-6 Fax:+92-21-35622585 Direct: +92-21-35220389
Email:maqbooloverseas@hotmail.com Website: www.maqbooloverseas.com
Arshid Qabool
General Manager
Qabool Ahmad
Chief Executive
0302-8221193
0300-8289463


National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Maliki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
89th Saudi National Day
سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، عمان، کویت، لبنان، ملائیشیا و دیگر ملکوں میں ہنر مند بھجوانے کا مثالی ادارہ
AL JADID Manpower Services
Overseas Employment Promoters
Lic # 0795/RWP
Head Office
1-A Iran Road Commercial Block Near Arsh Masjid Satellite Town Rwp
Ph: +92-51-4429025 Fax:+92-51-4580464, Mob:+92-300-8258438
Karachi Office NO. 211, 2nd Floor Business Avenue Block-6
P.E.C.H.S Shahrah-e-Faisal Karachi. +92-21-34522158 Fax:34520208
Email:info@ajms.biz www.ajms.biz
Sardar
M. Sabir Khan
Chairman & CEO
Mob:0300-8258438



Warmest Congratulation
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
سعودی عرب یو اے ای بحرین عمان لیبیا ملائیشیا و دیگر ممالک میں ہنرمندوں کو جاب دلانے کا لیڈنگ ادارہ
Royal Group of Companies
Air View Associates
Lic No # 1808/Khi
Overseas Employment Promoters
www.airviewassociates.com
info@airviewassociates.com
UAN:(021) 111-786-666
Royal Air Travels & Tours
POEPA
IATA
Govt.LicNo1872 B-5 Mehran Estate Dr. Dawood Pota Road Near Cantt, Station Karachi-Pakistan
Tel:+92-21-35655500-05- Fax:+92-21-35655507
Email: royaltravels2000@hotmail.com, nazir@karvaneroyal.com
Nazir Ahmed
Chief Executive
Cell:0300-8220022
Chairman HOAP




89th Saudi National Day
National Day GREETING
On the auspicious occasion of the National Day of the Royal Kingdom of Saudi Arabia, We extend Heartiest Felicitations to our Saudi Brethren 89th National Day of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
سعودی عرب متحدہ عرب امارات عمان و دیگر ملکوں میں پاکستانیوں کو قانونی ذرائع سے بھجوانے کا قابل اعتماد ادارہ
MELHI International Employment
Overseas Employment Promoters
Lic # 1573/RWP
Purani Badshahi Road Link G.T Road Gujrat
Tel:053-3521285, 3524984 Fax:053-3514112
Mobile:0300-9620696 0300-9621285
Ghulam Haider Melhi (Late)
Founder
Nadeem Akhtar Melhi
Chairman
Naseem Haider Melhi
Director Overseas

# سعودی عرب کا قومی دن

## اور پاک سعودیہ تعلقات کا تاریخی جائزہ

ایڈیٹر روبینہ قادری کے قلم سے

سعودی عرب میں آج 23 ستمبر کو مملکت کا قومی دن بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ دن شاہ عبدالعزیز آل سعود کی جانب سے سترہ جمادی الاولی 1351 ہجری کو جاری اس شاہی فرمان کی یاد میں منایا جاتا ہے جس میں مملکت کے بانی نے جدید سعودی ریاست کے تمام حصوں کو "مملکتِ سعودی عرب" کے نام کے تحت یکجا اور متحد کردیا تھا۔

قومی دن کے موقع پر سعودی عرب کے مختلف شہروں اور علاقوں میں ثقافتی، سماجی اور کھیلوں سے متعلق سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ شاہراہوں اور گھروں کو سبز رنگ کے علاوہ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان اوران کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی تصاویر سے سجایا گیا ہے۔

مرحوم فرمانروا شاہ عبدالعزیز آل سعود نے 21 جمادی الاولی 1351 ہجری مطابق 23 ستمبر 1932 بروز جمعرات مملکت سعودی عرب کے قیام کے اعلان کا دن ملک کا قومی دن قرار دیا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیر دفاع شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز نے مملکت سعودی عرب کے 8 9ویں یومِ تاسیس کے موقع پر اپنے پیغام میں باور کرایا ہے کہ "سعودی عرب علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر اپنا فعال اور مؤثر کردار بخوبی ادا کررہا ہے۔ مملکت عالمی امن اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کام کرنے پر بھی کاربند ہے اور تمام انسانیت کی بھلائی کے واسطے ہر ممکن کوشش کررہی ہے"۔

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات وقت گزرنے کے ساتھ اسٹریٹجک پارٹنرشپ میں تبدیل ہوچکے ہیں۔ دفاع، معیشت اور توانائی سمیت متعدد شعبوں میں دونوں ملک ایک دوسرے سے بھرپور تعاون کررہے ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب میں دوستی اور مضبوط تعلقات کی بنیاد 1951 میں ہونے والا معاہدہ بنا۔ سعودی عرب نے 1965 اور 1971 کی جنگوں کے علاوہ سابق سوویت یونین کی افغانستان میں جارحیت کے وقت بھی پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا۔ 1998 میں ایٹمی دھماکوں کے بعد جب پاکستان کو عالمی اقتصادی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا تو سعودی عرب نے ایک سال تک پاکستان کو 50 ہزار بیرل یومیہ تیل ادھار پر فراہم کیا۔ 2005 کے تباہ کن زلزلے، 2010 اور 2011 کے سیلاب کیوقت بھی پاکستان کی بھرپور مالی مدد کی۔ براہ راست مالی امداد کے علاوہ سعودی عرب نے پاکستان میں انفراسٹرکچر، صحت اور تعلیم سمیت فلاحی شعبوں میں کئی منصوبے مکمل کئے۔ اس وقت 26 لاکھ پاکستانی سعودی عرب میں روزگار کمانے کے لئے موجود ہیں۔ انہوں نے 2017-18 میں 4.8 ارب ڈالر کا زرمبادلہ پاکستان بھجوایا جو کہ دنیا بھر سے آنے والی مجموعی ترسیلات زر کا 29 فیصد بنتا ہے۔ موجودہ دور حکومت میں سعودی حکومت نے پاکستانی اسٹیٹ بینک میں 3 ارب ڈالر جمع کرائے، تین سال تک ادھار تیل فراہم کرنے کا معاہدہ کیا جس کی مدت میں توسیع بھی ہوسکتی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین 1982 کے دفاعی تربیت کے معاہدے کے تحت اس وقت پاک فوج کے 1680 افسرو جوان سعودی عرب میں تعینات ہیں جبکہ مزید 1460 افسران و جوانوں کی سعودی عرب روانگی کی حتمی منظوری کا انتظار ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں اس وقت سعودی فورسز کے 77 افسران زیرتربیت ہیں۔

سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان میں 20 ارب ڈالر کے معاہدے ہونے کے بعد دونوں برادر اسلامی ممالک ایک نئے تاریخی اقتصادی شراکت داری کے دور میں داخل ہورہے ہیں جس سے ان کے باہمی تعلقات میں نہ صرف مزید استحکام آئے گا بلکہ باہمی احترام پر مبنی طویل المدت سرمایہ کاری سے مشترکہ خوش حالی وترقی علاقائی استحکام، نئے تزویراتی اور سماجی تعلقات کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ یہ سعودی عرب سے پاکستان کی لازوال محبت کا مظہر ہے۔ خطے کی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جنگ سمیت مختلف امور پر دونوں ملکوں کی قیادت میں ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ سعودی عرب اور پاکستان برادر اور دوست ملک ہیں جو مشکل حالات میں ہمیشہ ساتھ رہے ہیں، سعودی عرب میں سیاحوں کی موجودہ تعداد 80 ملین ہے جس کو سعودی عرب 100 ملین تک توسیع دینا چاہتا ہے، پاکستان اور سعودی عرب باہمی ترقی اور استحکام کے لیے کام کریں گے بلکہ پاکستان اور سعودی عرب مل کر علاقائی اور خطے کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ولی عہد بننے کے بعد شہزادہ محمد بن سلمان اپنے پہلے دورہ پاکستان کے دوران جن خیالات اور تعاون کا اظہار کیا وہ قابل ستائش ہے۔ سعودی عرب نے ہمارے برے معاشی حالات میں مدد کی جو قابل تحسین ہے، پاکستان اور سعودی عرب کے باہمی تعلقات کئی دہائیوں پر مشتمل ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچیں، پاکستان میں سعودی سرمایہ کاری اور شراکت داری سے باہمی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کے دوستی کے رشتوں کے علاوہ سب سے بڑا رشتہ دین کا ہے۔ سعودی عرب میں ہمارا قبلہ بیت اللہ اور ہمارے پیارے آقا محمد عربی ﷺ کا روضہ مبارک ہے۔ یہ وہ فضیلت ہے جو سعودی عرب کو دیگر اسلامی ممالک سے منفرد اور ممتاز بناتی ہے، قیام پاکستان کے فوراً بعد سعودی عرب نے بانی پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناح کو یہ پیغام بھجوایا کہ اسلام کے نام پر بننے والی مملکت اور سعودی عربیہ







جسد واحد کی طرح ہے اور دونوں ممالک کے مفادات مشترک اور دکھ سکھ سانجھے ہیں۔ سعودی عرب کے جتنے بھی فرمانروا آئے انہوں نے پاکستان کے ساتھ اپنی خصوصی محبت اور دلچسپی کا اظہار کیا اور پھر اس کا عملی ثبوت بھی فراہم کیا۔شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے جب عنان حکومت سنبھالی تو انہوں نے پاکستان کو اپنی پہلی ترجیح میں رکھا اور کہا کہ پاکستان ان کا دوسرا گھر ہے، عالمی سطح پر ہونے والے تمام معاہدوں میں پاکستان کو باخبر رکھا اور تقریباً تمام معاملات میں پاکستان کو اپنے ساتھ چلانے اور شریک رکھنے کی کوشش کی گئی۔ پاکستان کے دولخت ہونے کے بعد سعودی عرب نے پاکستان کی بے پناہ مالی مدد کی اور پاکستان کو اپنے قدموں پر کھڑا ہونے میں مدد دی، پاکستان سے لاکھوں کی تعداد میں افرادی قوت منگوا کر کثیر زرمبادلہ کی صورت میں پاکستان کو امداد فراہم کی۔

سعودی عرب اور پاکستان کے مابین پائی جانے والی لازوال دوستی کے بدلے میں پاکستان سعودی افواج کی تربیت کا فریضہ بھی سرانجام دیتا ہے۔ شاہ سلمان نے اقتدار سنبھالنے کے بعد مسلم ممالک کی ایک مشترکہ اتحادی فوج بنانے کا جب فیصلہ کیا تو اس کا پہلا سربراہ بھی انہوں نے پاکستان سے جنرل راحیل شریف کی صورت میں لیا ظاہر ہے یہ بھی ایک بہت بڑا اعزاز ہے کہ امت مسلمہ کی مشترکہ فوج کی قیادت پاکستان کے حصہ میں آئی۔سعودی عرب میں پاکستان کے مختلف شعبوں میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری بھی کر رکھی ہے جس سے پاکستانی معیشت کو مضبوط ہونے میں کافی مدد ملی ہے۔سعودی عرب کی معیشت دنیا کی 20 اعلیٰ معیشتوں میں سے ایک ہے۔ دنیا کے ثابت شدہ پٹرولیم ذخائر کے تقریباً 16 فیصد رکھنے اور سب سے زیادہ پٹرولیم برآمد کرنے والا سعودی عرب آج دنیا کا سب سے بڑا پٹرولیم ایکسپورٹر ہے۔سعودی عرب کے شاہ سعود بن عبدالعزیز نے بحیثیت ولی عہد کراچی کا دورہ کیا تھا، وہ تیل کی دولت سے مالا مال ملک کے پہلے بادشاہ تھے جنھوں نے 1954 میں پاکستان کا سرکاری دورہ کیا تھا۔لہذا پاکستان کے بانیوں اور سعودی عرب کے درمیان دوستی کا تعلق اپریل 1940 سے شروع ہوگیا تھا۔ 1954 میں شاہ سعود نے کراچی میں ایک ہاؤسنگ سکیم کا سنگِ بنیاد رکھا، اس ہاؤسنگ پراجیکٹ کو ان کے نام پر سعود آباد نام دیا گیا۔شاہ فیصل بن عبدالعزیز جنھوں نے 1962 میں اس وقت سعودی عرب میں غلامی کو ختم کیا جب وہ اپنے بھائی شاہ سعود کی حکومت کے دوران ولی عہد کیطور پر خدمات سرانجام دے رہے تھے، وہ پہلی بار اپریل 1966 میں پاکستان کے دورے پر آئے۔شاہ فیصل کے اس تاریخی دورہ سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوئے۔ 1965 میں پاک بھارت جنگ کے تین سال بعد 1968 میں شاہ سلطان بن عبدالعزیز جو اس وقت کے سعودی وزیر برائے دفاع اور ایوی ایشن تھے، نے پاکستان کا دورہ کیا اور دوطرفہ دفاعی تعاون پروٹوکول طے کیا۔

پاکستان کا اسلامی ممالک کی تنظیم (او آئی سی) کے قیام میں کلیدی کردار رہا ہے۔ اس تنظیم کے قیام کی تجویز شاہ فیصل کو رابطہ عالم اسلامی کے پلیٹ فارم سے دی گئی تھی۔شاہ فیصل نے (او آئی سی) کی تنظیم کے لیے اسلامی ممالک کا دورہ ساٹھ کے عشرے میں کیا تھا۔شاہ فیصل پاکستان آئے تو ان کا سرکاری اور عوامی سطح پر جو فقید المثال والہانہ استقبال ہوا تھا اس کی کوئی دوسری مثال پاکستان میں چین کے وزیراعظم چو این لائی کے استقبال کے علاوہ نہیں ملتی۔ تاہم پاکستان نے سرکاری اور عوامی سطح پر شاہ سعود بن عبدالعزیز سے لیکر ہر سعودی حکمراں اور ولی عہد کا شاندار خیر مقدم کی روایت کو برقرار رکھا ہے۔ پاکستان کو ساٹھ کے عشرے میں بیت اللہ کا غلاف تیار کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہوا تھا۔) سعودی عرب نے اس وقت تک اپنے ملک میں غلاف کعبہ تیار کرنے کا کارخانہ قائم نہیں کیا تھا(۔اس وقت تک مصر سے غلاف کعبہ تیار کرایا جاتا تھا۔مصر کے ساتھ سعودی عرب کے تعلقات میں کشیدگی انتہا کو پہنچی تو مصر میں غلاف کعبہ کی تیاری ناممکن ہوگئی تھی جس کے بعد رابطہ عالم اسلامی کی تجویز پر شاہ فیصل نے غلاف کعبہ تیار کرانے کے لیے حکومت پاکستان سے رجوع کیا تھا۔

جب شاہ فیصل نے 1973 میں مغربی دنیا کو تیل کی سپلائی روک دی تھی تب اس وقت کے امریکی وزیرِ خارجہ ہنری کسنجر بادشاہ کے پاس آئے اور کہا: اگر سعودی عرب نے امریکا کا بائیکاٹ ختم نہ کیا تو امریکا آئے گا اور تیل کے تمام کنوؤں پر بمباری کردیگا، شاہ فیصل نے جواب دیا: تم لوگ تیل کے بغیر نہیں رہ سکتے۔تم جانتے ہو کہ ہم صحرا کے لوگ ہیں اور ہمارے آباؤاجداد کھجوروں اور دودھ پر گزارہ کرتے تھے، لہذا ہم واپس جائیں گیاور دوبارہ اسی طرح رہیں گے۔

شاہ فیصل نے مغربی دنیا کی جانب سے اسرائیلی کی حمایت کرنے پر ورلڈ مارکیٹ سے تیل واپس لے لیا تھا۔ پاکستان کی شاہ فیصل سے خاص محبت تھی۔اپنے ملک کے تیسرے بڑے شہر (لائل پور) کا نام بھی سعودی فرمانروا شاہ فیصل بن عبدالعزیز کے نام کردیا آج یہ شہر پاک دوستی کی ایک مثال کے طور پر فیصل آباد کہلاتا ہے۔اسی طرح کراچی میں پاکستان ایئرفورس کی دو بڑی ایئربیسز میں سے ایک پی اے ایف بیس کو فیصل کے نام پر منسوب کیا گیا۔1974 میں شاہ فیصل کی اسلامی سربراہی میں شرکت کے بعد کراچی کی معروف شاہراہ کو آپ کے نام پر شاہراہ فیصل کا نام دیا گیا۔

وہ سعودی عرب کے بانی شاہ عبدالعزیز کے تیسرے بیٹے تھے۔

اسی طرح اکتوبر 2003 میں شاہ عبداللہ نے بطور ولی عہد پاکستان کا سرکاری دورہ کیا تھا۔ شاہ عبداللہ کے عہد بادشاہت میں پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے تھے۔ جب پاکستان پر اقتصادی پابندیاں عائد کردی گئی تھیں تو یہ شاہ عبداللہ ہی تھے جنہوں نے پاکستان کی ہر طرح مدد کی تھی۔

پاکستان کے سعودی عرب سے تعلقات کی نوعیت کس سطح پر استوار رہے اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ سعودی حکومت نے پاکستان کے سوا کسی دوسرے اسلامی ملک کے سربراہ کو سرکاری دورہ پر مکہ مدینہ میں گھر کا تحفہ پیش نہیں کیا۔ 1953 میں پاکستان کے گورنر جنرل ملک (باقی صفحہ 72 پر)

# سعودی ویژن 2030





تحسین القادری کے قلم سے

# سعودی عرب تیزی سے دن دگنی رات چوگنی ترقی کی جانب گامزن

موجودہ خادم الحرمین شریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود کی جرات مندانہ ولولہ انگیز قیادت میں سعودی عرب ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔ ملک کے مستقبل کو مزید روشن اور تابناک بنانے کیلئے کنگ سلمان کی گائیڈنس میں پوری سعودی قیادت مصروف جدوجہد ہے تاکہ سعودی مملکت کی ینگ جنریشن اور آنے والی نسل کو مضبوط اور خوشحال مستقبل دیا جائے۔ سعودی قوم سکون اور آرام کی زندگی بسر کرسکیں۔ خادم الحرمین الشریفین کنگ سلمان سعودی عرب کو دنیا کا عظیم اور خوشحال ترین ملک بنانے بڑے جراتمندانہ اقدامات کررہے ہیں تاکہ سعودی عرب دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا ہو۔ سعودی شاہی خاندان لاکھوں حاجیوں اور عمروزائرین کو جو قابل تعریف سہولتیں فراہم کررہا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے سعودی حکومت اللہ کے مہمانوں کی ہر ممکن طریقے سے دیکھ بھال کررہی ہے۔ سعودی عرب بارے اس وقت جو منفی پروپیگنڈا میڈیا کے ذرئع و ابلاغ میں کیا جارہا ہے جو لوگ اور ملک اس زہریلے پروپیگنڈے کو ہوا دے رہے ہیں۔ وہ سعودی عرب ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کے خلاف خطرناک سازش کررہے ہیں کیونکہ سعودی قیادت ہی امت مسلمہ کو بہترین لیڈرشپ فراہم کر رہی ہے۔ روحانی اعتبار سے سعودی عرب ہی مسلمانوں کا اصل مرکز ہے۔ حرمین شریفین کی موجودگی اس مملکت پر اللہ احسان عظیم ہے۔

سعودی عرب کو قومی ترقی اور خوشحالی میں بھرپور کردار ادا کرنے کیلئے کنگ سلمان کی گائیڈنس میں کراؤن پرنس محمد بن سلمان نے 25 اپریل 2016ء کو سعودی ویژن 2030ء متعارف کروایا ہے۔ سعودی ویژن 2030 سعودی عرب کو ملکی' علاقائی' بین الاقوامی' سیاسی' معاشی' سوشل سیکٹر میں درپیش چیلنجز کا بھرپور مقابلہ کرے گا تاکہ سعودی عرب اپنی ترقی اور خوشحالی کیلئے دنیا میں بہترین ساکھ برقرار رکھ سکے۔ اس ویژن کو کامیاب بنانے کیلئے سعودی حکمران اور انتظامیہ بہت برق رفتاری سے کام کررہی ہے۔ ابھی تک سعودی معیشت کا دارومدار آئل پر ہے۔ G20 کا ممبر سعودی عرب ہے۔ اس لیے اسے آئل انڈسٹریز کے ساتھ چلنا اشد ضروری ہے۔ جہاں آئے دن تیل کی قیمتوں کا اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے جس سے اپنے مستقبل کے بڑے پراجیکٹس چلانا مشکل ہوتا ہے۔ حالیہ تیل کے بحران میں بین الاقوامی سطح پر تیل کی پروڈکشن اور پرائسز کے اتار چڑھاؤ کی بنا پر ملکی معیشت اور جاری بڑے پراجیکٹ متاثر ہوئے ہیں۔ آئل کرائسز کی وجہ سے سعودی عرب کو بجٹ 2015ء میں 367 ملین کا ریکارڈ خسارہ ہوا۔ بین الاقوامی مالیاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق اگر سعودی حکومت نے اس بحران پر خصوصی توجہ نہ دی تو سعودی معیشت مزید نقصان اٹھانے کا خدشہ ہے اور خدانخواستہ 2020ء میں ملک بنک کرپسی کی طرف جانے کا شدید اندیشہ ہے۔ یہ صورتحال سعودی عرب جیسے اہم ترین ملک کیلئے ہرگز بہتر نہیں اس معاشی صورتحال کو دیکھتے ہوئے سعودی عرب کی نوجوان باہمت قیادت نے کنگ سلمان کی مدبرانہ گائیڈنس میں کراؤن پرنس محمد بن سلمان بن عبدالعزیز نے سعودی ویژن 2030ء متعارف کروایا ہے جس کے مطابق حکومت کے تیل آمدنی کے علاوہ 163 بلین ریال سے لے کر ایک سو ٹریلین سعودی ریال تک اضافہ ہوگا۔ پرائیویٹ سیکٹر کی آمد میں 40 سے 50 فیصد ڈی جی پی' براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں بین الاقوامی معیار میں اضافہ' سعودی اقتصادی معیشت کو آئل کی انکم سے الگ کر کے اپنی پاؤں پر کھڑا کرنے کے بڑے دلیرانہ فیصلے کیے گئے ہیں جس کے تحت اسلامی سیاحتی اقدامات

(باقی صفحہ 69 پر)



# مملکت سعودی عرب اور پاکستان





بحراللہ ہزاروی کے قلم سے

23 ستمبر کا دن مملکت سعودی عرب کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے۔ اس دن کی مناسبت سے نہ صرف سعودی عرب میں اسے خصوصی طور منایا جاتا ہے بلکہ دنیا بھر اور خاص کر پاکستان میں بھی اس دن کی مناسبت سے تقریبات ہوتی ہیں اور عزت مآب سفیر مملکت سعودی عرب بھی اس دن کی مناسبت سے ہر سال پاکستانی عوام اور زعماء کو اس دن کی تقریبات میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں اور تمام مہمان اپنے لئے باعث فخر سمجھتے ہیں کیونکہ مملکت سعودی عرب ایک عام ملک نہیں ہے بلکہ حرمین شریفین کی سرزمین ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان جو تعلقات ہیں اور دو ملکوں کے درمیان کوئی عام تعلقات نہیں ہیں بلکہ پاکستان کی تاسیس سے لے کر آج تک ان تعلقات میں ہمیشہ اضافہ ہوا ہے۔ مملکت سعودی عرب وہ سرزمین جہاں اللہ تعالیٰ کا گھر ہے جس کی طرف مسلمان منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں اور روضہ رسولؐ ہے۔ پاکستان کے غیور عوام اس سرزمین سے محبت اور یگانگت کو اپنے ایمان کا جزو سمجھتے ہیں اور اس سرزمین سے محبت پر فخر کرتے ہیں۔ پاکستانی عوام نے ہمیشہ مملکت سعودی عرب اور اس کی قیادت سے محبت کا ہر موقع پر بھرپور اظہار کیا جاتا ہے۔

پاکستانی عوام اور حکومت مملکت سعودی عرب کے سفیر عزت مآب جناب نواف بن سعید المالکی کے شکر گزار ہیں کہ ان کو پاکستان میں بحیثیت سفیر مملکت سعودی عرب بہت کم عرصہ ہوا ہے لیکن دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو فروغ دینے میں انہوں نے بہت زیادہ محنت کی ہے اور 27 جولائی 2018 کو انہوں نے عمران خان سے ملاقات کر کے ان کو سعودی قیادت کی جانب سے عام انتخابات میں اکثریت حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی اور پھر وزیر اعظم پاکستان کے مملکت سعودی عرب کے ہر دورہ میں خود موجود رہے ہیں۔ رمضان میں جب وہ مکہ مکرمہ میں اسلامی سربراہی کانفرنس میں شرکت کیلئے جس فلائٹس سے سعودی عرب جا رہے تھے اتفاق سے اس فلائٹ میں میں بھی وفاقی وزیر مذہبی امور محترم ڈاکٹر پیر نور الحق قادری کے ہمراہ تھا اور اتفاق سے جہاز میں میری سیٹ عزت مآب سفیر المالکی کے ساتھ تھی اور پورے راستہ میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کے بارے میں بات کرتے رہے۔ یہ حقیقت ہے کہ عزت مآب المالکی جب بھی مملکت سعودی عرب اور پاکستان کے تعلقات کا ذکر کرتے ہیں تو وہ جذباتی ہو جاتے ہیں اور یہ ایک اور سچے مسلمان کی نشانی ہے۔ نئی حکومت قائم ہونے کے بعد ہر قومی تقریب میں وہ ممتاز نظر آئے اور ان ہی کے دور میں ہز رائل ہائنس پرنس محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود ولی عہد کے کامیاب دورہ پاکستان کے مناظر اب تک پاکستانیوں کے ذہنوں سے محو نہیں ہوئے ہیں۔ مملکت سعودی عرب کے ہردلعزیز ولی عہد شہزادہ محمد بن عبدالعزیز آلسعود کا آخری دورہ پاکستان اس لحاظ سے منفرد تھا کہ پاکستانی عوام نے مملکت اور اس کی قیادت سے بھرپور محبت کا اظہار کیا لیکن مملکت سعودی عرب کے ولی عہد نے وزیر اعظم پاکستان سے یہ جملہ کہہ کر کہ میں سعودی عرب میں پاکستان کا سفیر ہوں۔ یہ جملہ کوئی عام جملہ نہیں تھا بلکہ یہ مملکت سعودی عرب کے ولی عہد کے الفاظ تھے اور پاکستان کے ہر حلقے میں اس جملہ کا خیر مقدم کیا گیا۔

مملکت سعودی عرب کے بانی اور خادم حرمین شریفین شاہ سلمان کے والد شاہ عبدالعزیز آلسعود نے چند جانثار ساتھیوں کے ہمراہ کویت سے جہاں وہ جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں ریاض آ کر اور ریاض میں مصمک نامی قلعہ کو فتح کر لیا اور انہوں نے آباؤ اجداد کی اس سرزمین کو دوبارہ حاصل کیا جہاں وہ جلاوطن ہو گئے تھے۔ شاہ عبدالعزیز آلسعود کی کامیابی صرف ان کی ذاتی کامیابی نہیں تھی یا اس کے خاندان کی نہ تھی یا ان جانثار ساتھیوں کی جنہوں نے ان کا ساتھ دیا تھا بلکہ یہ دعوت اسلامیہ کی کامیابی تھی جس پر ہمارے عقیدے کی بنیاد ہے اور وہ ہے کلمہ توحید۔ اس وقت جزیرہ عرب میں جاہلیت زوروں پر تھی ہر طرف فقر و فاقہ تھا قبائل کے درمیان لڑائیاں عام تھیں اور امن و امان مفقود تھی اور ڈاکوؤں اور لٹیروں کو کھلی آزادی تھی اور ان کا ہاتھ روکنے والا کوئی نہ تھا مواصلات کے نام سے کوئی واقف نہ تھا اور حجاج کو بھی بے پناہ تکلیف درپیش تھی، حجاج کرام ایک جگہ سے دوسری جگہ تک جانے کیلئے ہمیشہ ڈاکوؤں سے خوف زدہ رہتے تھے لیکن شاہ عبدالعزیز آلسعود کے آنے کے بعد ایسا امن نصیب ہوا جس کی مثال تاریخ میں ملنا مشکل ہے۔ یہ جہالت کے خلاف کامیابی تھی یہ توحید اور کلمہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کو بلند کرنے کی کامیابی تھی یہ وہ کامیابی تھی جس پر آج ہر عمرہ کرنے والا اور حج پر جانے والے کی دل سے دعائیں نکلتی ہیں یہ امن و امان کی کامیابی تھی یہ قتل و غارت گری کے خلاف جدوجہد کی کامیابی تھی۔

میں جب شاہ عبدالعزیز آلسعود پر کتاب لکھنے کیلئے جتنی ریسرچ کی ہے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ شاہ عبدالعزیز آلسعود ایک مضبوط اعصاب کے مالک تھے اور اللہ تعالیٰ پر ان کا غیر متزلزل ایمان تھا۔ ☆☆

# سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر تقریب کی تصویری جھلکیاں













# سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر تقریب کی تصویری جھلکیاں
















# Saudi Arabia
## Celebrates its 89th National Day



Saudi Arabia celebrates on Monday its 89th national day, marking when founder King Abdul bin Abulrahman al-Saud declared the unification of the country, naming it the Kingdom of Saudi Arabia.

After a 32-year struggle, the unification set in place the foundations of the country, which has become, under Custodian of the Two Holy Mosques, a major player on the international scene.

Several world leaders congratulated Custodian of the Two Holy Mosques King Salman bin Abdulaziz and Crown Prince Mohammed bin Salman, Deputy Prime Minister and Minister of Defense, on the occasion.

Abu Dhabi Crown Prince Sheikh Mohammed bin Zayed underscored the strong historic relations and strategic partnership between Saudi Arabia and the United Arab Emirates.

“We have a united vision on current and future challenges. We operate according to the inevitability of standing together united to protect the security and stability of the region and confront the dangers and threats against it,” he tweeted.

Yemeni President Abdrabbuh Mansur Hadi hailed the major efforts Saudi Arabia is exerting towards his country, saying it has constantly supported the people of Yemen as part of the Arab coalition. “We are proud of the massive sacrifices the Kingdom has presented to Yemen, its land and people,” he added. “These sacrifices represent the united identity, goal and fate that bind us.” He stressed that Yemen will remain an unwavering ally to Saudi Arabia against challenges, most notably Iranian efforts aimed at destabilizing the Kingdom.

US Ambassador to Saudi Arabia John Abizaid said the occasion marks the strength of relations between Riyadh and Washington. These ties were bolstered to achieve joint economic and political goals.

The relations, he remarked, are better than ever. The two countries have supported each other over the decades and Washington looks forward to many more years of fruitful partnership to come in the future, he added.

Arab rulers, including Bahrain's King Hamad bin Isa Al Khalifa, King Abdullah II of Jordan and Emir of Kuwait Sheikh Sabah al-Ahmed al-Jaber al-Sabah sent cables of congratulations to the Saudi leaders on the occasion of national day

# سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر مختلف شخصیات کے اہم پیغامات



## صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب عارف علوی کا پیغام

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب عارف علوی نے سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو ہر دور میں عروج حاصل رہا ہے اور کبھی ایسا دیکھنے میں نہیں آیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین تعلقات خراب ہوئے ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ سعودی عرب پاکستان کا مخلص برادر ملک ہے اور کبھی ایسا نہیں ہوا کہ پاکستان پر کوئی مصیبت آئی ہو اور سعودی عرب نے اس کا ساتھ نہ دیا ہو۔ 18 لاکھ سے زائد پاکستانی سعودی عرب میں مقیم ہیں جو پاک سعودیہ دوستی کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ ہم سعودی عرب کے 89 ویں قومی دن کے موقع پر کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود ' کراؤن پرنس' محمد بن سلمان آلسعود، سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی اور برادر سعودی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ سعودی عرب اسی طرح دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتا رہے۔



## وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب عمران خان کا پیغام

وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب عمران خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین جو مضبوط تعلقات قائم ہیں ان کی نظیر ملنا محال ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی میں ثابت قدم رہے ہیں۔ سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستانی حکومت اور پاکستانی قوم کا ساتھ دیا ہے اس کے علاوہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں جتنا کردار سعودی عرب نے ادا کیا ہے اور اب تک کر رہا ہے شاید ہی کسی اور ملک نے وہ کردار ادا کیا ہو اسی طرح سے سعودی عرب سے ہمارا دینی رشتہ بھی قائم ہے اس لحاظ سے پاکستانیوں کے دلوں میں سعودی عرب کی حکومت کی عزت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89 ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود ' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## اپوزیشن لیڈر، رکن قومی اسمبلی میاں محمد شہباز شریف صدر مسلم لیگ (ن) کا پیغام

اپوزیشن لیڈر، رکن قومی اسمبلی میاں محمد شہباز شریف صدر مسلم لیگ (ن) نے سعودی عرب کے 89 ویں قومی دن کے موقع پر کہا کہ سعودی عرب پاکستان کا برادر اسلامی ملک ہے اور دنیا بھر کے مسلمانوں کا روحانی مرکز بھی ہے موجودہ سعودی فرمانروا سلمان بن عبدالعزیز آلسعود اور ولی عہد پرنس محمد بن سلمان آلسعود کے دور حکومت میں سعودی عرب بے مثال ترقی و خوشحالی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کو بہت زیادہ اہمیت دے کر ہر خوشی و غمی و تکلیف میں ساتھ دے کر ثابت کر دیا ہے کہ وہ پاکستان کا عظیم برادر ملک ہے سعودی عرب اسلام کا قلعہ ہے پاکستانی سعودی عرب میں خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ ہم سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود، ولی عہد پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ سعودی عرب ہمیشہ کی طرح دن دگنی رات چوگنی ترقی کرتا رہے۔



## معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات محترمہ فردوس عاشق اعوان صاحبہ کا پیغام

معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات محترمہ فردوس عاشق اعوان صاحبہ نے سعودی عرب کے قومی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہم ہر غمی و خوشی کے موقع پر سعودی عرب کے ساتھ ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا بھر میں جتنے بھی ممالک ہیں ان میں سے سعودی عرب پاکستان کا سب سے پہلا دوست ہے جس نے سب سے پہلے پاکستان کو تسلیم کیا تھا۔ دونوں ممالک کی عوام بھی ایک دوسرے سے بہت محبت کرتے ہیں جس کی واضح مثال پاکستان میں آنے والے خوفناک زلزلے اور سیلاب کے بعد سعودی حکومت اور سعودی عوام کی طرف سے پاکستان کی عوام کیلئے بے لوث خدمات کی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے جس کو پاکستانی عوام کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ ہم سعودی عرب کے 89 ویں قومی دن کے موقع پر کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' ولی عہد پرنس محمد بن سلمان آلسعود، سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## وزیراعلیٰ پنجاب جناب عثمان بزدار کا پیغام

وزیراعلیٰ پنجاب جناب عثمان بزدار نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے تاثرات میں کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے تعلقات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں ہر کوئی یہ بات جانتا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی پر ہمیشہ پورے اترے ہیں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کے حوالے سے کچھ کہنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے کا تعلق ہو' پاکستان پر کوئی قدرتی آفات آئی ہوں یا کوئی اور مسئلہ ہو سعودی عرب نے پاکستانی حکومت اور عوام کی بھرپور مدد کی ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔ ہم سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود' سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ خوشی کے اس موقع پر ہم سعودی انویسٹرز کو پنجاب میں سرمایہ کاری کرنے کا بھرپور موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔



## وزیراعلیٰ سندھ جناب سید مراد علی شاہ کا پیغام

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ سعودی عرب کا قومی دن تمام امت مسلمہ کیلئے باعث رحمت ہے لہٰذا ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم الحرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود، سعودی قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ سعودی حکومت اور خادم الحرمین الشریفین جس طرح سے مسلمانان عالم کی خدمت میں مصروف عمل ہیں اللہ انہیں اس کا اجرعظیم عطا فرمائے۔ کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود کی مدبرانہ قیادت میں سعودی حکومت دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے امید کی کرن ہے پاکستان اور سعودی عرب نے مشکل وقت میں ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا ہے دونوں ممالک دوستی کے لازوال رشتے سے منسلک ہیں۔ پاکستان کیلئے سعودی عرب اور سعودی حکومت بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔



## وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا جناب محمود خان کا پیغام

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ سعودی عرب پاکستان کا عظیم دوست ملک ہے جس سے ہمارے روحانی، قلبی، مذہبی اور تاریخی رشتے ہیں اور سعودی عرب نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے جو پاک سعودی دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ سعودی عرب ہر سال لاکھوں پاکستانیوں کو ملازمتیں فراہم کر کے پاکستان کی معاشی شعبے میں بھرپور مدد کر رہا ہے۔ ہم سعودی سرمایہ کاروں کو خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہیں ہماری حکومت انہیں بھرپور سہولتیں فراہم کرے گی۔ انہوں نے اس خوشی کے موقع پر کہا کہ ہم سعودی فرمانروا خادم الحرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود' سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی' قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## وزیراعلیٰ بلوچستان جناب جام کمال کا پیغام

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین جو مضبوط تعلقات قائم ہیں دنیا بھر میں ان کی نظیر ملنا محال ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی میں ثابت قدم رہے ہیں۔ سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستانی حکومت اور پاکستانی قوم کا ساتھ دیا ہے۔ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں جتنا کردار سعودی عرب نے ادا کیا ہے اور اب تک کر رہا ہے شاید ہی کسی اور ملک نے وہ کردار ادا کیا ہو۔ ہم توقع رکھتے ہیں سعودی سرمایہ کار انڈسٹریل سیکٹر میں پاکستان میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کرینگے۔ اس موقع پر ہم خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں خوشی کے اس موقع پر ہم سعودی انویسٹرز کو یقین دلاتے ہیں کہ انہیں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے دوران بھرپور سہولتیں اور تحفظ فراہم کریں گے۔



## وزیراعلیٰ گلگت بلتستان جناب حافظ حفیظ الرحمٰن کا پیغام

گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ حافظ حفیظ الرحمٰن نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب دو بھائیوں کی طرح ہیں جس طرح ایک بھائی کو تکلیف ہوتی ہے تو دوسرا بھی پریشان ہو جاتا ہے اسی طرح سے اگر سعودی عرب پر کوئی برا وقت آتا ہے تو پاکستان حکومت اور پاکستانی قوم کو بھی بہت تکلیف ہوتی ہے اور اگر پاکستان پر کوئی برا وقت آتا ہے تو سعودی عرب بھی اس تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتا ہے۔ سعودی عرب نہ صرف پاکستان کا سچا دوست ملک ہے بلکہ سعودی عرب سے پاکستان کا گہرا مذہبی رشتہ بھی قائم ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود' کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## ہر دلعزیز شخصیت، چیئرمین پوپا سرفراز ظہور چیمہ مینجنگ ڈائریکٹر برکھا انٹرنیشنل کا پیغام

ہر دلعزیز شخصیت، چیئرمین پوپا سرفراز ظہور چیمہ مینجنگ ڈائریکٹر برکھا انٹرنیشنل نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کہا کہ سعودی عرب کا 89واں قومی دن امت مسلمہ کیلئے خوشی کا دن ہے سعودی عرب کو جو حیثیت کرہ ارض پر حاصل ہے وہ کسی بھی خطے کو نہیں اس کی اہمیت کے برابر کوئی اور جگہ ہو ہی نہیں سکتی یہ سرزمین مسلمانوں کی جان ہے اور اپنی جان سے ہر شخص محبت کرتا ہے اسی لیے مملکت سعودی عرب کا قومی دن مسلمانوں کے لیے خوشی کا باعث ہے اور اس دن کو اپنے قومی دن کے مطابق سمجھتے ہیں اسلامی جمہوریہ پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے تعلقات بہت مضبوط ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کو اہمیت دی ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان سے بہت زیادہ مین پاور سعودی عرب ایکسپورٹ ہوتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعوذ سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی، قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## معروف کاروباری شخصیت محمد یحیٰی پولانی چیئرمین پولانی گروپ آف کمپنیز کا پیغام

معروف کاروباری شخصیت محمد یحیٰی پولانی چیئرمین پولانی گروپ آف کمپنیز نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین جو مضبوط تعلقات قائم ہیں ان کی نظیر ملنا محال ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی میں ثابت قدم رہے ہیں۔ سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستانی حکومت اور پاکستانی قوم کا ساتھ دیا ہے اس اعتبار سے ہم پاکستانی سعودی عرب کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں اس کے علاوہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں جتنا کردار سعودی عرب نے ادا کیا ہے اور اب تک کر رہا ہے شاید ہی کسی اور ملک نے وہ کردار ادا کیا ہو اسی طرح سے سعودی عرب سے ہمارا دینی رشتہ بھی قائم ہے اس لحاظ سے پاکستانیوں کے دلوں میں سعودی عرب کی حکومت کی عزت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعود، کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود، سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی، قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## بین الاقوامی شہرت یافتہ مذہبی سکالر، سفینۃ الحجاج کے چیف ایگزیکٹو الحاج منیر احمد انصاری کا پیغام

خوش اخلاق، ملنسار، ہر دلعزیز بین الاقوامی شہرت یافتہ مذہبی سکالر، سفینۃ الحجاج کراچی کے چیف ایگزیکٹو الحاج منیر احمد انصاری سابق چیئرمین پاکستان حج کمیٹی نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سعودی حکومت اور سعودی عوام بھرپور مبارکباد کی مستحق ہے پاکستان اور پاکستانی عوام کیلئے سعودی عرب کی جو خدمات ہیں ان سے کسی بھی طور پر انکار نہیں کیا جاسکتا سعودی عرب اور ان کی عوام نے ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا جب پاکستان میں زلزلہ آیا اور اس کے بعد سیلاب نے تباہی مچائی اس وقت سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے جس یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور پاکستانی عوام کی جس قدر مدد کی اس کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا اسی طرح سے مین پاور کی سعودی عرب میں جب ڈیمانڈ ہوتی ہے تو وہ پاکستان سے لینے کو ترجیح دیتا ہے اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ سعودی عرب پاکستان کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ہم قومی دن کے موقع پر خادم الحرمین شریفین سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعوذ سعودی سفیر، قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## چیئرمین لائن گروپ کراچی / کوئٹہ زون محمد عثمان چیئرمین عثمان گروپ آف کمپنیز کا پیغام

ہر دلعزیز شخصیت، چیئرمین لائن گروپ کراچی / کوئٹہ زون محمد عثمان چیئرمین عثمان گروپ آف کمپنیز نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کہا کہ سعودی عرب کا 89واں قومی دن پاکستانیوں کیلئے خوشی کا دن ہے سعودی عرب کو جو حیثیت کرہ ارض پر حاصل ہے وہ کسی بھی خطے کو نہیں اس کی اہمیت کے برابر کوئی اور جگہ ہو ہی نہیں سکتی یہ سرزمین مسلمانوں کی جان ہے اور اپنی جان سے ہر شخص محبت کرتا ہے اسی لیے مملکت سعودی عرب کا قومی دن مسلمانوں کے لیے خوشی کا باعث ہے اور اس دن کو اپنے قومی دن کے مطابق سمجھتے ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کو اہمیت دی ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان سے بہت زیادہ مین پاور سعودی عرب ایکسپورٹ ہوتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ، کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## معروف کاروباری شخصیت عامر علی میمن چیئرمین الاہداف ریکروٹمنٹ کا پیغام

معروف کاروباری شخصیت عامر علی میمن چیئرمین الاہداف ریکروٹمنٹ نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ سعودی عرب پوری امت مسلمہ کی عظمت واتحاد کا درخشاں نشان ہے پاکستان کیساتھ سعودی عرب کے انتہائی برادرانہ تعلقات ہیں۔ سعودی عرب ہر سال لاکھوں پاکستانی حج وعمرہ زائرین کو قابل تعریف سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری حکومت اور عوام سعودی عرب کے قومی دن کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔ حاجیوں کیلئے قابل تعریف اقدامات کرنے پر ہم سعودی فرمانروا جلالۃ الملک سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد محمد بن سلمان آلسعوذ، سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی، سعودی قونصل جنرل کراچی اور سعودی عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے دعا گو ہیں اور قومی دن پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## بزنس مین وسوشل شخصیت‘ مقبول برادرز‘ مقبول گروپ کے چیف ایگزیکٹو قبول احمد کا پیغام

کراچی کے ہردلعزیز معروف بزنس مین وسوشل شخصیت‘ مقبول اوورسیز اور مقبول گروپ کے چیف ایگزیکٹو قبول احمد‘ سابق سنٹرل چیئرمین ہوپ‘ سینئر رہنما پرموٹرز ویلفیئر فاؤنڈیشن گروپ نیسعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر اپنے تاثرات میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین جو مضبوط تعلقات قائم ہیں ان کی نظیر ملنا محال ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی میں ثابت قدم رہے ہیں۔ سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستانی حکومت اور پاکستانی قوم کا ساتھ دیا ہے۔اس کے علاوہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں جتنا کردار سعودی عرب نے ادا کیا ہے اور اب تک کر رہا ہے شاید ہی کسی اور ملک نے وہ کردار ادا کیا ہو اسی طرح سے سعودی عرب سے ہمارا دینی رشتہ بھی قائم ہے اس لحاظ سے پاکستانیوں کے دلوں میں سعودی عرب کی حکومت کی عزت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود، سعودی قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## معروف بزنس مین شخصیت ،ٹرسٹ گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین ارشاد احمد قریشی کا پیغام

ٹرسٹ گروپ آف کمپنیز کے روح رواں ارشاد احمد قریشی نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کہا کہ سعودی عرب کا 89واں قومی دن پاکستانیوں کیلئے خوشی کا دن ہے سعودی عرب کو جو حیثیت کرۂ ارض پر حاصل ہے وہ کسی بھی خطے کو نہیں اس کی اہمیت کے برابر کوئی اور جگہ ہو ہی نہیں سکتی یہ سرزمین مسلمانوں کی جان ہے اور اپنی جان سے ہر شخص محبت کرتا ہے اسی لیے مملکت سعودی عرب کا قومی دن مسلمانوں کے لیے خوشی کا باعث ہے اور اس دن کو اپنے قومی دن کے مطابق سمجھتے ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کو اہمیت دی ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان سے بہت زیادہ مین پاور سعودی عرب ایکسپورٹ ہوتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین الشریفین کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## ہردلعزیز کاروباری شخصیت ،فرینڈز انٹرنیشنل گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین سعید عزیز خان کا پیغام

ہردلعزیز کاروباری شخصیت ،فرینڈز انٹرنیشنل گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین سعید عزیز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین جو مضبوط تعلقات قائم ہیں ان کی نظیر ملنا محال ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات ہر آزمائش کی گھڑی میں ثابت قدم رہے ہیں۔ سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستانی حکومت اور پاکستانی قوم کا ساتھ دیا ہے اس اعتبار سے ہم پاکستانی سعودی عرب کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں اس کے علاوہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں جتنا کردار سعودی عرب نے ادا کیا ہے اور اب تک کر رہا ہے شاید ہی کسی اور ملک نے وہ کردار ادا کیا ہو اسی طرح سے سعودی عرب سے ہمارا دینی رشتہ بھی قائم ہے اس لحاظ سے پاکستانیوں کے دلوں میں سعودی عرب کی حکومت کی عزت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر سعودی حکومت سعودی کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ کراؤن پرنس محمد بن سلمان آلسعوذ سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی اور برادر سعودی عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## مشہور ومعروف شخصیت فیصل عثمان مینجنگ ڈائریکٹر فیصل عثمان کا پیغام

مشہور ومعروف شخصیت فیصل عثمان مینجنگ ڈائریکٹر فیصل عثمان نے سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کہا کہ سعودی عرب ہمارا اسلامی برادر اور ہمسایہ ملک ہے بلکہ پوری دنیا میں جتنے بھی اسلامی ممالک ہیں ان میں سعودی عرب خاص اہمیت کا حامل ہے بلکہ اسلامی ممالک کیلئے سعودی عرب مرکز کی حیثیت رکھتا ہے اور اس اعتبار سے سعودی عرب کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے کہ پوری دنیا کے اسلامی ممالک کے لیے سعودی عرب میں حج وعمرہ کی سعادت کیلئے آتے ہیں۔ سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کی کھلے دل سے مدد کی ہے بلکہ سعودی عرب میں مین پاور کی جو ڈیمانڈ نکلتی ہے اس کو پورا کرنے کیلئے سعودی عرب دنیا کے دیگر ممالک کی نسبت پاکستان سے زیادہ ہنرمند لیتا ہے۔ ہم سعودی قومی دن کے موقع پر کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ ولی عہد پرنس محمد بن سلمان آلسعوذ سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی‘ قونصل جنرل کراچی اور برادر سعودی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



## خوش اخلاق‘ ملنسار‘ روحانی شخصیت طارق بادشاہ چیئرمین الخیر انٹرپرائزز کا پیغام

خوش اخلاق‘ ملنسار‘ روحانی شخصیت طارق بادشاہ چیئرمین الخیر انٹرپرائزز نے سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہم ہر غم وخوشی کے موقع پر سعودی عرب کے ساتھ ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا بھر میں جتنے بھی ممالک ہیں ان میں سے سعودی عرب پاکستان کا سب سے پہلا دوست ہے کیونکہ پاکستان کیلئے سعودی عرب کی جو خدمات ہیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ دونوں ممالک کی عوام بھی ایک دوسرے سے بہت محبت کرتے ہیں جس کی واضح مثال پاکستان میں آنے والے خوفناک زلزلے اور سیلاب کے بعد سعودی حکومت اور سعودی عوام کی طرف سے پاکستان کی عوام کیلئے بے لوث خدمات کی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ ہم سعودی عرب کے 89ویں قومی دن کے موقع پر کنگ سلمان بن عبدالعزیز آلسعوذ ولی عہد محمد بن سلمان آلسعود اور برادر سعودی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

# سعودی اور اماراتی وزراء کی مسئلہ کشمیر پر مکمل حمایت

## آرمی چیف کی سعودی وزیر خارجہ عادل الجبیر اور اماراتی وزیر خارجہ عبداللہ بن زیاد سے ملاقات







تنویر القادری کے قلم سے

پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی سعودی اور اماراتی وزرائے خارجہ سے ملاقات ہوئی ہے جس میں دونوں ورزائے خارجہ نے کشمیر کے معاملے پر پاکستان کو حمایت کی یقین دہانی کروائی ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جمعرات کو جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ آرمی چیف کی سعودی وزیر خارجہ عادل الجبیر اور اماراتی وزیر خارجہ عبداللہ بن زیاد سے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعلقات سمیت خطے میں امن وامان کی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ہے جبکہ وزرا خارجہ نے امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا ہے۔

ملاقات میں آرمی چیف نے کہا ہے کہ پاکستان کو سعودی عرب اور یواے ای کے ساتھ خصوصی سٹریٹیجک اور برادرانہ تعلقات پر فخر ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل گذشتہ روز پاکستان کے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے دونوں وزرائے خارجہ سے ملاقات کے بعد کہا ہے کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے مسئلہ کشمیر پر مکمل حمایت کا یقین دلایا ہے۔

اسلام آباد میں سعودی اور اماراتی وزرائے خارجہ سے ملاقات کے بعد میڈیا سے مختصر گفتگو میں پاکستانی وزیر خارجہ نے کہا تھا کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی حمایت سے متعلق ابہام آج دور ہو گیا ہے۔

دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ نے دورے کے دوران وزیراعظم، وزیر خارجہ اور آرمی چیف سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ دونوں مہمان وزرائے خارجہ کو کشمیر کی صورت حال سے آگاہ کیا گیا اور انہوں نے اس مسئلے پر مکمل حمایت کی یقین دہائی کرائی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے یہ بھی کہا تھا کہ کشمیر کے مسئلے پر او آئی سی کا خصوصی اجلاس طلب کرنے کا جائزہ لے رہے ہیں۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر او آئی سی کے رابطہ



گروپ کا اجلاس ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے سعودی عرب سے تزویراتی تعلقات بہت مضبوط ہیں۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان کے وزیراعظم عمران خان سے بھی ان کے دفتر میں ملاقات کی تھی۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم کے دفتر سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا تھا کہ ملاقات کا بنیادی محور کشمیر کی صورت حال تھی۔ وزیراعظم عمران خان نے کشمیر میں خراب ہوتی انسانی صورت حال پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور مہمانوں کو بتایا تھا کہ موجودہ حالات میں مسئلے سے توجہ ہٹانے کے لیے انڈیا کی جانب سے فالس فلیگ آپریشن کا خطرہ ہے۔

بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے حالیہ پیش رفت پر پاکستان کے عوام کے غصے کو سمجھا اور کشمیر میں خراب ہوتی انسانی صورت حال پر اپنی تشویش ظاہر کی۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ دونوں ممالک حالیہ چیلنجز، کشیدگی میں کمی اور خطے میں امن کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ سعودی اور اماراتی وزرائے خارجہ کو کشمیر کے مسئلے پر دفتر خارجہ میں بریفنگ دی گئی۔ اس سے قبل سعودی عرب کے وزیر مملکت برائے خارجہ عادل الجبیر اور متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ عبداللہ بن زید بدھ کو ایک روزہ دورے پر اسلام آباد کے نور خان ایئربیس پہنچے جہاں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ان کا استقبال کیا۔ دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ کو وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی جانب سے دفتر خارجہ میں انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کی صورت حال پر بریفنگ دی گئی۔

دفتر خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے سعودی اور اماراتی وزرائے خارجہ کو پانچ اگست کو جموں و کشمیر میں انڈیا کی جانب (باقی صفحہ 69 پر)

# بین الاقوامی مذاہب کو فروغ دینے، عالمی قیام امن کیلئے علماء و مشائخ اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

## علامہ محمد مقصود احمد چشتی قادری

### پاکستان کے مایہ ناز بین الاقوامی شہرت یافتہ مذہبی سکالر، عالم دین، سابق خطیب داتا دربار کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو

ہر زمانہ میں علماء و اولیا، انبیاء اکرام کے وارث رہے ہیں جنہوں نے تبلیغ دین کے مشن کیلئے اپنا تن من دھن وقف کئے رکھا اور دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں شبانہ روز مصروف رہ کر اسلام کا پرچم سر بلند کیا موجودہ دور میں جب ہر طرف بے سکونی، ریاکاری، لوٹ مار، کرپشن، نفسانفسی، فتنہ و فساد عام ہے تو یہ ہی اللہ کے نیک و برگزیدہ بندے انسانوں کو راہ ہدایت دکھانے کیلئے کوشاں ہیں۔ ہمارے معاشرے میں ایسی ہی ایک عظیم ہستی پاکستان کے مایہ ناز، بین الاقوامی شہرت یافتہ، مذہبی سکالر، عالم دین، شیخ الاسلام حضرت علامہ پیر محمد مقصود احمد چشتی قادری عظیم المرتبت مذہبی شخصیت ہیں۔ جو گذشتہ نصف صدی سے سادگی، عاجزی، انکساری، ملنساری، نیک نیتی، پرخلوص اخلاق کے ساتھ اشاعت و تبلیغ دین کے مشن میں مصروف عمل ہیں۔ ان کی انتھک کوششوں اور تبلیغ سے سینکڑوں بھٹکے ہوؤں نے راہ ہدایت پائی اور کئی غیر مسلم آپ کی دینی تبلیغ سے متاثر ہو کر دائرہ اسلام میں داخل ہو چکے ہیں۔ علامہ صاحب 22 سال تک عظیم روحانی دربار مرکز تجلیات حضرت علی بن عثمان ہجویری غزنویؒ المعروف حضرت داتا گنج بخش کی جامع مسجد میں خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ آپ کی پرخلوص خطابت میں ایسی مٹھاس ہے جو سننے والوں کے قلب و روح میں بھی اترتی چلی جاتی ہیں۔ قارئین کی پرزور فرمائش پر آپ کی شخصیت کا انٹرویو شائع کر رہے ہیں جو قارئین کی نذر ہے۔



رویت ہلال کمیٹی کی دوبارہ تشکیل نو کر کے غیر متنازعہ جید علماء کو شامل کیا جائے: علامہ محمد مقصود احمد چشتی قادری

**یوتھ انٹرنیشنل:** علامہ صاحب! آپ اپنے فیملی بیک گراؤنڈ کے بارے میں ہمارے قارئین کو کچھ بتائیں؟

**علامہ مقصود احمد:** میرا تعلق قبیلہ ہانبھی خان سے ہے جو ڈیرہ غازی خان، ڈیرہ اسماعیل اور بلوچستان میں مختلف علاقوں میں رہائش پذیر ہیں میرے جد امجد مولانا کریم بخشؒ تھے میرے والد محترم الحاج محمد عبداللہؒ صاحب تھے میری والدہ محترمہ عالمہ دین تھیں اور ان کا تعلق بلوچ قبیلے سے تھا میرے ننہال میں بیشتر علمائے دین رہے ہیں میرے اجداد میں حضرت مولانا احمدؒ یاس بہاولپور میں عہدہ قضا پر فائز رہے اسی طرح میرے اجداد میں سے مولانا محمد عبداللہؒ تھے جو حضرت خواجہ سلطان محمودؒ کے خلفاء میں سے تھے۔

**یوتھ انٹرنیشنل:** آپ کو دینی تعلیم حاصل کرنے کا خود شوق تھا یا والدین کے اصرار پر اس طرف مائل ہوئے؟

**علامہ مقصود احمد:** میری والدہ مرحومہ ہر مہینے اپنے گھر میں محفل میلاد کا اہتمام کرتی تھیں اور حضورؐ کی سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر خطاب فرماتی تھیں حضور اکرم ﷺ سے بے پناہ عشق و محبت اور دین کے ساتھ والہانہ لگاؤ کے باعث انہوں نے مجھے اسکول کی تعلیم کے بعد دین کی تعلیم کیلئے وقف کر دیا میرے والد محترم نے خان بیلا میں ''مدرسہ عربیہ سلطان

المدارس'' کے نام سے ایک دینی مدرسہ بھی قائم کیا آپ یہ کہا سکتے ہیں کہ والدین کے خواہش کے ساتھ مجھے بھی دینی علوم کا شوق تھا۔ یہ شوق مجھے ورثہ میں ملا ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ نے دینی علوم میں کیا کیا اسناد حاصل کی ہیں؟

علامہ مقصوداحمد: میں نے فاضل درس نظامی از مدرسہ عربیہ انوارالعلوم ملتان ، شہادۃ العالمیہ مساوی ایم اے عربی وایم اے اسلامیات (درجہ ممتاز مع الشرف) از تنظیم المدارس پاکستان ، سند فاضل عربی از ایجوکیشن سیکنڈری بورڈ لاہور، سند دورہ تفسیر القرآن علامہ ہزارویؒ وزیر آباد، سند علماء اکیڈیمی اوقاف لاہور، سند فقہ از علامہ عطامحمد بندیالویؒ حاصل کی ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ اپنے اساتذہ کے بارے میں کچھ بتائیں؟

علامہ مقصوداحمد: میرے استاد علامہ سعیداحمد کاظمی مرحوم، علامہ مولنٰا عطامحمد بندیالوی مرحوم، علامہ عبدلغفور ہزاروی مرحوم، علامہ سید جلال الدین شاہ مرحوم شامل ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ نے اپنے تدریسی فرائض کہاں کہاں سرانجام دیئے؟

علامہ مقصوداحمد: میں نے جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور، پھر جامعہ نعیمیہ لاہور، جامعہ نعمانیہ لاہور، مدرسہ عربیہ رضویہ جامع مسجد نور شکرگڑھ، الفلاح عربیک کالج کاتان کڈی، سری لنکا اور جامع مسجد داتا دربار میں علوم اسلامیہ میں تدریس کی ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: حضرت آپ نے خطابت کے فرائض کہاں کہاں سرانجام دیئے؟

علامہ مقصوداحمد: میں 37 سال سے خطابت کے فرائض سرانجام دے رہا ہوں جو جامع مسجد نور شکرگڑھ، جامع مسجد حنفیہ محلّہ کشمیری سادھواں لاہور، جامع مسجد داتا دربار لاہور میں عرصہ 22 سال خطابت کی ہے ۔1971 میں مجھے خطیب وامام کے عہدے سے ترقی دے کر لاہور کا ڈسٹرکٹ خطیب مقرر کیا گیا۔ان دنوں جامع مسجد غوثیہ گنج بخش اسلام پورہ میں خطابت کے فرائض سرانجام دے رہا ہوں۔

یوتھ انٹرنیشنل: ڈسٹرکٹ خطیب کی حیثیت سے آپ نے اپنے فرائض کیسے ادا کیے؟

علامہ مقصود احمد : ڈسٹرکٹ خطیب کی حیثیت سے میں نے اپنے فرائض کی نوعیت سے محکمہ اوقاف کو لاکھوں روپے کا فائدہ پہنچایا لاہور میں آنے کے بعد مختلف مکاتب فکر جید علماء کرام کے ساتھ مل کر میں اتحاد بین المسلمین کیلئے بھرپور اور نمایاں کوششیں کیں، جن کے نتیجے میں مختلف مقامات پر شیعہ سنی حضرات کے تنازعہ بحسن وخوبی طے کروائے گئے۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ کا داتا دربار میں خطابت کا تجربہ کیسا رہا؟

علامہ مقصوداحمد: میں نے22 سال تک اس منصب پر خدمات سعادت سمجھ کر ادا کرتا رہا ہوں ۔ جب 1986 میں مرکز اولیا حضرت داتا صاحبؒ میں بطور ایگزیکٹو آفیسر تعینات تھا تو اسی سال دسمبر میں داتا دربار مسجد کے خطیب حضرت مولانا محمد سعید احمد صاحب نقشبندی کا وصال ہوا تو اس وقت کے سیکرٹری اوقاف جناب محمد یوسف خان صاحب نے ٹیلی فون پر مجھ سے رابطہ کر کے دریافت کیا کہ اگر آپ کو جامع مسجد داتا صاحب کا خطیب تعینات کردیا جائے تو آپ کو کوئی اعتراض تو نہ ہوگا'' میں نے ان کے اس استفسار سے محسوس کیا کہ سیکرٹری صاحب اپنی طرف سے خطابت کی پیش کش نہیں فرما رہے ہیں بلکہ حضرت داتا گنج بخشؒ کی طرف سے حکم ہوا ہے میں نے ان سے کہا کہ میں اس منصب پر خدمت کو اپنے لئے سعادت سمجھتا ہوں چنانچہ انہوں نے مجھے تعینات کر دیا۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ کی کن کن شخصیات سے ملاقاتیں ہوئی ہیں؟

علامہ مقصود احمد: علامہ شاہ احمد نورانی مرحوم، علامہ مفتی محمود، ذوالفقار علی بھٹو، مولنٰا ابواعلیٰ مورودی ، مولنٰا غلام غوث ہزاروی ، مولنٰا مفتی محمد حسین نعیمی ، حضرت خواجہ قمرالدین سیالوی، حضرت خواجہ در محمد، علامہ عبدالمصطفٰے الزہری ، صاحبزادہ پیر حبیب الرحمان مرحوم (عیدگاہ شریف ) ، خواجہ محمد معصوم مرحوم (موہرہ شریف ) ، مولانا ضیاالدین مدنی مرحوم (مدینہ المنورہ ) ، پیر سید مختار اشرف ( کچھوچھا شریف ) ،آیت اللہ واعظ زادہ خراسانی (ایران)، ایم ایچ محمد سابق وزیر سری لنکا آیت اللہ تسخیری، آیت اللہ خامنائی رہبر ایران سے ملاقاتیں ہوئیں ہیں۔

2001 میں امریکہ میں سابقہ گورنمنٹ کی اہم شخصیات جس میں کانفرنس کے اراکین اقوام متحدہ اور سابقہ گورنمنٹ کے اہم عہدیدار موجود تھے۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ داتا دربار سے خطابت کے عہدے سے ریٹائرڈ کب ہوئے ہیں؟

علامہ مقصوداحمد :31اگست2006 کو60سال کی عمر مکمل ہونے پر خطابت کی ملازمت سے ریٹائرڈمنٹ ہوئی محکمہ مذہبی امور اوقاف پنجاب کی سفارش پر سابقہ گورنمنٹ نے 31اگست 2006 تک مجھے 4سالہ کنٹریکٹ دیا۔میاں شہباز شریف کی صوبائی حکومت نے پورے پنجاب کے پونے تین ہزار افسران اور ملازمین کے کنٹریکٹ ختم کر دیئے۔اس میں میرا نام بھی شامل تھا جس کی وجہ سے میرا بقیہ کنٹریکٹ10اپریل2008ء کوختم کر دیا گیا۔اس کے بعد کئی لوگوں کو دوبارہ کنٹریکٹ دے دیا گیا لیکن مجھے دوبارہ بحال نہیں کیا گیا۔

یوتھ انٹرنیشنل: بین المذاہب کے فروغ میں آپ کیا کردار ادا کررہے ہیں؟







علامہ مقصود احمد: 9/11 کے بعد IIFWP آئی آئی ایف ڈبلیو پی نامی تنظیم نے 18,19 اکتوبر 2001 کو ہلٹن ہوٹل نیویارک میں کانفرنس منعقد کی جسمیں ایک سو ایک 101 ملکوں کو دعوت دی گئی اس میں پاکستان سے مجھے بھی مدعو کیا گیا اس کانفرنس میں تمام مذاہب کے لوگ مدعو تھے اس کانفرنس کا موضوع تھا کہ ''دنیا

(باقی صفحہ نمبر 74 پر)

# چیئرمین ہوپ چوہدری نذیر احمد کی جانب سے معزز مہمانوں کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ کی تصویری جھلکیاں
























National Day
GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب، یو اے ای، سلطنت آف عمان، بحرین، کویت، مسقط و دیگر ممالک میں ہنرمند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Al-Makki Enterprises
Overseas Employment Promoters
Lic No. MPD/0974/Karachi
Al-Makki Air Travels
Hotal Reservation
Tourist Visa
Umrah
Ticketing Reservation
Govt. Lic No. 1780
Karachi: Rahat Jo Dairo, 2nd Floor, B/2, Opposite Jamia Masjid Rahmania, Tariq Road, Karachi. Ph:0092-21-34543004, 34543002
Sub Office Islamabad: Ticket: 0092-306-7994930, Visa Information: 0092-305-2254008
Email:aayan0974@gmail.com Web: www.almakkienterprises.com
Email:almakkitravels@yahoo.com Web: www.almakkienterprises.com
Haji Mohammad Ismail
Proprietor
0092-300-9299603
Malik Muhammad Makki
Managing Director
0092-300-2121248
0092-0306-7994930


National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب، یو اے ای، سلطنت آف عمان، بحرین و دیگر ممالک میں ہنرمند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Al-Qaseem Overseas
Overseas Employment Promoters
Lic # 2050/PWR
22-B. Cantonment Commercial Complex Saddar Road Peshwar Cantt. Tel:92-91-5272799, 5261741
Fax:0092-91-5271085 Mob:0092-300-8592799
www.alqaseemoverses.com
Email:alqaseemoverseas@yahoo.com
Muslim Shah
Managing Director
Chairman POEPA Peshawar Zone
Naeem Shah
General Manager

## انٹرنیشنل رحمت العالمین کانفرنس بسلسلہ جشن عید میلاد النبیؐ تقریب کی تصویری جھلکیاں












## یوتھ انٹرنیشنل میگزین اہم شخصیات کے ہاتھوں میں













National Day GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
گورنمنٹ آف پاکستان سے ایوارڈ یافتہ پوزیشن ہولڈر
یو اے ای، سعودی عرب، ملائیشیا، بحرین، کویت، سلطنت آف عمان و دیگر ممالک میں جاب دلانے کا لیڈنگ ادارہ
Al-Wahda International
Overseas Employment Promoters
Lic No # MPD/2821/PWR
Head Office: Cantt Plaza, 1st Floor, Office # 2 Mall Road Opp Zong Franchise Mardan. Tel:+92-937-871888, Fax:+92-937-871886 Cell:+92-321-9176664
Email:alwahdatto@gmail.com, al.wahda@yahoo.com Web: www.alwahda.com.pk
Office # 1, 2nd Floor Umer Farooq Plaza Chandni Chowk Rawalpindi. Ph:051-4927277
Cell:0323-5053505 - 0314-5730747 Email:almafriq.rwp@gmial.com
Al-Wahda Trade Test & Technical Training Center
Faram Korcona Swabi Road Mardan Cell: +92-343-6900003, 336-312-9176664
Email:saroba_mardan@yahoo.com
Abdul Sattar
Chief Executive
0300-9176664


National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
Amir Rice Export & Import Co.
Head Office: 204, Progressive Plaza, 2nd Floor Beaumont Road
Civil Lines, Karachi-Pakistan. Ph:+92-21-35221185-6
Fax:+92-21-35655616 Email:artrice1@hotmail.com
M.Farooq Ch.
Chief Executive

# اعجاز الحق

# جو قومیں اپنے نظریے سے دستبردار ہوتی ہیں وہ تباہ و برباد ہو جاتی ہیں

## سابق وفاقی وزیر برائے محنت و سمندر پار پاکستانیز، صدر مسلم لیگ (ضیاء) محمد اعجاز الحق کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو

محمد اعجاز الحق صدرِ پاکستان شہید صدر جنرل محمد ضیاء الحق کے بڑے صاحبزادے ہیں ان کا شمار عصر حاضر کے منفرد اور نمایاں قومی رہنماؤں میں ہوتا ہے۔ وہ اپنی سیاسی جماعت مسلم لیگ (ضیاء شہید) کے صدر ہیں۔ مختلف ادوار میں وفاقی وزیر برائے محنت و سمندر پار پاکستانیز اور وفاقی وزیر برائے مذہبی امور رہ چکے ہیں اپنے حلقہ انتخاب میں ہردلعزیز اور محترم رہنما کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ ہم نے اپنے قارئین کی دلچسپی کیلئے ان سے انٹرویو کیا جو نذر قارئین ہے۔



غربت اور جہالت نے ہمارے پورے معاشرے کو گھیر لیا ہے، عوام حکمرانوں سے روٹی، کپڑا اور مکان کی توقع رکھتے ہیں: محمد اعجاز الحق

سوال: اپنے بچپن کے متعلق کچھ بتائیں، کہاں اور کیسے گزارا۔

جواب: جیسا کہ آپ جانتے ہیں، میرے والد صاحب فوج میں تھے۔ تقرری، ترقی اور تبادلہ ملازمت کا لازمی حصہ ہے۔ میری ولادت ۲۰ رفروری 1952 کو نوشہرہ میں ہوئی اور میرا ڈومی سائل خیبر پختونخوا کا ہے۔ جب کچھ ہوش سنبھالا تو ہم راولپنڈی میں تھے۔ میرے والد جی ایچ کیو میں تعینات تھے۔ سکول میں داخل ہوا تو بہت سارے چھوٹے چھوٹے دوست بن گئے۔ کھیل کود اور سکول جانے کا اپنا ہی مزا ہوتا ہے۔ جلد ہی میرے والد ایک تربیتی کورس کے سلسلے میں امریکہ چلے گئے تو میں اپنی دادی اماں کے پاس پشاور چلا گیا۔ قریبی سکول میں داخلہ لے لیا۔ والد کی وطن واپسی پر اُن کا تبادلہ کوئٹہ ہو گیا یوں ہم کوئٹہ چلے گئے۔ پھر کچھ عرصہ بعد ملتان تبادلہ ہو گیا اور میں نے وہاں لاسال ہائی سکول میں داخلہ لے لیا۔ پاکستان کے سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی میرے ہم جماعت تھے۔ ثانوی تعلیم کے بعد میں نے ایف سی کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ اس عرصے میں والد صاحب کی ترقی بطور بریگیڈیئر ہو گئی جو مختصر عرصہ کھاریاں چھاؤنی میں تعینات رہے تو جلد ہی ان کا تبادلہ اردن میں قائم پاکستانی ملٹری مشن کے سربراہ کے طور پر ہو گیا اور وہ بمعہ فیملی اردن چلے گئے لیکن میں اپنی تعلیم کیلئے لاہور میں ہی رہا۔ وہاں ابھی BSc میں ہی تھا کہ میرا داخلہ امریکہ کی مشہور یونیورسٹی الی نائے Alinois Univorsty میں ہو گیا جہاں سے میں نے اکاؤنٹس میں ڈگری لی۔ یونیورسٹی کی تعلیم مکمل کی تو بینک آف امریکہ میں ملازم ہو گیا اور بحرین میں خدمات انجام دیں۔ سابق وزیر اعظم شوکت عزیز اور موجودہ سینیٹر اور سابق صدر



نیشنل بنک محمد میاں سومرو بینک کی ملازمت میں میرے ہم عصر رہے ہیں۔

سوال: اس طرح تبادلوں کی وجہ سے آپ کی تعلیم میں تو فرق نہیں پڑتا تھا؟

جواب: فوج کے زیرِ انتظام چھاؤنیوں میں قائم سکول میں عموماً ایک ہی طرح کی تعلیم اور سلیبس وغیرہ پڑھایا جاتا ہے۔ ماحول اور طرزِ تعلیم بھی تقریباً یکساں ہی ہوتا ہے اس لئے کوئی زیادہ فرق نہیں پڑتا۔

سوال: آپ کو پڑھنا پڑھانا اچھا لگتا تھا یا کہ سونا؟

جواب: پڑھائی اور کھیل کود دونوں ہی میں دلچسپی تھی۔ ہمارے اساتذہ بہت متوازن اور بتدریج تربیت میں ماہر تھے۔ کوئی سری لنکا سے تھے اور کوئی یورپی یونین سے تعلق رکھتے تھے۔



محمد اعجاز الحق کی اپنے والد کے ہمراہ یادگار تصویر

پڑھائی کے ساتھ ساتھ وہ کھیلوں میں بھی رہنمائی اور تربیت کرتے تھے۔

سوال: آپ بچپن میں شرارتی بچے تھے یا سنجیدہ؟

جواب: سنجیدہ تو خیر میں بالکل ہی نہیں تھا۔ بہت زیادہ شرارتی بھی نہیں تھا۔ دوستوں کے ساتھ ہر طرح کی سرگرمیوں میں حصہ لیتا تھا۔ تعمیری اور تعلیمی سرگرمیوں میں میرا ایک الگ انداز تھا۔ شاید یہی وجہ تھی کہ دوست احباب میں ''موڈی'' کہہ کر پکارتے تھے۔ آپ حیران ہوں گے کہ آج بھی قریبی عزیز اور احباب مجھے اِسی نام سے پکارتے ہیں۔

سوال: بچپن کی کوئی شرارت جس سے آپ کو والدین کی طرف سے کوئی ڈانٹ پڑی ہو۔

جواب: ایک بار پولیو کے خلاف مہم کے سلسلے میں قطرے پلائے جا رہے تھے بہن بھائیوں میں بڑا ہونے کے باعث میں قطرے پینے سے خود بھی بچنا چاہتا تھا اور بہن بھائیوں کو بھی بچانا چاہتا تھا۔ میں نے چھوٹے بہن بھائیوں کو ساتھ لیا اور چپکے سے سوئمنگ پول کی طرف نکل گیا۔ جو کافی دور تھا۔ واپسی پر والد صاحب کی طرف سے خاصی ڈانٹ سننی پڑی۔

سوال: جیسا کہ آپ صدرِ پاکستان کے بیٹے تھے تو آپ کیسا محسوس کرتے تھے؟

جواب: میں نے اپنے والد کی مرحلہ وار ترقی کے تمام مرحلے دیکھے ہیں۔ میں ابھی چھوٹا ہی تھا جب وہ جی ایچ کیو راولپنڈی میں بطور میجر تعینات تھے جہاں سے وہ بطور لیفٹیننٹ کرنل ترقی پا کر ملتان میں تعینات ہوئے۔ بریگیڈیئر بننے کے بعد وہ کھاریاں چلے گئے اور وہاں سے اردن چلے گئے۔ وطن واپسی پر بطور میجر جنرل اور پھر لیفٹیننٹ جنرل تقریباً پانچ سال تک وہ ملتان میں ہی رہے۔ 1976ء میں انہیں چیف آف آرمی سٹاف بنا دیا گیا اور جلد ہی یعنی 1977ء ملکی حالات خراب ہونے پر ملک میں ایک بار پھر فوجی مداخلت کرنا پڑی اور پھر ملک کے استحکام اور مضبوطی کی خاطر انہیں صدارتی عہدہ بھی سنبھالنا پڑا۔ اُن کا زمانۂ اقتدار کم و بیش 12 سال رہا جو کہ ملک میں طویل ترین حکمرانی کی واحد مثال ہے۔ مجھے فخر ہے کہ یہ عرصہ ملکی ترقی اور استحکام کا دَور رہا۔ اس دوران میں تعلیم اور ملازمت کے سلسلے میں بیرون ملک مقیم رہا اور تقریباً 19 سال بعد 1990ء میں پاکستان واپس آیا۔

سوال: سنا ہے آرمی کے لوگ ڈسپلن اور نظم و ضبط کے بہت پابند ہوتے ہیں اور عمومی طور پر سخت گیر ہوتے ہیں؟

جواب: یہ بات یقیناً درست ہے لیکن اُن کا برتاؤ بھی فطرت اور انسانی جبلت پر مبنی رویوں کے مطابق ہی ہوتا ہے۔ میرے والد منصبی اور سرکاری معاملات میں اہل خانہ کی شرکت یا مداخلت کو قطعاً پسند نہیں کرتے تھے۔ اس موضوع سے متعلقہ ایک دلچسپ پہلو بھی آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں فوج کے اندر حس تقابل اور محکمانہ تفاخر کا بھی ایک جذبہ موجود ہوتا ہے جس کے اظہار کو مستحسن سمجھا جاتا ہے خصوصاً کھیل کے میدان میں ہر فوجی اپنی ٹیم اور اپنی یونٹ کو فاتح اور کامران دیکھنا چاہتا ہے۔ ایسے ہی ایک موقع پر دو یونٹوں کے درمیان میچ ہو رہا تھا جس میں میرے والد کی یونٹ بھی حصہ لے رہی تھی۔ دوران میچ ایک مرحلہ آیا جہاں محسوس کیا جا سکتا تھا کہ اُن کی ٹیم کے ساتھ ناانصافی اور چالبازی کی جا رہی تھی۔ نتیجتاً جھگڑا ہو گیا۔ لاٹھیاں اور ہاکیاں بھی چل گئیں میرے والد صاحب اس ساری مارا ماری میں بنفس نفیس شریک ہو گئے۔ معاملہ اوپر تک پہنچا تو پوچھا گیا کہ ''ضیاء! تم خود ایک سینئر افسر ہو۔ جھگڑا کنٹرول کرنے کے بجائے تم خود بھی لٹھ لے کر اس میں شامل ہو گئے!؟'' والد صاحب نے جواب دیا ''جنابِ عالی! وہ میرے سپاہی تھے۔ ان کی اخلاقی امداد اور سپورٹ کرنے کے ساتھ ساتھ عملی امداد کرنا بھی میرا فرض تھا۔'' یہاں یہ واضح کر دینا بھی ضروری ہے کہ کھیل کود کے ان خوش گوار لمحات میں ایسی صورت حال (باقی صفحہ 69 پر)



محمد اعجاز الحق یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے



مینجنگ ایڈیٹر تحسین القادری
محمد اعجاز الحق سے ملاقات کر رہے ہیں

## سعودیہ میں 56 سال سے اللہ کے فضل سے حاجیوں کی خدمت کی ہے

# شیخ لقمان میمن

### سعودی عرب میں معروف بزنس مین و سوشل شخصیت شیخ لقمان کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی بات چیت



سوال: ہمارے قارئین کو کچھ اپنے بارے میں بتائیں؟

جواب: میں 1960ء میں سعودیہ گیا تھا آخری پچپیس سال سے میرا کوئی جاب نہیں کوئی بزنس نہیں صرف خدمت خلق، خدمت انسانیت کا کام ہے میری خدمت میں انسان ہونا ضروری ہے۔ میں میمن ہوں۔ اس لئے صرف میمن کی خدمت نہیں یا میں پاکستانی ہوں صرف پاکستانی کی خدمت نہیں میرے پاس ہندو بھی آتے تھے جس کی میری ذات سے جتنی خدمت ہوسکتی تھی میں ان کی خدمت کرتا تھا۔ سینکڑوں لوگ جیلوں میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کو نکالنا۔ ایکسیڈنٹ اگر کسی کا ہو گیا ہے تو ایمرجنسی ان کے پاس پہنچ جانا ان کی خدمت کردینا چھوٹے چھوٹے خدمت کے کام میں انجام دیتا تھا۔ وہ لوگ بغیر رہائش کے رہ رہے ہیں اور پریشان ہیں جنہوں نے سعودی عرب آنا ہے اور ٹکٹ کے پیسے نہیں ہیں ان کا کام کردینا بہت سے لوگوں کے گھر کرایہ نہیں ہے۔ قرضہ چڑھا ہوا ہے تو ان کیلئے کرائے کیلئے انتظام کردینا تو میرے دوست برادر جو ہیں میں ان کو ایک مسئلہ بتاتا تھا کہ میری ایک فیملی ہے اور اتنے پیسے کی ضرورت ہے۔ اور وہ کہتے تھے ہمارا نام نہیں آنا چاہئے اور وہ مجھے پیسے دیتے تھے میں سامنے والے کو پہنچا دیتا تھا ان کا کام ختم ہوجاتا تھا وہ سمجھتے تھے کہ حالانکہ پیسے دوسروں کے ہوتے تھے ایک بار گورنمنٹ نے اعلان کیا تھا کہ جو بھی بغیر کام والے ہیں وہ ٹکٹ لے کر آئیں ہم انہیں پاکستان واپس بھیجیں گے کوئی جرمانہ یا جیل نہیں کریں گے۔ ہزاروں لاکھوں لوگ Beach کے نیچے اور سڑکوں پر آکے بیٹھے ہوئے تھے۔ پاکستان ایمبیسی ان کیلئے آؤٹ پاس بنا دیتی تھی ان غریبوں کیلئے ٹکٹ کا انتظام میں اپنے پاس سے کردیتا تھا۔ 9 لاکھ 30 ہزار ریال لوگوں کے پاسپورٹ بنانا ان کے I.O بنانا اور ان کی ٹکٹ پر میں نے خرچ کئے وہ پیسے لوگوں کے تھے۔ تو اس طرح کی چھوٹی چھوٹی خدمت میں وہاں کردیتا تھا۔ الحمد للہ اور ہر سال میں حج پہ جاتا تھا اپنی گاڑی لیکر وہاں ہر سال حج کرنا منع ہے گاڑی لے کے جانا بالکل منع ہے تو اللہ کے فضل سے گورنمنٹ کے تعلقات تھے اس کی بنا پر مجھے اجازت مل جاتی تھی تو میں اپنی گاڑی میں ہر سال حاجیوں کی خدمت کرتا تھا۔ 56 سال سے اللہ کے فضل سے حاجیوں کی خدمت کی ہے۔ ان لوگوں کی دعائیں جو میرے ساتھ ہیں۔ انہی کی دعاؤں کی بدولت لوگ مجھے کہتے ہیں کہ آپ ہٹے کٹے ہیں تو میں نے کہا لاکھوں لوگوں کی دعائیں میرے ساتھ ہیں (الحمد للہ) 25 سال پہلے میرا کاروبار تھا آج بھی میرے بچے وہاں پر ہیں میرا کاروبار سنبھال رہے ہیں۔ میں نے 25 سال پہلے اپنا کاروبار چھوڑ دیا ہے اس سے پہلے منسٹر آف ڈیفنس میں تھا امریکن کمپنی لوکٹ کمپنی کے ساتھ میں نے

**جب تک ہمیں مخلص اور خدا کا خوف کھانے والے لوگ نہیں ملیں گے کرپشن ختم نہیں ہوگی: شیخ لقمان میمن**





کام کیا پارس کے ساتھ کام کیا منڈس کے ساتھ کام کیا مگر اس کے بعد میں نے اپنی سپر مارکیٹ کھولی دبئی میں، شارجہ میں، سعودیہ میں اور اس کے بعد سے میں خدمت خلق اور خدمت انسانیت میں لگ گیا وہ کام آج بھی جاری ہے روز کے چار سے چھ آدمی کی تدفین کرتا وہاں مرجانا آسان ہے لیکن بعد میں اتنی لمبی چوڑی فہرست ہاسپٹل میں جاؤ ایمبیسی میں جاؤ پولیس میں جاؤ ان کے والی وارث سے پرمیشن لے کے آؤ تدفین کی وہ سارا کام الحمدللہ میں چند منٹوں میں پورا کرتا جبکہ لوگ اسے دس دن میں پورا کرتے ۔ کیونکہ جس ڈیپارٹمنٹ میں جاتا وہاں سب کو پتہ تھا کہ شیخ صاحب آئے ہیں دوسرے کی مدد کرنے کیلئے پوری لائن میں کبھی کھڑا نہیں رہنا پڑا میں آسانی سے مہر لگوا کے آجاتا اور ایسے چھوٹے چھوٹے کام میں نے بہت حل کروائے بچوں کے سکول کی تعلیم کیلئے میں نے بہت کوشش کی ہے۔ پاکستانی ایمبیسی کے سکول میں بچے پڑھتے ہیں غریب بچوں کیلئے سکول کی فیس کے پیسے نہیں وہ عزت دار اور سفید پوش لوگ ہیں اور فیس کے پیسے نہیں اور بچے کو سکول سے نکال دیں گے امتحان دیں گے تو رزلٹ نہیں ملے گا تو ان بچوں کو چاہے وہ کسی بھی کمیونٹی کا ہو سندھی ہو پنجابی ہو پٹھانی ہو میں اپنی طرف سے کوشش کرتا تھا کہ ان کی فیس کا انتظام ہو جائے تا کہ ان کا مستقبل خراب نہ ہو اس طرح میں نے چھوٹے چھوٹے کام کئے ہیں۔ لوگوں کی شادیاں کروادینا بھی ایک بہت بڑا کام ہے۔ پھر میاں بیوی کے جھگڑے اور ان کی صلح کروادیتا تھا۔ شک کی بنیاد پر لڑکے اور لڑکیاں جیل میں جاتے تھے تو ان کو میں نکال کے لے آتا تھا (الحمدللہ) چھوٹے چھوٹے کام کئے کوئی بھی بڑا کام نہیں کیا میرا اللہ میری اس خدمت کو قبول کرے ( آمین )

سوال:۔آپ کی پیدائش کہاں کی ہے؟

جواب:۔میری پیدائش انڈیا کی ہے اس زمانے میں پاکستان بنا ہی نہیں تھا۔ پاکستان تو 1947ء میں بنا ہے اس زمانے میں پاکستان نہیں تھا تو میں اس زمانے میں گیا تھا (الحمدللہ) بہت اچھا وقت گزار رہا ہے میں نے۔

سوال:۔ جب سے آپ گئے تب سے خدمت خلق سرانجام دے رہے ہیں۔

جواب:۔میں نے جاب بھی کی ہے بزنس بھی کیا ہے مگر آخری 25 سال جو ہیں وہ خدمت خلق اور خدمت انسانیت میں لگا دیئے ہیں۔ بچے سب بڑے ہو گئے ساری دنیا میں نے دیکھ لی بچوں کو اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم بھی دی ہے (الحمدللہ) میرے سر سے بچوں کی شادیوں کا بوجھ اتر گیا ہے کوئی بھی باقی ذمہ داری نہیں ہے میرے پوتے پوتیاں ہیں۔ اب میں فارغ ہو کے خدمت خلق میں لگ گیا ہوں رات کے 2 بجے بھی لوگ بلاتے تھے میں چلا جاتا تھا (الحمدللہ)

سوال:۔آپ سعودیہ سے پاکستان کب آئے ہیں۔


جواب:۔ میں اب سعودیہ سے واپس آ گیا میں وہاں سے فائنل کام کر کے سکون کے ساتھ ہوں۔

سوال:۔کیا آپ کا اب بھی یہی مشن جاری رہے گا؟

جواب:۔ جی ہاں میرا یہی مشن جاری رہے گا۔ یعنی خدمت خلق جاری ہے جب حج آیا تھا پچھلا تو میں ایئرپورٹ پہ حج ہاؤس جا کے حاجیوں کو بتاتا تھا کہ حج (باقی صفحہ 74 پر)

## شیخ لقمان صاحب کے مرحوم محمد صدیق القادری کے بارے میں تاثرات

جب مرحوم صدیق القادری سعودیہ آئے تو انہوں نے کسی سے کہا کہ میں نے سعودیہ کی بڑی بڑی شخصیات سے ملنا ہے تو انہوں نے میرا نام ہی لیا کہ سب سے پہلے آپ شیخ لقمان سے ملیں ساری دنیا ان کو جانتی ہے پورے سعودیہ کے ہر فنکشن میں وہ ہوتے ہیں۔ سعودیہ میں بہت سی تنظیمیں بنی ہوئی ہیں مسلم لیگ، پیپلز پارٹی، اے ایم پی، جماعت اسلامی کا فارم بنا ہوا ہے۔ مسلم لیگ کا کوئی بھی فنکشن ہو مجھے دعوت ملتی تھی۔ مجھے بڑی عزت دی جاتی چونکہ میں سیاست میں نہیں تھا۔ ایسوسی ایٹ کی خدمت کے کام میں تھا۔ تو ہر ایک کے کام آتا تھا۔ اس لئے جس کا بھی فنکشن ہو مجھے دعوت ملتی تھی اور مجھے سٹیج پہ بٹھایا جاتا تھا



محمد صدیق القادری (مرحوم)

تقریر کا موقع بھی دیتے تھے۔ میری تقریر سیاست سے ہٹ کر ہوتی تھی۔ تو اللہ نے اتنی عزت دی کہ ہر آدمی نے میرا ہی نام دیا کہ شیخ صاحب سے ضرور ملنا تو انہوں نے مجھے فون کیا تو قادری صاحب (مرحوم) سے میں نے پوچھا جناب آپ کہاں ہیں انہوں نے کہا میں میراب ہوٹل میں ہوں عزیزیہ علاقے میں میرا ہوٹل ہے میں وہاں ہوں تو وہ ہوٹل میرے گھر سے بہت قریب تھا 5 منٹ کے راستے میں تو میں نے کہا کہ میں آپ کے پاس آتا ہوں تو اس طرح سے میری ان سے ملاقات ہوئی پھر میں نے ان کا الگ الگ شخصیات سے تعارف کروایا سب کو بلایا ایک چھوٹا سا فنکشن کیا اور ملاقات کروائی پھر انہوں نے ایک ایک کا انٹرویو بھی کیا۔ الحمدللہ اس کے بعد جب بھی سعودیہ آئے سب سے پہلا فون مجھے ہی آیا۔ شیخ صاحب میں آرہا ہوں۔

ماشاء اللہ وہ بہت ہی نیک دل انسان تھے اللہ ان کو جنت نصیب کرے اللہ مرحوم کی مغفرت کرے (آمین) بہت ہی بلند اخلاق کے مالک تھے۔ خاکساری اتنی تھی جس کی کوئی حد نہیں۔ جن جن سے میں نے ان کو ملوایا ہے ہر ایک کی رائے آپ کے والد (مرحوم) کے بارے میں بہت ہی اچھی تھی۔ وہ بہت عظیم انسان تھے۔ خاکساری اور کوئی گھمنڈ تکبر نہیں تھا (ماشاء اللہ) اور وہ بہت ملنسار انسان تھے۔ ہر ایک کے ساتھ اس طرح گھل مل جاتے تھے جیسے کئی سالوں سے جان پہچان ہو (ماشاء اللہ) یہ ان کا بہت ہی اچھا فن تھا۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے (آمین) ☆☆



# عمران خان کی صورت میں پاکستان کو ایماندار اور محب وطن لیڈر شپ ملی ہے

# محمد یحیٰی پولانی

## تحریک انصاف کراچی کے سینئر رہنما، پولانی گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین یحیٰی پولانی کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو



کراچی کے نامور بزنسمین، سوشل و سیاسی شخصیت یحیٰی پولانی سینئر رہنما تحریک انصاف سندھ نے ایک انٹرویو میں عمران خان کی ولولہ انگیز جرأت مند قیادت کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کراچی نے عمران کی قیادت اور تحریک انصاف پر اعتماد کر کے بھاری اکثریت سے کامیاب کر کے ثابت کر دیا کراچی منی پاکستان ہے۔ کراچی کی سوچ پاکستان کی ہے کراچی کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے۔عمران خان کی صورت میں پاکستان کو اچھی، ایماندار، محبّ وطن لیڈر شپ ملی ہے جو پاکستان کو ہر شعبہ زندگی میں ترقی دے کر ملک کو ناقابل تسخیر معاشی سیاسی قوت بنائے گی۔ پاکستان کا امیج بین الاقوامی سطح پر بلند کرے گی۔ پاکستان صحیح معنوں میں اسلامی دنیا کی قیادت کرے گا۔ پاکستان معاشی میدان میں حقیقی ایشیا کا ٹائیگر بنے گا۔ پاکستان کو دنیا کرپشن، رشوت سے فری ملک کے طور پر پہچانے گی۔ کرپشن اور اقربا پروری کا خاتمہ ہوگا ادارے مضبوط ہوں گے میرٹ پر لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی، ڈیم بنیں گے، بجلی اور گیس کی پیداوار بڑھے گی، صنعتیں لگیں گی، لاکھوں لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی، بہترین پاکستان دوست خارجہ پالیسی کی بدولت بیرون ممالک میں لاکھوں پاکستانیوں کیلئے روزگار کے دروازے کھلیں گے انشاءاللہ۔ پاکستان کی ایکسپورٹ میں اضافہ ہوگا، اوورسیز پاکستانیز کے مسائل حل ہونے سے ملک میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری آئے گی۔

ایک سوال کے جواب میں یحیٰی پولانی نے کہا عمران خان قوم کی آخری امید ہیں اقتدار میں نہ آتا تو پاکستان دیوالیہ ہو جاتا عمران خان کو کوئی ذاتی لالچ نہیں وہ سادگی کو فروغ دے کر کرپٹ عناصر کا احتساب کر کے پاکستان کو مضبوط اور ناقابل تسخیر بنانا چاہتا ہے۔

پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے کے سوال پر یحیٰی پولانی نے کہا پاکستان میں عمران خان ٹورازم کو فروغ دے رہے ہیں، پاور ایکسپورٹ میں رکاوٹوں کو دور کر رہے ہیں، پاکستانی مصنوعات کی ایکسپورٹ کو بڑھانے کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں، اوورسیز پاکستانیز کا حکومت پر اعتماد بڑھا کر بڑی انویسٹمنٹ پاکستان لانے کے فیصلے کر رہے ہیں۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، چائنہ، قطر، ترکی سمیت بڑے ممالک سے پاکستان میں تاریخی انویسٹمنٹ آنے سے پاکستان کے تمام تر معاشی، اقتصادی مسائل حل ہو جائیں گے۔

ایک اور سوال کے جواب میں یحیٰی پولانی نے کہا پاکستان ایک سونے جیسا ملک ہے اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو تمام تر





نعمتوں سے نوازا ہے عوام بہت اچھے محنتی اور جفاکش ہیں۔ پاکستان کے پاس دنیا کی سب سے زیادہ ینگ بلڈ اور ینگ جنریشن ہے۔ پاکستان کے پاس آزاد کشمیر، ناردرن ایریا میں پانی کے خزانے ہیں۔ آزاد کشمیر میں ہائیڈرل کے ذریعے 50 ہزار میگاواٹ پیدا کر سکتے ہیں اسی طرح کے پی کے میں ڈیم بنا کر نہ صرف بجلی کی اپنی بلکہ دوسرے ملکوں کو ایکسپورٹ کر سکتے ہیں چائنہ میں 60 ہزار ڈیم ہیں، امریکہ کے پاس 80 ہزار ڈیم ہیں، انڈیا کے پاس بھی ہزاروں ڈیم ہیں جبکہ پاکستان کا سارا پانی سمندر میں گر کر ضائع ہو رہا ہے انشاء اللہ عمران خان کے دور میں ہی ڈیم بنیں گے۔

تحریک انصاف میں شمولیت کے سوال پر یحییٰ پولانی نے کہا میں نے اپنی زندگی میں عمران خان جیسا ملک کے ساتھ مخلص لیڈر نہیں دیکھا عمران خان میں کام کرنے اور کام لینے کی زبردست صلاحیت موجود ہے۔ عمران خان نے اپنی زندگی کے 30 سال ویسٹرن میں کرکٹ کھیلتے گزارے۔ عمران خان نے کرکٹ کی دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ کچھ نہ ہوتے ہوئے دنیا کے بہترین ہسپتال لاہور، پشاور، کراچی میں بنائے۔ نمل یونیورسٹی پاکستان میں بنا دی اس کی ڈگری آکسفورڈ یونیورسٹی کے برابر ہے۔ کے پی کے سرکاری سکولوں، ہسپتالوں کے معیار کو اپ کیا۔ پولیس سسٹم کو میرٹ پر درست کیا، ماحولیات اور ٹورازم کو فروغ دینے کیلئے قابل تعریف اقدامات کئے۔ کے پی کے میں کسی قسم کی کوئی کرپشن یا غیر قانونی کام نہیں کیا جس کی وجہ سے صوبے میں پہلے سے زیادہ ووٹ اور سیٹیں حاصل کی ہیں انشاء اللہ کراچی کی ڈویلپمنٹ میں بھی عمران خان بہت اہم رول ادا کرے گا۔

پاکستان کے سیاسی حالات کے سوال پر یحییٰ پولانی نے کہا پاکستان کے سیاسی و معاشی حالات درست کرنے میں 5 سال لگیں گے۔ نواز شریف نے 5 سال میں 48 بلین ڈالرز کا قرضہ لیا۔ زرداری صاحب نے دس سال میں 18 بلین ڈالر کا قرضہ لیا۔ اس سے پہلے 60 سال میں 38 بلین ڈالرز کا قرضہ تھا۔ دونوں بڑی پارٹیوں نے پاکستان کو قرضوں کے بوجھ میں دبا دیا۔ پاکستان کو قرضوں سے نجات دلانے کیلئے عمران خان کو ماہر معاشیات کی بہت اچھی ٹیم تجربہ کار، محب وطن ٹیم کی ضرورت ہے جو پاکستان کے معاشی اور اقتصادی مسائل پر قابو پانے کیلئے ہنگامی سطح پر ٹھوس اقدامات کرے۔

اپنی تحریک انصاف میں شمولیت کے سوال کے جواب میں یحییٰ پولانی نے کہا میں سمجھتا ہوں ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے ایماندار، دیانتدار اور قومی خدمت کا جذبہ رکھنے والی قیادت کی ضرورت ہے وہ صرف عمران خان ہی پورا اترتے ہیں۔ 4 جولائی کو میں نے اپنے ضمیر کے مطابق پہلی بار تحریک انصاف میں شمولیت کا فیصلہ کیا میری دعوت پر عمران خان میرے گھر ناشتے پر تشریف لائے جہاں 4،5 سو کے قریب کراچی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ مدعو تھے۔ بہترین ناشتے میں نہاری، پائے، حلوہ پوری، لسی تھی۔ عمران خان پہلے لیڈر ہیں جو میرے گھر آئے مجھے تحریک انصاف کی پرچم کیپ اور اجرک پہنائی یہ میرے لئے بہت بڑا اعزاز ہے لوگ کیپ کیلئے بنی گالا جاتے تھے وہی کیپ پہنانے میرے گھر آئے۔ کراچی میں عمران خان کے ساتھ تحریک انصاف کی بہت اچھی ٹیم ہے جنہوں نے کراچی کو سویپ کیا ہے انشاء اللہ ہم عمران خان کی قیادت میں ملک وقوم کی خدمت کریں گے۔

ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آئی تو پہلے سال تو مہنگائی تھی 25%۔ اس کے بعد ن لیگ آئی تو اس کی مہنگائی پہلے سال ساڑھے نو فیصد تھی پہلے سال نو سوا نو کے درمیان تھی۔ آج اتنی مہنگائی نہیں جتنا (باقی صفحہ 71 پر)

# یحییٰ پولانی کا محمد صدیق القادری (مرحوم) کے بارے میں تعزیت اور اظہارِ خیال



سب سے پہلے تو میں ان کے انتقال پر آپ سے اور آپ کے گھر والوں سے بہت زیادہ تعزیت کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اجر عظیم دے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے (آمین) محمد صدیق القادری سے میرا تعلق پچھلے 30 سال سے ہے۔ قادری صاحب بہت عظیم انسان تھے بہت اچھے بہت پیارے انسان تھے۔ موصوف اوورسیز گلف ممالک کو بہت اچھے طریقے سے کور کرتے تھے۔ جب پاکستانی لوگ ایمپلائمنٹ کیلئے دوسرے ممالک جاتے تھے۔ اس حوالے سے بہت بڑا کام کرتے تھے۔ موصوف سب سے نفیس بہت پیار کرنے والے انسان تھے۔ میں نے اتنے سالوں میں ان کو کبھی غصے میں نہیں دیکھا۔ ان کے ساتھ تو میرا پیار ہی اتنا تھا جب بھی کراچی آتے پہلے ٹیلی فون آتا جانِ جگر میں آ گیا ہوں ہمیشہ سے میرے ان کے ساتھ تعلقات بہت اچھے رہے تھے۔ سب سے اچھی کوریج بھی دیتے تھے۔ گورنمنٹ کے سارے پوائنٹ ٹورازم اوورسیز کو پرموٹ بھی کرتے تھے۔ بہت پیار تھا کہ ان کیلئے ہمیشہ دعائے مغفرت کرتے رہیں گے۔ اور اللہ سے آپ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کریں گے۔ کیونکہ یہ خلاء تو پورا نہیں ہو سکتا۔ پھر اللہ انسان کو صبر آہستہ آہستہ دے دیتا ہے۔ کیونکہ اللہ نے 3 دن کے سوگ کا فرمایا ہے۔ اس کے بعد لوگ اپنے اپنے کاروبار میں لگ جاتے ہیں۔ گھر والوں کو بھلانے میں ٹائم لگتا ہے۔ جو کام کرنے والے ہیں وہ آہستہ آہستہ بھلا دیتے ہیں یعنی وقت کے ساتھ ساتھ صبر آ جاتا ہے۔ اس لئے ان کی Contribution بہت بڑی تھی ان کے بات کرنے کا انداز بہت منفرد اور دلکش تھا بہت پیار کرنے والے انسان تھے۔ میں جتنے لفظ بولوں تو وہ کم پڑیں گے ہر لحاظ سے اچھے انسان، بڑے خوشگوار، باقاعدہ گلف ممالک کے حوالے سے ان کی تعریف ہوتی تھی۔ سعودی گورنمنٹ کو بڑا پرموٹ کرتے تھے۔ گلف ممالک کو بڑا پرموٹ کرتے تھے۔ تو اس سے پاکستانیوں کو روزگار بھی بہت ملا ہے۔

کیونکہ یہ میرے ساتھ جہاں بھی جاتے تھے پاکستان کے بارے میں ایک اچھا تاثر لے کے جاتے تھے۔ جب کوئی پاکستانیوں کیلئے اچھا تاثر لے کے جاتا ہے تو بیرون ملک میں لوگوں کے دلوں میں پاکستانیوں کیلئے محبت بڑھ جاتی ہے۔ انہوں نے پاکستان کو بہت پرموٹ کیا ہے۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اللہ نے ان کو اتنی جلدی کیوں اپنے پاس بلا لیا۔ آنے کا ٹائم تو مقرر ہوتا ہے اور جانے کا کسی کو کوئی پتہ نہیں ہوتا۔ تو اس میں بھی اللہ کی کوئی حکمت ہو گی اللہ کو بہتر معلوم ہو گا بجائے یہ کہ وہ بڑی تکلیف میں مبتلا ہوتے۔ تو اللہ نے بڑی عزت سے بغیر کسی کی محتاجی سے بچا لیا اور وہ چلتے پھرتے دنیا سے رخصت ہو گئے بہت ہی نفیس انسان تھے۔



# وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان کی والدہ ماجدہ کی وفات پر مختلف اہم سیاسی وسماجی شخصیات کی فاتحہ خوانی کی تصویری جھلکیاں



چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور غلام احمد بلور وزیراعلیٰ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کی والدہ ماجدہ کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے



وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار، گورنر پنجاب چوہدری غلام سرور ودیگر وزیراعلیٰ کے پی کے کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد دعا مانگ رہے ہیں



پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما جہانگیر ترین فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وفاقی وزیر مذہبی امور نورالحق قادری وزیراعلیٰ سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں



سینئر صوبائی وزیر سیاحت عاطف خان اور صوبائی وزیر بلدیات شہرام خان ترکئی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وفاقی وزیر بجلی یوسف ایوب فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



سابق وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف محمود خان سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں



صوبائی وزراء لیاقت خٹک و محب اللہ وزیراعلیٰ سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر زراعت محب اللہ خان ڈیڈک چیئرمین فضل حکیم خان ودیگر دعا مانگ رہے ہیں



صوبائی وزیر سی اینڈ ڈبلیو اکبر ایوب ودیگر وزیراعلیٰ سے والدہ صاحبہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں





ڈی آئی جی ملاکنڈ اعجاز خان وزیراعلیٰ محمود خان کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں





National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Arabian Travels (Umarah & Hujj Services
CHAND TARA RECRUITING
Overseas Employment Promoters
Licence: MPD/2407/PWR/PAK
14-Boby shopping Center, Arbab Road, Peshawar Cantt. Pakistan. Tel: +92-91-5277141, +92-91-5273083-84, Fax: +92-91-5260292, Parqallah: Ph: 6282610
E-mail: chandtara_recruiting@yahoo.com www.chandtararecruting.com
Muhammad Siraj
Managing Director
+92-333-9197799
Fazl-e-Rabbi
Managing Partner
+92-334-9197799




National Day GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
89th Saudi National Day
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت، بحرین میں قانونی ذرائع سے روزگار کی فراہمی کا قابل اعتماد ادارہ
Bajwa Enterprises
Overseas Employment Promoters Lic # MPD/2348/LHR
Shamshad Ahmad Bajwa
Chief Executive
0333-8107129
28-Fist Floor, G.D.A Commercial Plaza Civil Lines Gujranwala-Pakistan. Ph:0092-55-3844335 Fax:0092-55-3734371
Email:bajwa2348_pk@yahoo.com





تحسین القادری کے قلم سے

## جدی پشتی معلم عبدالعزیز سراج کی امسال حج مشن کے اختتام پر

# وزیر مذہبی امور پیر نورالحق قادری کے اعزاز میں تقریب

## احوال تقریب اور کچھ یادیں سابق ڈائریکٹر حج بحراللہ ہزاروی کے بارے میں

بحراللہ ہزاروی صاحب سے ہم کلامی کا شرف حاصل تھا ایک موقع پر وہ کہنے لگے میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ مجھے حجاج کرام کی خدمت کیلئے سعودی عرب میں 23 سال رہنے کا اتفاق ہوا۔ الحمد للہ چار مرتبہ مملکت سعودی عرب میں پاکستان کے قونصلیٹ کے حج سیکشن میں سفارتی امور انجام دیئے اس میں وہ آخری سات سال بھی شامل ہیں جب میں نے بطور ڈائریکٹر حج خدمات انجام دیں۔ یہ میری زندگی کے بہت اہم سال تھے کیونکہ مجھے ضیوف الرحمٰن کی خدمت کرنے کا صحیح موقع ملا اور میں اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ شکر ادا کرتا ہوں۔ اس عرصہ میں مختلف وزراء وزارت مذہبی میں آئے وزارت مذہبی امور کے مختلف سیکریٹریز آئے اور مملکت سعودیہ میں کئی سفیروں کے ماتحت خدمات انجام دینے کا بھی موقع ملا۔ بحراللہ ہزاروی صاحب نے بتایا کہ میں نے بطور ڈائریکٹر حج خدمات انجام دینے شروع کئے اس وقت وزارت مذہبی امور میں کوئی وزیر نہیں تھا ہمارے وزارت کے سیکریٹری راشد محمود انصاری صاحب تھے۔ لیکن ان کے بعد برادرم محمد اعجاز الحق صاحب کا بطور وزیر مذہبی امور تقرر ہوا۔ جن کے ساتھ میرے 1978ء سے تعلقات تھے اور یہ میرے پہلی پوسٹنگ کے دن تھے جب میں نے 1977 سے 1988 تک بطور رابطہ آفیسر رہا۔ محمد اعجاز الحق صدر مملکت اور چیف مارشلا ایڈمنسٹریٹر کے صاحبزادے تھے لیکن ان میں اس وقت کے اور جب وہ ہمارے وزیر بنے ان میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی بلکہ 1997ء میں جب میری کتاب جو بانی مملکت سعودی عرب کے بارے میں تالیف کی تھی اس کے تقریب رونمائی کیلئے بنائے گئے استقبالیہ کمیٹی کے چیئر مین تھے۔ اس وقت وہ پاکستان مسلم لیگ کے ایم این اے تھے یہ ذمہ داری انہوں نے بہت اچھی طرح ادا کی۔ جب ظفراللہ جمالی صاحب وزیر اعظم تھے تو اس وقت ان کیلئے وزارت کی باتیں ہو رہی تھیں اس وقت ابھی میری پوسٹنگ نہیں ہوئی تھی ایک دن اسلام آباد ہوٹل میں ایک تقریب تھی۔ تقریب کے بعد اسلام آباد ہوٹل کی چھت پر کھانے کے بعد چہل قدمی کر رہے تھے تو اعجاز صاحب نے کہا کہ ہوسکتا ہے میں حلف اٹھاؤں میں نے ان سے کہا کہ وزارت مذہبی امور ٹھیک رہے گا ان کی دلچسپی اور سینز وزارت سے تھی بہر حال میری ٹرانسفر بطور ڈائریکٹر حج ہوئی ابھی انہوں نے بطور وزیر حلف نہیں اٹھایا تھا جو محترم و مکرم میر ظفراللہ خان جمالی صاحب وزیر اعظم پاکستان کی خواہش تھی۔ میں نے ٹرانسفر کیلئے شرط رکھی کہ جدہ میں ڈپٹی ڈائریکٹر حج کی پوسٹ تھی اور میں نے اس پوسٹ کو اپ گریڈ









کیلئے درخواست کی تھی جو منظور ہوئی اور اب تک یہ پوسٹ بطور ڈائریکٹر حج کی ہے۔ بحراللہ ہزاروی صاحب نے بتایا کہ میں نے سات سال گزارے اور ان کے بعد محترم سید خورشید شاہ صاحب وزیر بن گئے درمیان عرصے میں کاظمی صاحب بھی تھے۔ میری خواہش رہی کہ اپنے تعلقات کو ذاتی مقاصد کیلئے استعمال نہ کروں بلکہ ملک اور حجاج کے عظیم مفادات کیلئے ان تعلقات کو استعمال کروں۔ 2005ء میں جب اعجاز الحق صاحب وزیر مذہبی امور تھے ان کے تعارف کیلئے یہی کافی تھا کہ شہید جنرل محمد ضیاء الحق کے صاحبزادے تھے 2005ء میں سعودی عرب کے وزیر حج ڈاکٹر آیاد مدنی صاحب تھے وہ ایک عظیم صحافی بھی تھے آیاد مدنی صاحب سعودی عرب کے اخبار سعودی گزٹ کے ایڈیٹر ان چیف تھے انہوں نے صدر محمد ضیاء الحق کے بطور صحافی کے کئی انٹرویو کئے تھے۔ منیٰ میں حج کے دوران عید کے دوسرے دن ایک تقریب منعقد کی جاتی ہے اس میں تمام اسلامی ملکوں کے حج وفود شرکت کرتے ہیں۔ اس تقریب میں تقریریں کی جاتی ہیں 2005ء میں یہ اعزاز اس وقت کے وزیر مذہبی امور محمد اعجاز الحق کو ملا تاریخی طور پر پہلا موقع تھا کہ کسی پاکستانی وزیر کو یہ اعزاز ملا ہو۔ بحراللہ ہزاروی صاحب اس اعزاز کے بارے میں دلچسپ کہانی بتاتے ہوئے کہتے ہیں کہ مملکت سعودی عرب کے وزارت حج نے جب مجھے مطلع کیا تو ساتھ یہ کہا کہ کیا محمد اعجاز الحق عربی میں تقریر کرسکیں گے میں نے ٹیلیفون پر اعجاز الحق بھائی سے رابطہ قائم کیا اور مجھے پتہ تھا کہ وہ کئی سال تک بحرین میں رہے ہیں اور مجھ سے بھی وہ کبھی کبھار عربی میں گفتگو کرتے تھے جب میں نے ان کو سعودی وزارت حج کے اس اعزاز سے مطلع کیا اور یہ کہا کہ یہ تقریر عربی میں ہوگی انہوں نے حامی بھری اور ہدایت کی کہ عربی میں تقریر (باقی صفحہ 71 پر)



National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
خادم حجاج
الحاج بابو عمران قریشی
صدر رفیق حجاج کمیٹی
(سہام) پاکستان
ایڈریس: 15 سہام راولپنڈی کینٹ
0300-9727411




National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th National Day
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
گورنمنٹ آف پاکستان سے ایوارڈ یافتہ پوزیشن ہولڈر
BASHIR Ibrahim Enterprises
Overseas Employment Promoters
Lic No # 1328/KAR
Head Office: Office # 5, Ground Floor Trade Center Block 7-8
Balouch Colony, Shahra-e-Faisal karachi
Ph:021-34388455-34388587-34533519 Fax:+92-21-34525160
Branch Office: Office # 1&2, 2nd Floor Al-Falah Center Rehmanabad
Satellite Town Rawalpindi. Ph:+92-51-4842057-4842058 Fax: +92-51-4842059
Email:bashiribrahim1328@live.com, info@bieoep.com
Web: www.bieoep.com
Haji Bashir Ahmed
Proprietor
0300-2976035
Waqas Bashir
0092-321-2976035

# ہم مخالف گروپ اور اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے

## چیئرمین پوئپا سرفراز ظہور چیمہ

ہردلعزیز شخصیت، نومنتخب چیئرمین پوئپا سرفراز ظہور چیمہ مینجنگ ڈائریکٹر برکھا انٹرنیشنل کا یوتھ انٹرنیشنل کو انٹرویو

س: سب سے پہلے تو آپ کو مبارکباد کہ آپ نے پوئپا میں کامیابی حاصل کی۔ آپ پیوئپا کے مسائل حل کروانے میں کیا کردار ادا کریں گے؟

ج: انشاء اللہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ جس مخالف گروپ نے ہمارے خلاف الیکشن لڑا ان کو بھی اور جو ہمارے اتحادی ہیں ان کو بھی ساتھ لیکر چلیں ہم ہرممکن کوشش کریں گے کہ جہاں جہاں مسئلے ہیں ان کو اچھے طریقے سے حل کریں چاہے وہ ایمبیسی کے ہوں یا وہ مختلف اداروں کے ہوں یا پھر گورنمنٹ کے ساتھ ہوں انشاء اللہ ہم پروموٹروں کی بہتری کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

س: گورنمنٹ اداروں میں پروموٹرز کو عزت دلوانے میں آپ کیا لائحہ عمل اختیار کریں گے؟ کیونکہ کچھ پروموٹرز کا کہنا ہے ہمیں اتنی عزت نہیں ملتی جتنی ہم کوشش کرتے ہیں؟

ج: یہ بات ٹھیک ہے کہ ہمارے ملک میں کمیونٹی کی اتنی عزت نہیں ہے جتنی دوسرے ممالک جیسے فلسطین، انڈیا، بنگلہ دیش، نیپال اور سری لنکا میں دی جاتی ہے۔ اس کی نسبت ہمیں اتنی عزت گورنمنٹ لیول پہ نہیں ملتی۔ اس کیلئے ہم بھرپور کوشش کریں گے۔ کیونکہ ہمارا ایک میجر رول ہے۔ ہم Foreign Eminence گورنمنٹ کو Realize کروائیں گے کیونکہ گورنمنٹ کا کام ہم کر رہے ہیں جس میں مین کردار ہماری کمیونٹی کا ہے۔

س: پوئپا پروموٹرز برادری کا ترجمان ادارہ کیسے بن سکتا ہے؟

اسلام آباد میں سعودی سفارت خانے کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق سعودی وزیر مملکت برائے خارجہ عادل الجبیر پاکستان کے وزیر اعظم عمران خان، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی اور بری فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان کے دورے کے دوران پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا جائے گا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال ہو گا۔ اس سے قبل پاکستان کے وزیر اعظم اور سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان ٹیلی فون پر بھی رابطہ ہوا تھا۔ سعودی وزارت خارجہ کے سرکاری ٹویٹر اکاؤنٹ کے مطابق پاکستان کے وزیر اعظم نے سعودی ولی عہد کو فون کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات کا جائزہ لیا اور خطے میں ہونے والی تازہ ترین پیش رفت پر بھی بات چیت کی۔ یاد رہے کہ وزیر اعظم عمران خان اور سعودی ولی عہد کے درمیان انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کیے جانے کے بعد دونوں ممالک کی کشیدگی کے تناظر میں یہ تیسرا رابطہ ہے۔ ان رابطوں کے دوران وزیر اعظم عمران خان نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کو کشمیر کی صورت حال سے متعلق بریف کیا۔

## اعجاز الحق

کو وسیع تناظر میں دیکھا جاتا ہے اور Sportsman Spirit میں نظر انداز اور ایک دوسرے کو معاف کر دیا جاتا ہے۔ اس لئے کوئی تادیبی کارروائی نہیں کی جاتی۔

سوال: پاکستان میں سیاست کرنے کی وجہ کیا بنی؟

جواب: میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں اس طرح پاکستان میں سیاست کروں گا۔ نہ ہی میرے والد صاحب چاہتے تھے کہ ان کے بچے عملی سیاست میں آئیں ان کے خیال میں ایسا کرنا کوئی نیک نامی نہیں۔ ان کی خواہش اور کوشش یہی رہی کہ میرے بچے سیاست اور امور سلطنت سے دُور ہی رہیں۔ بڑا بیٹا ہونے کے ناطے میرے خاندان میں کسی نے کبھی مجھے نہیں کہا کہ تم پاکستان آ جاؤ۔ کوئی انڈسٹری یا مل وغیرہ لگا لو۔ بینک سے قرض لے لو یا معاف کروا لو۔ انہوں نے کہا کہ خود محنت کرو تم نہ کوئی سرکاری افسر ہو نہ ہی ڈپلومیٹ Diplomat ہو۔ تم ہمیشہ عام پاکستانی پاسپورٹ پر عام مسافر کی طرح سفر کرنا کوئی سہولت یا مراعات حاصل کرنے کی کوشش نہ کرنا۔ میں آپ کو ایک قصہ سناتا ہوں۔ ایک دفعہ سعودی عرب میں مجھے پولیس نے پکڑ لیا۔ امیگریشن والوں نے پوچھا کہ تمہارے پاسپورٹ پہ Multiple Visa لگا ہوا ہے۔ انہوں نے مجھے Lock up میں بند کر دیا۔ میں ان سے بحث اور لڑائی جھگڑا کر کے باہر آ گیا۔ اتنے میں ایک افسر بھاگا بھاگا میرے پاس آیا اور پوچھنے لگا کہ کیا تم صدر پاکستان کے بیٹے ہو میں نے بتا دیا کہ میں صدر پاکستان کا بڑا بیٹا ہوں۔ وہ پوچھنے لگا کہ تمہارے پاس Diplomate Passport کیوں نہیں ہے۔ تمہارے والد صاحب کی کتنی شادیاں ہیں؟ شائد تم ایسی بیوی کے بیٹے ہو جس کو تمہارے والد صاحب پسند نہیں کرتے۔ میں نے کہا کہ نہیں ایسی بات نہیں ہے۔ میرے والد صاحب کی ایک ہی بیوی ہے اور میں ہی اُن کا بیٹا ہوں۔

سوال: پاکستانی سیاست دان اتنے چالاک کیوں ہوتے ہیں؟

جواب: میں ایسا نہیں سمجھتا۔ سیاست دان بھی عام انسان ہی ہوتے ہیں اور اپنے ماحول، معاملات، مصلحت، مفاد اور مافی الضمیر کے مطابق فیصلہ اور عمل کرتے ہیں۔ یہ مقامِ افسوس ہے کہ ہمارے عوام زیادہ تر سیاست دانوں کو اچھے الفاظ سے یاد نہیں کرتی کیونکہ وہ اُن کی توقعات پر پورا نہیں اترتے۔

سوال: سیاست دان پیسے بہت کماتے ہیں۔ بطور سیاست دان کیا آپ کا بھی یہی ارادہ ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے بہت دیا ہے۔ ہر نعمت سے نوازا ہے الحمد للہ کسی چیز کی کمی نہیں۔

سوال: سابقہ وزیر اعظم پاکستان نواز شریف کو ضیاء الحق کا جانشین کہا جاتا ہے۔ آپ کا جانشین کون ہے۔

جواب: یہ بات لوگ مجھے کہتے تھے کہ ضیاء الحق کے بیٹے آپ ہیں تو جانشین نواز شریف کیسے بن گئے۔ دراصل میں تو سیاست میں تھا ہی نہیں اور نہ ہی ایسی کوئی خواہش والد صاحب ہی رکھتے تھے۔ میرے والد صاحب میاں شریف کی بہت عزت کرتے تھے اور نواز شریف سے خصوصی لگاؤ رکھتے تھے اور بطور صوبائی وزیر اور بطور وزیر اعلیٰ ان کی کارکردگی دیکھ چکے تھے۔ وہ میاں صاحب سے بہت متاثر تھے اور ان کو بیٹوں کی طرح چاہتے تھے۔ ان میں Potential دیکھ کر ان کی Grooming کر رہے تھے۔ جب 17 اگست 1988 کا اندوہناک حادثہ ہو گیا اور ایک نئی صورتِ حال سامنے آئی تو میاں صاحب میری والدہ کے پاس آئے اور کہا

کہ آپ کے بچوں میں سے کوئی آگے آئے تو میری والدہ نے کہا کہ نہیں آپ بڑے ہو آپ بھی میرے بچوں کی طرح ہیں۔ آپ آگے لگیں یہ آپ کے پیچھے آئیں گے۔ یہ میری والدہ کا فیصلہ تھا۔ میری سیاسی جماعت ایک چھوٹی پارٹی ہے اور اچھی کارکردگی دکھا چکی ہے۔ ضیاء الحق کے چاہنے والوں کی ایک کثیر تعداد ہمارے ساتھ ہے لیکن یہ پورے ملک میں ہر جگہ بکھری ہوئی ہے۔ میں ان سب سے رابطے میں رہتا ہوں۔ اس میں جانشینی کا کوئی مسئلہ نہیں۔ کارکن جس کو چاہیں چن لیں گے۔

سوال: آپ کے والد صاحب کو لوگ تنقید کا نشانہ کیوں بناتے ہیں؟

جواب: ہمارے اکثر عوام کی ذہنی اور تعلیمی سطح، آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ الا ماشاء اللہ کافی کم اور پست ہے۔ غربت اور جہالت نے ہمارے پورے معاشرے کو گھیر لیا ہے۔ عوام حکمرانوں سے روٹی، کپڑا اور مکان کی توقع رکھتے ہیں۔ میرے والد کا دورِ حکمرانی بہت پیچھے رہ گیا ہے نئی نسل کو اس وقت کے مسائل اور مشکلات کا اندازہ ہی نہیں میڈیا پر تجزیہ کاروں، اینکروں، مہمانوں، میزبانوں اور سیاست دانوں کی اکثریت انہی لوگوں میں سے ہوتی ہے۔ اوپر سے طرفہ تماشا یہ ہے کہ ان پر ''آمریت'' کا ٹھپا لگا ہے۔ تاہم اُن کے ہم عصر لوگوں کی اکثریت ایک مختلف رائے رکھتی ہے۔

سوال: آپ جمہوریت کو زیادہ اچھا سمجھتے ہیں یا آمریت کو؟

جواب: اِس وقت پوری دنیا میں سیاست کی عمارت ''اکثریت'' اور ''جمہوریت'' پر کھڑی ہے۔ عالمی حقیقت یہی ہے کہ بدترین جمہوریت بھی بہترین آمریت سے بہتر ہے۔ تو میں بھی اسی حقیقت پر یقین رکھتا ہوں۔

سوال: شنید ہے کہ چوہدری شجاعت کی والدہ نے آپ کے ساتھ کھڑا ہونے کی کوشش کی۔ آپ نے ان کا ساتھ کیوں نہیں دیا؟

جواب: بھٹو کے خلاف چوہدری ظہور الٰہی کی جدوجہد کے پس منظر میں چوہدری شجاعت کی والدہ ایک جہاں دیدہ، نڈر اور دلیر خاتون تھیں۔ میری والدہ کے ساتھ ان کا گہرا تعلق تھا۔ جب ہمیں آرمی ہاؤس خالی کرنا پڑا تو ہمیں کافی پریشانی ہوئی۔ میں نے بھاگ دوڑ کی کہ کوئی مناسب رہائش کرایہ پر مل جائے یا خرید لی جائے۔ لیکن حکومت وقت کی مخاصمت کی وجہ سے لوگ ڈرتے اور کرایہ پر رہائش دینے سے خوفزدہ تھے ان کو پتہ چلا تو وہ میری والدہ کے پاس آئیں اور کہا کہ وہ ویسٹریج میں واقع اپنی وسیع کوٹھی خالی کرا کر آپ کو دیتی ہوں۔ آپ وہاں شفٹ Shift ہو جائیں۔ یوں ہم کافی عرصہ ان کی رہائش گاہ میں رہے جب تک ہمارا زیر تعمیر مکان مکمل نہیں ہو گیا۔ چوہدری شجاعت اور چوہدری پرویز الٰہی سے میرے تعلقات بہت اچھے ہیں لیکن سیاست میں ان کا پیپلز پارٹی کے ساتھ تعاون اور شراکت کے باعث ہمارے درمیان فاصلے ہو گئے۔

سوال: عید کے دن آپ اپنے حلقے کے لوگوں کو کیسے مل پاتے ہیں۔

جواب: عید کا دن میں اپنی فیملی کے ساتھ ہی گزارتا ہوں کیونکہ میرا حلقۂ انتخاب بہاول نگر کافی دور ہے۔ عید کے بعد تقریباً فوراً ہی اپنے حلقے میں چلا جاتا ہوں اور کافی دن اُن لوگوں کے درمیان ہی گزارتا ہوں۔ ویسے عام دنوں میں بھی میں عموماً اپنے حلقے میں آتا جاتا رہتا ہوں۔ اس لئے کوئی زیادہ فرق محسوس نہیں ہوتا۔

سوال: کیا آپ کے گھر والے آپ سے نہیں کہتے کہ آپ ہمیں ٹائم نہیں دیتے؟

جواب: نہیں ایسی کوئی صورتِ حال نہیں ہے۔ وہ میری مصروفیات اور ضروریات کو سمجھتے ہیں میں بھی کوشش کرتا ہوں کہ جہاں تک ممکن ہو زیادہ سے زیادہ وقت اہل خانہ کے ساتھ گزاروں۔

سوال: آپ نے اپنے گھر میں بہت سے پھول لگائے ہیں کیا آپ کو پھولوں کا شوق ہے۔

جواب: جی ہاں۔ رنگ برنگے خوشبودار مہکتے پھول ماحول کو پروقار بنا دیتے ہیں۔ ایسے میں قدرت کی ٹھنڈی ہوا میں دوستوں کے ساتھ بیٹھنا بہت خوشگوار لگتا ہے۔

سوال: آپ ہمارے ناظرین کے ساتھ کچھ یادگار لمحات Share کریں۔

جواب: زندگی کے بہت سے نشیب و فراز دیکھنے کو ملے۔ قومی تاریخ کو قریب سے بنتے بگڑتے دیکھا۔ والد کی شہادت اور والدہ کی رحلت سے بہت خلا اور خسارا دیکھا۔ بڑے بڑے لوگوں سے ملاقات کا موقع ملا۔ انسانوں کے مختلف روپ رنگ دیکھے۔ سیروفی الارض کے حکم میں کئی ممالک میں حالاتِ زمانہ کی نشانیاں دیکھیں۔

سوال: اس وقت آپ کہاں تھے جب آپ کو پتہ چلا کہ آپ کے والد شہید ہو گئے ہیں۔

جواب: میں اس وقت پاکستان سے دُور ٹورنٹو کینیڈا میں تھا۔ میرے دونوں بچے عثمان اور عمر میرے ساتھ تھے۔ مجھے اچانک یہ اطلاع ملی اور ہم لوگ دو دن کے بعد یہاں پہنچے اور جنازے سے ایک دن پہلے پہنچے۔ یہ بھی پاکستان کے لوگوں کی محبت ہے کہ میں نے جہاں سے بھی انتخابات میں حصہ لیا وہاں سے میرا کوئی تعلق نہیں تھا وہاں نہ میری کوئی زمین جائیداد تھی نہ ہی کوئی برادری رشتے داری تھی۔ لوگوں کے دلوں میں میرے والد صاحب کی محبت تھی کہ لوگ مجھے دعوت دیتے تھے کہ میں وہاں سے الیکشن لڑوں۔ میں نے اپنی ایک چھوٹی سی سیاسی جماعت بنائی اور وہاں سے آزاد حیثیت میں الیکشن میں حصہ لیا۔ بڑا اچھا رزلٹ آیا اور مجھے کامیابی نصیب ہوئی۔ 1990 میں میں نے پہلا الیکشن لڑا۔ تو میں دوسرے نمبر پر تھا ووٹوں میں اکثریتی نمائندے کے لحاظ سے۔ میں راولپنڈی، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور بہاولنگر سے الیکشن لڑتا رہا ہوں۔ میرے حلقے کے لوگ مجھے بہت عزت اور عقیدت سے ووٹ دیتے ہیں۔ میں بھی ہمیشہ ان سے رابطے میں رہتا ہوں۔

سوال: آپ کے والد صاحب کا Plane کریش ہوا۔ کیا اس کے پیچھے کوئی سازش تھی؟

جواب: بلاشبہ یہ ایک منظم بین الاقوامی سازش تھی جس نے وطن عزیز کو اعلیٰ ترین سیاسی اور عسکری قیادت سے محروم کر دیا۔ یہ پاکستان دشمن قوتوں کا ناقابل تلافی وار تھا جس میں وہ کامیاب رہے مگر افسوس تو اِس بات کا ہے کہ اس سانحے کی کوئی باقاعدہ کریمینل اِنکوائری نہیں ہوئی۔ اگر ایسی کوئی اِنکوائری ہوتی تو ہم معاملے کی تہہ تک پہنچ سکتے تھے۔ جنرل ضیاء الحق میرے والد تھے۔ صدر پاکستان اور چیف آف آرمی سٹاف تھے۔ آپ دیکھیں کہ اِس ایک واقعے کے بعد ایسے کتنے حملے ہوئے۔ صدر مشرف پر کئی حملے ہوئے۔ وزیر اعظم شوکت عزیز پر حملہ ہوا۔ بے نظیر پر حملہ ہوا۔ ابھی تک بے نظیر کے قاتل نہیں پکڑے گئے۔

سوال: آپ کے والد فوج میں جنرل تھے۔ کیا آپ کو خیال نہیں آیا کہ آپ بھی فوج میں شامل ہوتے؟

جواب: میرا دل تو چاہتا تھا اور شدید خواہش تھی کہ فوج میں جاؤں۔ میں نے اس کیلئے Apply بھی کیا تھا۔ 1971 کی بات ہے بنگلہ دیش بنا تو میں نے سوچا کہ فوج میں جاؤں اور بدلہ لوں میں اس وقت FSc میں تھا۔ میرے والد نے میرے لئے مختلف ممالک میں Apply کیا ہوا تھا۔ میرے لئے امریکہ سے داخلہ آ گیا۔ اس وقت میرے والد نے مجھے پوچھا کہ کیا کرنا چاہتے ہو۔ مجھے باہر دوسرے ممالک دیکھنے کا بہت شوق تھا۔ میں انگلینڈ اور سعودی عرب دیکھ چکا تھا۔ یوں میں امریکہ چلا گیا۔

سوال: چھٹی کے دن کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟

جواب: جب میں یونیورسٹی میں تھا تو میں ناشتہ نہیں کیا کرتا تھا کہ کون اتنی جلدی صبح اٹھے اور ناشتہ بنائے۔ اِس لئے عموماً یونیورسٹی کیفے ٹیریا سے اکثر و بیشتر ناشتہ وغیرہ کر لیتا تھا۔ اب میں نے روٹین بنائی ہے کہ صبح سویرے اٹھ کر پانی کے ایک گلاس میں ایک چمچ شہد ملا کر پی لیتا ہوں اور پھر گیارہ بجے چائے کا ایک کپ لیتا ہوں اور کچھ Snacks وغیرہ ناشتے میں مجھے انڈے پسند ہیں۔

سوال: جنرل باجوہ کیسا کام کر رہے ہیں۔

جواب: فوج کے اپنے Optics اور Dynomics ہوتے ہیں جن کے مطابق فوجی قیادت کام کرتی ہے۔ میرے دل میں فوج کیلئے بے پناہ عزت اور پیار موجود ہے۔ یہی حال ہمارے عوام خاص کر پرجوش نوجوان نسل کا ہے۔

سوال: کشمیر کب آزاد ہوگا؟

جواب: امید ہے کہ کشمیر انشاء اللہ ہماری زندگی میں ہی آزاد ہو

جائے گا۔ اور اسے ہو بھی جانا چاہئے۔ عالمی برادری اُن پر بھارت کے ظلم و ستم کو توجہ سے دیکھ رہی ہے۔ پاکستان کو اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹنا چاہئے۔ جو قومیں اپنے نظریے سے دست بردار ہو جاتی ہیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔ کشمیر کیلئے ایک لاکھ سے زیادہ عورتوں، بچوں اور ماؤں نے قربانی دی ہے اس وقت ان کی جدوجہد اور تحریک فیصلہ کن مرحلے میں ہے۔

سوال: آپ کو پاکستان کا مستقبل کیسا دکھائی دیتا ہے؟

جواب: الحمدللہ ہم نے دہشت گردی کی لعنت پر پوری طرح قابو پالیا ہے قبائلی علاقوں کو ہم نے صوبہ پختون خواہ میں ضم کرلیا ہے اور وہاں تعمیر و ترقی کے منصوبے شروع کر دیئے ہیں اقوام عالم خصوصاً اسلامی دنیا سے ہمارے تعلقات مستحکم اور خوش گوار ہیں۔ CPEC منصوبوں پر تیزی اور تسلسل سے عمل درآمد جاری ہے۔ بلوچستان میں امن و امان ہے۔ اس طرح انشاء اللہ پاکستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

سوال: آپ کس بندے کو لیڈر سمجھتے ہیں جو لیڈر شپ پہ پورا اترتا ہو؟

جواب: بدقسمتی سے ہمیں اچھے لیڈر ملے بھی ہیں اور نہیں بھی ملے۔ پاکستان جلد ہی قائداعظم، لیاقت علی خاں جیسے بانی لیڈروں سے محروم ہو گیا اور قیادت فیڈرل لارڈز کے ہاتھوں میں چلی گئی۔ 1956 تک ہم ملک کو آئین بھی نہیں دے سکے۔ کم و بیش آدھا عرصہ فوجی حکومتیں رہیں۔ آپ شاید مجھ سے اتفاق نہیں کریں گے کہ طرزِ حکمرانی میں آمریت بھی ایک طرزِ حکومت ہے جس کے اپنے نقصانات اور اسی طرح اپنے فوائد بھی ہیں ہم ایک ایسی قوم ہیں جو نہ آمریت کے فوائد حاصل کر سکی اور نہ ہی جمہوریت کا پھل کھا سکی۔ اس لئے ہماری دعا یہی ہونی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسا لیڈر عطا کرے جو ملک و قوم کیلئے مخلص اور Comitmant والا ہو۔

سوال: ایسا پیغام جو پاکستانی عوام کو دینا چاہیں؟

جواب: ملت کا ہر فرد اور مملکت کا ہر شہری محنت، ہمت اور لگن سے اپنا کام کرے تو منزل دور نہیں۔

## پیر نورالحق قادری کے اعزاز میں تقریب

تیار کی جائے زیر زبر کے ساتھ عربی تقریر تیار کی گئی اور فیکس کے ذریعہ ارسال کی گئی اور اس کی ایک کاپی سعودی وزارت حج کو بھی بھیج دی انہوں نے تیار کر لی جب وہ حج کی ادائیگی کیلئے پہنچے تو انہوں نے عربی کی تقریر تقریباً حفظ کر لی۔ اس وقت پی ٹی وی کے ایم ڈی ارشد خان بھی موجود تھے۔ ہم جب اعجاز الحق صاحب کے ساتھ پیلس پہنچے جانے سے پہلے اس تقریر کا اردو اور انگریزی ترجمہ بھی ہو چکا تھا۔ ہم تقریب شروع ہونے سے تقریباً نصف گھنٹے پہلے پہنچے تھے اچانک اعجاز صاحب نے مجھ سے کہا کہ پارٹنر میں تو انگریزی میں تقریر کروں گا مجھے بہت حیرت ہوئی میں نے کہا کہ حج منسٹر صاحب تقریب میں آچکے ہیں یہ بات آپ خود ان سے کہیں۔ میں نے سعودی حج منسٹر کے پاس جا کر کہا کہ ہمارے منسٹر آپ سے کچھ بات کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا خیریت ہے؟ میں نے کہا کہ آپ خود سن لیں جب آیا دمدنی صاحب اعجاز صاحب کے پاس آ گئے تو اعجاز صاحب نے وہی خبر ان کو سنائی اس وقت کچھ نہیں ہو سکتا تھا فیصلہ ہوا وہ انگریزی میں تقریر کرینگے اور عربی ترجمہ میں کروں گا بہر حال یہ تاریخی اعزاز ان کو ملا۔ پھر ہماری وزارت مذہبی امور کے وزیر سید خورشید شاہ بنے جو بادشاہ آدمی ہیں نہایت فراغ دل انکے ساتھ کام کرنے والے ان کے دوست اب تک ان کو یاد کرتے ہیں اور آج بھی شاہ صاحب موسم آم میں ان کو آم ارسال کرتے ہیں، بحر اللہ ہزاروی صاحب نے اپنے ایک دوست کا تعارف کچھ یوں کرایا کہ ہمارے ایک عزیز ترین دوست بھائی عبدالعزیز سراج محمد حسین ہیں جو جدی پشتی معلم ہیں اور ان کی نیک نامی مشہور ہے۔ بھائی اعجاز صاحب اور بھائی سید خورشید شاہ کے وقت وہ نمبر دو مکتب کے سربراہ تھے۔

تقریب سے وفاقی وزیر نے خطاب کیا ان سے پہلے ناچیز کی تقریر تھی جس میں ناچیز نے عبدالعزیز سراج سے اپنی پچیس سالہ بھائی چارہ کا حوالہ دیا اور میں نے اس شاندار تقریب پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس تقریب کیلئے سعودی عرب آنے سے قبل بھائی عزیز نے درخواست کی تھی اور ابھی ہم پاکستان میں ہی تھے کہ میں نے عزت مآب وفاقی وزیر مذہبی امور سے عبدالعزیز سراج کی اس خواہش کے بارے میں بتایا تھا اور کامیاب حج کے بعد جب میں نے بھائی عبدالعزیز سراج کی درخواست کا ذکر کیا تو وفاقی وزیر مذہبی امور نے مہربانی کرتے ہوئے شرکت پر رضامندی ظاہر کی۔ عبدالعزیز سراج نے تقریر کرتے ہوئے وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج کا استقبالیہ آپ کے اعزاز میں ہے اور ساتھ ساتھ اس سال حج مشن کامیاب ترین حج سیزن رہا ہے۔ اس لئے ہم نے بطور شکرانہ اس تقریب کا اہتمام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قیادت اور سعودی قیادت میں گہرے تعلقات ہیں لیکن یہ تعلقات عوام کے سطح پر بھی ہیں جس کا مظاہرہ ہم اس تقریب کے انعقاد پر کر رہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیر نورالحق قادری نے عبدالعزیز بھائی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس خوبصورت تقریب کا اہتمام اس مختصر نوٹس پر کیا۔ انہوں نے پاکستانی حجاج اور پاکستان کی قیادت کی جانب سے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز بن سعود اور وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف بن عبدالعزیز امیر مکہ شہزادہ خالد الفیصل ان کے نائب شہزادہ بدر بن سلط بن عبدالعزیز وزیر حج ڈاکٹر محمد صالح اور ان کے نائب کا شکریہ ادا کیا کہ اس سال حج غیر معمولی طور پر شاندار رہا اور ہم اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں انہوں نے سعودیہ سے تعلقات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات ہیں جو ہر امتحان پر پورا اترتے ہیں انہوں نے سعودی ولی عہد کے دورہ پاکستان میں ان کے ان الفاظ کا حوالہ دیا کہ جس میں انہوں نے وزیراعظم کو مخاطب کرتے ہوئے کہے تھے کہ مجھے آپ سعودیہ عرب میں پاکستان کا سفیر سمجھیں۔ یہ مختصر الفاظ جو سعودی عرب کے ولی عہد نے کہے پاکستانی عوام کے دلوں میں مملکت سعودی عرب کیلئے قیادت کیلئے اور عوام کیلئے محبت کے جذبات میں اضافہ ہوا۔ تقریب کے بعد عبدالعزیز سراج نے ایک پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا تھا اور عشائیہ کے بعد عبدالعزیز سراج نے وفاقی وزیر مذہبی امور سے درخواست کی کہ میرے اور میرے بھائیوں کی خواہش ہے کہ آپ ہمارے دفتر کا بھی دورہ کریں جو آپ کی رہائش کے قریب ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے اپنی رہائش جاتے ہوئے ان کے دفتر کا بھی دورہ کیا اس موقع پر ڈاکٹر پیر نورالحق قادری صاحب کے ہمراہ امجد خان ایم این اے بھی تھے۔ معزز قارئین کرام سابق ڈائریکٹر حج بحر اللہ ہزاروی صاحب اپنی ذات میں حقیقتاً ایک انجمن کی حیثیت رکھتے ہیں راقم کو والدہ اور بہن کے ہمراہ رمضان شریف میں عمرہ شریف کی سعادت حاصل کرنے کیلئے حرمین شریفین کے سفر کا اعزاز حاصل ہوا۔ اس مبارک سفر میں الحمدللہ بحر اللہ ہزاروی صاحب کا تعاون اور ناچیز کے ساتھ محبت اور مملکت سعودیہ عربیہ کے منتظمین کے ساتھ انکے مراسم قابل رشک اور کسی بھی پاکستانی کیلئے قابل فخر ہیں یہ اللہ پاک کی عطا ہے جسے چاہے عزت دے اور جتنی چاہے دے۔ راقم نے دیکھا حرمین شریفین میں انکے جاننے اور چاہنے والوں کے خلوص کا کوئی حساب ہی نہیں اور ہر ایک بحر اللہ ہزاروی صاحب کو پاکستانی مریدوں کی طرح نظریں اور دل بچھائے ہوئے تھے جس کو ملے اس کی خواہش کہ اب ہزاروی صاحب کہیں اور جانے کا نام ہی نہ لیں۔ اللہ پاک مرشد بحر اللہ ہزاروی صاحب کو ہمیشہ صحت و عافیت کے ساتھ خوشحال زندگی عطا فرمائے رکھے آمین!

## محمد یحیٰ پولانی

انہوں نے واویلا کیا ہوا ہے۔ اصل میں ان کے ہاتھ سے ان کی باپ داداؤں کی گدی چلی گئی ہے اس چیز کا ان کو بہت دکھ ہوا ہے۔ یہی حال سندھ کا ہے۔ کراچی پاکستان کی روشنیوں کا شہر ہوا کرتا تھا۔ اس کو تباہ کس نے کیا ان سیاست دانوں نے کیا ہے۔ انہوں نے کبھی بھی اس ملک سے وفاداری نہیں کی۔ دونوں پارٹیوں

بقیہ جات
بقیہ جات

نے اپنے گھر کے ساتھ وفاداری کی اور اپنے اثاثے بڑھائے اپنے پیسے پاکستان سے بیرون ملک بھیج کے بہت بڑا گناہ کیا ہے۔ غریبوں کا حق مارا ہے۔ اللہ نے آپ کو کسی عہدے کا امین بنایا ہے اور اگر امانت میں خیانت کرو گے تو اللہ کو جواب دینا پڑے گا۔ چاہے آپ کتنے بڑے ترم خان بن جاؤ اللہ کا اپنا نظام ہے یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسہ آ گیا ہے تو ہماری لائف سنور جائے یا بدل جائے گی۔ نہیں بدلے گی یہ وقتی خوشی رہے گی۔ اس حوالے سے ایک حدیث بتا تا چلوں......

حدیث کے مطابق: رسول پاکؐ کے صحابی کا آخری وقت آ گیا تھا ان کی زبان سے کلمہ نہیں نکل رہا تھا۔ اگر دنیا کے سارے ولی آ جاتے تو بھی ان کے منہ سے کلمہ نہیں نکل رہا تھا۔ پوچھا گیا ان کے گھر میں کون کون ہے۔ لوگوں نے بولا ان کی والدہ زندہ ہیں پوچھو وہ آ رہی ہیں کہ میں آؤں؟ والدہ بولی میں آ رہی ہوں اور اسے کہا بیٹا کیسا ہے کہنے لگی بہت اچھا نمازی پرہیز گار غفور درگزر سب ہے بولا اس کو معاف کر دو۔ بولا معاف تو نہیں کروں گی۔ اس کی زبان صحیح نہیں ہے۔ کچھ نہیں بولا۔ کہا گیا لکڑیاں لے کر آؤ اس کو جلا دیتے ہیں۔ ماں بولی کیا؟ کہا گیا اگر تم معاف نہیں کرو گی تو جہنم کی آگ ہے نا وہ اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے اس نے کہا میں معاف کر دیتی ہوں۔ اس نے معاف کیا تو اس صحابی کی زبان سے کلمے جاری ہو گئے تو اس کی نماز جنازہ حضور پاکؐ نے پڑھائی۔ یہ ماں کا مرتبہ ہے اور یہ عہدے کا مرتبہ ہے۔ اس دنیا کی آگ کے مقابلے میں وہ بہت خطرناک آگ ہے۔ لوگوں کو عہدہ لیتے ہوئے سوچنا چاہئے کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ عہدہ لینا تو بڑا آسان ہوتا ہے لیکن اس کا حق ادا کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جب اس کا حق ادا نہیں کرو گے تو اللہ کو اس کا جواب دینا ہے۔ اگر آپ نے حق کا ایک فیصد صحیح ادا کیا تو اس کا اجر اللہ نے دینا ہے۔ یعنی ہر عہدے میں حقوق العباد شامل ہیں۔ یہ جتنے بھی عہدے ہیں پرائم منسٹر، پریذیڈنٹ یہ حقوق العباد میں شامل ہیں۔ یہ عوام کی خدمت کیلئے ہیں۔ عوام کی خدمت کیا ہے؟ حقوق العباد ہے۔ عہدہ سنبھالنے کے باوجود حقوق پورے نہیں کریں گے تو اللہ کے سامنے سخت سامنا کریں گے۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جو کہ سیاست دانوں کو جو آنکھ والے ہیں اندھے ہیں دماغ والے ہیں معذور ہیں کان والے ہیں بہرے ہیں یہ وہ سیاست دان ہیں جن کا ضمیر مرا ہوا ہوتا ہے اپنے ضمیر کو جگانا ہے تو اچھے کام کرو حقوق العباد میں لگ جاؤ۔ اللہ تعالیٰ سو مرتبہ قتل کرنے والے کو بھی معاف کر دیتا ہے۔ وہ غفور و رحیم ہے وہ جس طریقے سے لوگوں نے اس ملک کا حال کیا ہے۔ یہ حکمرانوں کی نااہلی ہے ان کی کوتاہی ہے۔ جنہوں نے ملک کے اندر زنا کیا ہے۔ یہ ملک ہر پاکستانی کی ماں ہے۔ اور ماں کے ساتھ جس نے برا سلوک کیا۔ اس کی بخشش بھی نہیں ہے۔ جو لوگ باقاعدہ منسٹر بنتے ہیں جو ممبر بنتے ہیں یہ سب امین ہیں اپنے اپنے عہدوں کے۔ اپنے عہدوں کے ساتھ امانت میں خیانت کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنی ماں کے ساتھ برا کیا ہے اور یہ ملک ہماری ماں ہے۔

## اداکار طارق بٹ

ایک اصلاح ایک تربیت ہوتی تھی معاشرے کیلئے پیغام ہوتا تھا مگر اب ڈرامہ کمرشلائز ہے یہ تجربے کے تحت ڈرامہ اس کے پیچھے بہت بڑا ایجنڈا ہے۔ جس سے آپ کو اخلاقی طور پر کرپٹ کیا جا رہا ہے اس کے پیچھے پورا مافیا ہے۔ پہلے اس طرح ہوتا تھا کہ ایک لڑکی لڑکے کا Pair دکھایا جاتا تھا Romance یا Romantic سین لیکن اب جو ہے انہوں نے ایک مرد اور دو عورتیں گیم چل رہا ہے یا ایک مرد ایک عورت گیم چل رہا ہے۔ لیکن اب جو ہے نا وہ دیکھو کہ بیوی اپنے شوہر کے دوست کے ساتھ پھنسی ہے اور میاں جو ہے اپنے دوست کی بیوی کے ساتھ پھنسا ہے۔ جبکہ ہمارا کلچر ہے جس میں ایک عزت کا مقام ہوتا ہے کہ بھابی ہے جو کہ ماں کی جگہ ہوتی ہے دوست کی بہن میری بہن ہیں یہ ہمارا کلچر تھا تو یہ کلچر ہی ہماری پہچان ہے اس کلچر کو برباد کیا جا رہا ہے انہوں نے پہلے انڈیا کی یلغار کر کے ساس، بہو کی سازش کو علیحدہ کیا یعنی ایک آپ کا جوائنٹ فیملی سسٹم تھا اس کو توڑ دیا ہے حالانکہ اگر آپ دیکھیں کہ پہلے لوگ آپس میں مل جل کر رہتے تھے وہ صرف رہتے نہیں تھے بلکہ لڑتے اور جھگڑتے بھی تھے۔ جب آپ الگ ہو جاتے ہیں تو آپ پر معاشی بوجھ بڑھ جاتا ہے مگر جوائنٹ فیملی سسٹم میں اگر ایک کو مشکل پیش آتی ہے تو دوسرا اس کا سامنا کرتا ہے ایک نے بل دے دیا دوسرے نے کھانے کا انتظام کر دیا مکان کا کرایہ دے دیا پہلے انہوں نے جوائنٹ فیملی سسٹم توڑ دیا اب آپ کو اخلاقی طور پر خراب کر رہے ہیں۔ یہ پوری یلغار ہے میں اسی وجہ سے ڈراموں سے دور رہا ہوں اسی وجہ سے میں کامیڈی کرتا ہوں کیونکہ مجھے پتہ ہے یہ بکواس ڈرامہ ہے۔ کیونکہ میں غلط جملہ نہیں بولتا مجھے میرے دوست نے بلایا تھا۔ ایک سیریل سوانگی کی ست رنگی کے سلسلے میں ایک سین کیلئے مجھے Force کیا تھا اس نے کہا کہ میری عزت کی بات ہے۔ بس ایک سین کیلئے گیا تو اس نے کافی بڑا کام لیا حالانکہ میرا دوست ہے لیکن میں ایک دو جملوں پہ اٹک گیا میں یہ جملہ بولوں گا ہی نہیں۔'' جملہ کچھ یوں تھا وہ آئے تو بتا دینا کہ اس کے خلاف رپورٹ کی ہے ڈاکٹر نے اور اس کی ماں کی بھی۔'' میں نے کہا یہ ذو معنی جملہ جا رہا ہے۔ میں بولتا ہی نہیں کبھی بھی۔

سوال: آپ کی باتوں سے اخذ ہوتا ہے کہ آپ کا دین کے ساتھ بہت زیادہ لگاؤ بھی ہے۔ اور آپ کے والد کا تعلق کہاں سے تھا؟

جواب: جموں کشمیر سے تھا۔ مقبوضہ کشمیر سے میرے والدین کا تعلق تھا میں نے وہاں سے ہجرت 47ء میں کی ہے۔ سیالکوٹ آئے پھر سیالکوٹ سے لاہور ہجرت کی پھر کراچی آ گئے۔ دیکھیں میں پریکٹیکل مسلمان ہوں میں مولوی کے دین پہ نہیں چلتا میں قرآن خوانی کرتا ہوں میں کبھی بھی اپنے دین سے بھٹک نہیں سکتا لگتا وہی ہے جس نے قرآن کو ترجمے سے نہیں پڑھا ہوا ہوتا۔ میں ایسے میسج پر بھی نہیں یقین کرتا کہ فلاں میسج بھیجو تمہیں شام تک خوشخبری ملے گی۔ اگر کوئی بندہ مجھے یہ کہتا ہے کہ بات یوں ہے تو میں یہ کہتا ہوں کہ مجھے حوالہ دیں۔ یا مجھے حدیث کا صحیح بخاری کا حوالہ دیں۔ میں لوگوں کو بھی یہی کہتا ہوں۔ میں یہ بھی کہتا ہوں کہ داڑھی اس وقت تک نہ رکھو جب تک تمہارے اندر داڑھی نہ آ جائے۔ جب تک آپ کے اندر دین نہ ہو آپ کا اندر مومن نہ ہو جائے جب تک داڑھی نہ رکھو مقصد جب تک آپ کا اندر صاف نہ ہو۔ صورت بعد میں دیکھو پہلے سیرت کاپی کرو مگر ہم پہلے صورت کاپی کرتے ہیں۔ سیرت بعد میں کاپی کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے مولوی جو ہے وہ بدنام ہے۔ کیونکہ مولوی کے قول وفعل میں تضاد آ جاتا ہے۔ جب اس کے قول وفعل میں تضاد ہو گا تو وہ کیا اس سے حاصل کرے گا۔ مولوی اصل میں دین نہیں پڑھاتے بلکہ مصلحت پڑھاتے ہیں مولویوں نے دکانیں بنائی ہوئی ہیں اس کی وجہ سے دیوبندی بریلوی ہری پگڑی ایک تبلیغی جماعت والے ہیں مولانا طارق جمیل صاحب وہ مصلحت کی بات نہیں کرتے بلکہ وہ جوڑنے کی بات کرتے ہیں وہ کبھی بھی Cretcize نہیں کرتے تھے۔ ہمارے ہاں بہت سے ٹی وی آرٹسٹ باتیں کرتے ہیں عامر بٹ یعنی عامر بٹ صاحب کی ڈیتھ ہو گئی ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو بڑے آرٹسٹ ہیں۔

سوال: آپ نے تعلیم کہاں سے حاصل کی۔

جواب: میں امریکہ سے پڑھا ہوں میں سیالکوٹ سے اس کے بعد یہاں آیا یہاں میں نے کیمیکل انجینئرنگ کی ہوئی ایم بی اے کیا ہوا ہے امریکہ سے ڈگری ہے۔ انجینئرنگ یونیورسٹی میں پڑھاتا رہا ہوں ملٹی نیشنل جابز کی ہیں اپنا بزنس ہے لاہور سے فیکٹری ڈیپارٹمنٹ میں شوبز انڈسٹری کا سب سے زیادہ پڑھا لکھا بندہ ہوں۔ میں صرف پڑھنے لکھنے کے ساتھ ساتھ دین کو بھی سمجھتا ہوں میں صرف یہی کہوں گا لوگوں کو کہ آپ صرف مسلمان کے گھر میں پیدا نہیں ہوئے تو آپ By Chance مسلمان نہ رہیں بلکہ مسلمان تو وہی ہے جو سیرت کو کاپی کرتا ہے۔ صرف نماز پڑھ لینا روزہ رکھ لینا ہی کافی نہیں ہے یہ تو فرض ہے۔ یہ بھی اس لئے کیا گیا تا کہ آپ پابند ہوں۔ اور اگر آپ نماز پڑھتے ہیں اور آپ کے اخلاقی رویے میں تبدیلی نہیں ہوتی آپ مسجد سے نکلتے ہیں نماز پڑھتے ہیں آپ کی

گفتگو ٹھیک ہو آپ کسی کو گالی نہ دیں غرور و تکبر نہ کریں کسی سے زیادتی نہ کریں۔ یہ سب نماز ہی سکھاتی ہے۔

سوال: شو کی آمدنی سے کیا کرتے ہیں؟

جواب: جو بھی آمدنی ہوتی ہے اس کو میں اپنے پاس رکھتا ہوں اور اپنی ذات پر خرچ کرتا ہوں بلکہ میرا الگ سے اکاؤنٹ ہے وہ ایکٹنگ اکاؤنٹ ہے۔ میں اپنے پیسے اس میں جمع کرتا ہوں اور کچھ شوبز کے لوگ جو ضرورت مند لوگ ہیں۔ میں ان پیسوں سے ان کی ضرورت پوری کرتا ہوں۔ کیونکہ شوبز میں کچھ لوگ ہی ہیں جو خوشحال ہیں باقی تو نہیں ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو کبھی کام ملا اور کبھی نہیں ملا مگر ضروریات تو سب پر کھڑی ہیں تو بیچارہ غریب آدمی بھوک سے تو نہیں مرتا وہ بیماری سے مر جاتا ہے تو ان پیسوں سے میں ان کی مدد کرتا ہوں۔ ایک Area میڈیکل Medicene ہے۔ دوسرا Area ہے Education جب کسی کے بچوں کی فیس نہیں دی جاتی ہے تو خود سکول جا کے ان کے بچوں کی سال کی فیس جمع کروا دیتا ہوں۔ وہ میں انہی پیسوں سے کرتا ہوں۔ بعض اوقات پیسے کم پڑ جائیں تو میں خود سے ڈال لیتا ہوں کیونکہ میرے پاس آمدنی کے ذرائع اور بھی ہیں۔ میری کوشش یہ ہوتی ہے کہ میں خرچ کروں میرے خیال سے دنیا میں سب سے زیادہ خوشی کسی کی مدد کر کے حاصل ہوتی ہے وہ دنیا کی کسی اور چیز سے حاصل نہیں ہو سکتی آپ چاہیں بڑی گاڑی لے لیں، AC لگا لیں اچھا کپڑا پہن لیں یا پھر 10 لاکھ کی گھڑی پہن لیں یا دو لاکھ کے جوتے پہن لیں اس سے کبھی بھی اصل خوشی حاصل نہیں ہو گی۔ اصل خوشی کسی کی مصیبت میں مدد کرنے یا مشکل میں اس کا ساتھ دینے سے آپ میں ایک روحانی خوشی ملتی ہے۔ باقی مادی چیزوں سے تو جسمانی خوشی ملتی ہے۔ روحانی خوشی سے اللہ بھی خوش ہوتا ہے اور جب اللہ خوش ہوتا ہے تو اللہ کی مدد ساتھ ہوتی ہے۔ تو اللہ آپ کو مشکلوں میں نہیں ڈالتا۔ اسی وجہ سے آج میں اپنی زندگی میں بہت خوش ہوں اللہ نے مجھے کبھی کسی پریشانی میں نہیں ڈالا کیونکہ

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ اطاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

یعنی ہم کو انسانیت کی مدد کیلئے پیدا کیا گیا ہے اگر تم دو ہزار کا KFC کا کھانا کھاتے ہو تو ایک سو روپے کا ایک بھوکے کو کھانا کھلا دینا چاہئے۔ کوشش کرنی چاہئے کہ صدقہ خیرات زیادہ دیں۔ کیونکہ یہ دنیا آخرت میں کام نہیں آتی ہے۔ میں مست آدمی ہوں۔ میں سادی گھڑی پہنوں گا سادے کپڑے جوتا پہنوں گا جہاں چاہو بٹھا دو جہاں چاہو کھلا دو اور انسان کو ایسے ہی رہنا چاہئے۔ کیونکہ میری ماں کہتی تھی کہ بیٹا Dont Demand Your Request میں چاہتا تو ٹال سکتا تھا میرا کیا جاتا تھا مگر میرے ساتھ میری ماں اور باپ کی تربیت ہے کیونکہ جب کوئی شخص عزت دیتا ہے تو اس کے جواب میں عزت ملتی ہے۔ لوگ چھوٹے چھوٹے جھوٹ بولتے ہیں مگر میں نہیں بولتا میں لوگوں کو مثال دیتا ہوں اور ایک واقعہ پیش نظر کرتا ہوں۔

"ایک جج کے پاس ایک کیس آیا ایک پڑوسی کہتا ہے اس دوسرے پڑوسی نے مجھے اینٹ ماری ہے مگر جواباً دوسرا آدمی کہتا ہے جناب عالی میں نے اس کو اس کی چیز لوٹائی جو اس نے مجھے دی یہ بندہ روزانہ مجھے ایک کنکر مارتا تھا وہ کنکر میں اکٹھی کرتا رہا پھر میں نے اس کی تھیلی بنا کے اس کو دے ماری اس نے جو دیا میں نے وہی اس کو لوٹا دیا۔ اسی طرح لوگ جھوٹ بولتے ہیں تو اللہ بھی ان کی جمع کر رہا ہے جب وہ تھیلی بھر جائے گی تو انسان کو دے مارے گا۔ تو ڈرو اس وقت سے۔ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے۔ انسان کا اندر سے من حرامی ہے اور اوپر سے بولتا ہے انشاء اللہ۔ اگر ہم اندر سے Commetted نہیں تو ہم انشاء اللہ کیوں بولتے ہیں کبھی غلط وعدہ نہ کرو بلکہ وعدہ کرو تو پورا کرو۔ ہم لوگوں سے ڈرتے ہیں بھئی ہمیں تو اللہ سے ڈرنا چاہئے۔ دوسرا لوگوں کو دعائیں کرنے کا نہ کہو بلکہ خود دعا کرو۔ اللہ خود انسان کو فرماتا ہے کہ میں تیری شہ رگ سے زیادہ قریب ہوں تو تو کیوں کہتا ہے طارق بٹ کو کہ میرے لئے دعا کرنا تو خود دعا کر اور اگر تو خود گندہ ہے تو اس قابل کر کہ تو اللہ کے سامنے کھڑا ہو سکے۔ اگر ایک بندے نے دوسرے سے پیسے لئے ہوں اور واپس نہ کئے ہوں تو وہ کہے گا کہ یار تو ذرا اس بندے سے پیسے لے کے دینا۔ اسی طرح وہ اللہ کے بتائے ہوئے رستے سے بھٹکا ہوا ہے وہ اللہ سے نہیں مانگے گا اس لئے وہ طارق بٹ سے کہے گا کہ تو اللہ سے دعا کر دے میرے لئے بغیر اعمال کے اللہ تیری طرف متوجہ کیوں ہو گا۔ ہمیں بھی پریکٹیکل مسلمان ہو جانا چاہئے پہلی چیز قرآن خوانی دوسری نبی پاک ﷺ کی سیرت کاپی کرنی ہے۔ صرف دو چیزیں کرنی ہوں گی کہانی ختم۔ ہم لوگ کم تر بندے کو کبھی سلام نہیں کرتے حالانکہ ہمارے پیارے آقا حضرت محمد ﷺ تو چھوٹے بچوں سے بھی سلام لیتے تھے وہ دونوں جہانوں کے کیلئے رحمت اللعالمین ہیں۔ یہ نہ سوچو کہ کوئی آ کے آپ کو سلام کرے بلکہ آپ جا کے سلام کرو تو یہ سیرت کاپی کرنا ہے اور اللہ کو اپنے تمام معاملات میں رکھیں کیونکہ میرے نبیؐ نے بھی تجارت کی تھی تجارتی معاملات میں فرماتے کہ گندم گیلی ہے اس لئے یہ ایک قیمت کم ہے یہ ہے اصل تجارت جو میرے نبیؐ نے کی ہے ہم تو رمضان میں بھی لوٹ مار کرتے ہیں ہم سے غیر مسلم ہزار گنا اچھے ہیں یار جو رمضان میں اپنی قیمتیں کم کرتے ہیں تا کہ مسلمان اپنا تہوار منا لیں۔ اور ایک ہماری عوام ہے جو قیمتیں بڑھا دیتی ہے میں کہتا ہوں اگر آپ کھجور سے روزہ کھولیں نماز پڑھیں 8 یا 10 دن بعد خود ہوٹل والے کہیں گے کہ خدا کا واسطہ ہم سے لو چیزیں۔ مطلب ہم سنت سے روزہ کھول لیں گے۔ کہ جب تک ہر انفرادی شخص اپنا رول پلے نہیں کرے گا تب تک آپ صحیح معاشرے کی بنیاد نہیں ڈالو گے۔

## قرآن حکیم کا نظام حیات

نے ذکر خفی قلبی پہ سب سے زیادہ زور دیا ہے۔ آل عمران: آیت 191 میں ہے کہ "وہ لوگ جو کھڑے، بیٹھے، لیٹے ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔" ہر حال میں ذکر قلب ہی کر سکتا ہے۔ سو جائیں گے تو زبان رک جائے گی۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نور ایمان اور تجلیات ایمانی کی خصوصیت قرآن حکیم ان الفاظ میں بتاتا ہے سورۃ زمر: 23 میں ہے کہ "کھال سے لیکر نہاں خانہ دل تک اُن کے بدن کا ہر ہر ذرہ ذاکر ہو گیا۔" جب قلب ذاکر ہوتا ہے تو وجود کے گوشے گوشے کونے کونے میں اللہ کا نور پہنچا دیتا ہے۔ سارا خون واپس دل میں آتا ہے۔ دل میں آ کر صاف ہو کر دوبارہ سارے بدن میں جاتا ہے، جلد تک، انگلیوں کے پوروں تک، وہ انگ انگ میں، نس نس میں پہنچ جاتا ہے۔ اسی لئے اصل حاکم دل ہے اور مہبط وحی الٰہی بھی دل ہے، نزول وحی کا مقام قلب اطہر ﷺ ہے۔

جبرائیل امین علیہ السلام نے تو قرآن آپ ﷺ کے قلب اطہر پر اللہ کے حکم سے نازل کیا، جو تصدیق کرتا ہے پہلی کتابوں کی، رہنمائی کرتا ہے زندگی کے ہر کام میں اور صحیح رہنمائی کرتا ہے۔ اور ایمان والوں کو خوشخبری سناتا ہے۔

## سعودی عرب کا قومی دن

غلام محمد سعودی عرب کے سرکاری دورہ پر گئے تو شاہ سعود بن عبدالعزیز نے مدینہ منورہ میں باب جبرئیل کے بالکل سامنے ایک بڑا گھر تحفہ میں دیا تھا جس کی کنجی ملک غلام محمد نے پاکستانی سفارت خانہ کے سپرد کر کے اسے پاکستانی حکومت کا سرکاری ویسٹ ہاؤس قائم کرنے کے لیے دے دی تھی جس کا نام پاکستان ہاؤس رکھا گیا تھا۔ حرم کی توسیع کی وجہ سے پاکستان ہاؤس کی وہ عمارت تو اب وہاں سے ختم ہو گئی ہے۔ مگر اس کے بدلے میں سعودی حکومت نے جو جگہ دی ہے وہاں اس سے بڑا پاکستان ہاؤس قائم ہے۔ سعودی عرب میں پاکستان کے علاوہ کسی دوسرے اسلامی ملک کے پاس سعودی عرب کی طرف سے عطیہ میں دی گئی کوئی عمارت نہیں ہے۔

آج سعودی عرب کو دہشت گردی کا سامنا ہے۔ اس کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کیلئے دشمن تخریبی کارروائیاں کر رہا ہے۔ ان حالات میں ہم سعودی قیادت کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم سعودی عرب کے خلاف ہونے والی ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔ پاکستانی قوم سرزمین حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے ہر قسم کی قربانی دے

گی۔سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر تمام سعودی بھائیوں، مملکت سعودی عرب کی قیادت بالخصوص خادم الحرمین الشریفین اور ولی عہد کی عزت اور عظمت کو ہدیہ تبرک پیش کرتے ہیں۔

## صحت کو بہتر بنانے کے طریقے

ورزش کرنی چاہیے۔آپ ورزش کے طور پر کسی کھیل کا انتخاب کر سکتے ہیں۔مثال کے طور پر باسکٹبال، چڑی چھکا اور فٹبال وغیرہ۔آپ دوڑنے جا سکتے ہیں، تیراکی کر سکتے ہیں، تیز تیز چل سکتے ہیں یا پھر سائیکل چلا سکتے ہیں۔لیکن ہلکی پھلکی ورزش اور سخت ورزش میں کیا فرق ہے؟ ہلکی پھلکی ورزش وہ ہوتی ہے جس میں آپ کو پسینہ آتا ہے لیکن اس دوران آپ دوسروں سے بات چیت بھی کر سکتے ہیں جبکہ سخت ورزش میں ایسا کرنا بہت ہی مشکل ہوتا ہے۔

## علامہ مقصود احمد چشتی قادری

کو امن کس طرح فراہم کیا جاسکتا ہے''اس کانفرنس کے ایک اجلاس کی صدارت میرے سپرد کی گئی میں نے اپنے صدارتی کلمات میں بین المذاہب تعلقات کے بارے میں اسلامی نقطہ نظر پیش کیا اور اس بات پر زور دیا کہ تمام مذاہب کے قائدین مکالمات کے ذریعے بین المذاہب تعلقات کو بہتر بنائے گی کوشش کریں اور تحریر و تقریر کے ذریعے مثبت انداز اختیار کرکے عالمی سطح پر فتنہ فساد بدامنی کی روک تھام میں موثر کردار ادا کریں۔9/11 کے بعد اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ بین المذاہب تعلقات بہتر سے بہتر بنائے جائیں اور اس سلسلے میں علمی تحقیقات کو بروئے کار لایا جائے۔حکومت کو چاہیے کہ بین المذاہب کے نام پر نام نہاد مفاد پرست لوگوں سے دور رہیں اور ان علماء اور مشائخ کو بھی اور قائدین مذاہب کا عملی تعاون حاصل کرے جنہیں ملک و قوم کا مفاد عزیز ہو اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر بین المذاہب تعلقات بہتر بنانے کے لئے کام لیا جائے۔

یوتھ انٹرنیشنل: دین اسلام اور دینی علوم کے فروغ کیلئے آج کل آپ کی کیا مصروفیات ہیں؟

علامہ مقصود احمد: 2007ء میں تھے خالصہ ملتان روڈ نزد مانگا منڈی میں اپنی ذاتی رقم سے زمین خریدی۔10 اپریل 2017ء کو اس پر مدرسہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا جس کا نام ''دارالعلوم الاسلامیۃ القادریۃ حضرت داتا گنج بخشؒ'' ہے اس کے ساتھ جامع مسجد حضرت عبداللہؓ بھی تعمیر کی جارہی ہے ہمارے مریدین اور احباب ان کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں تعمیراتی کام ختم ہو جائیں گے اور امسال ماہ شوال 1440ھ کو دینی تعلیم کیلئے داخلے شروع کردیئے جائیں گے۔

یوتھ انٹرنیشنل: اس دارالعلوم کے علاوہ آپ کے اور مدارس بھی ہیں؟

علامہ مقصود احمد: جی ہاں تقریباً پانچ مدارس ہیں جس میں طلباء و طالبات حفظ و ناظرہ کی تعلیم حاصل کررہے ہیں ان کے اخراجات کیلئے میں نے ہجویری ایجوکیشنل کونسل بنائی ہے جس کا میں بانی ہوں اور

بقیہ جات

الحاج معظم علی شبیر صدر ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: تفسیری کام کہاں تک پہنچا ہے؟

علامہ مقصود احمد: پہلے اور دوسرے پارہ کی تفسیر مکمل کرکے شائع کروادی ہے۔

## شیخ لقمان میمن

کس طرح سے کرنا ہے لوگوں نے 20، 20، 25، 25 حج کئے ہیں انہیں یہ پتہ ہی نہیں کہ حج کس طرح سے کرنا ہے لوگ یہاں سے حج کیلئے گئے ہیں بغیر احرام اور سیدھے مکہ پہنچے ہیں یعنی 20، 25 بار حج کرنے والے کو بھی نہیں پتہ کہ مکہ میں بغیر احرام کے جا نہیں سکتے اگر حج کی نیت سے آئے ہوں۔اسی طرح سے طواف زیارت کے اہم رکن ہیں لوگوں نے طواف زیارت نہیں کیا اور فلائٹ پکڑ لی اور ان لوگوں نے کئی حج کئے پھر میں نے ان لوگوں کو سمجھایا کہ آپ کے اوپر تو دم واجب ہے تب ان کو پتہ چلا کہ یہ ہماری غلطی ہوئی ہے جو ہمارے عالم ہیں ان کو جمعے کے خطبے میں اور آخری ٹائم پر حج کے حوالے سے سیمینار رکھنے چاہئیں حاجیوں کو ارکان بتانے کیلئے سکھانے کیلئے۔

سوال: -آپ کے خیال سے گورنمنٹ کو کیا انتظامات کرنے چاہئیں؟

جواب: - گورنمنٹ کو چاہئے کہ حاجیوں کو حج کا بنیادی علم دے کہ بھئی آپ یہاں سے جاتے ہیں اگر آپ نے سیدھا مکہ جانا ہے تو یہاں سے احرام باندھ کر جانا ہے یا اگر مدینہ جائیں گے تو مکہ جانے سے پہلے مدینے سے احرام باندھ کر جائیں گے۔لیکن اگر مکہ جانا ہے اور یہاں سے احرام باندھ کر نہیں جائیں گے تو یہ غلط ہوگا۔آپ جدا جا کے بھی احرام نہیں باندھ سکتے جبکہ جدہ بھی مکہ کے مضافات کے اندر ہے پھر آپ مکہ نہیں جاسکتے۔

سوال: -2019ء کی گورنمنٹ نے جو حاجیوں کے انتظامات کئے تھے کیا آپ کے خیال سے ٹھیک تھے؟

جواب: - میرے پاس بہت شکایات آئی ہیں حج کے دوران پاکستان کے حاجی، بہت دکھی ہوگئے ہیں گورنمنٹ نے جو وعدے کئے تھے وہ پورے نہیں ہوئے۔یہی کہ جب آپ نے پیسے اچھے دیئے ہیں تو اچھی بلڈنگ ملنی چاہئے۔بلڈنگ حرم کے قریب ملنی چاہئے اور اچھی ملنی چاہئے مگر آپ کو دور دراز ملی ہے جہاں ٹرانسپورٹ کا بھی مسئلہ ہے اور گاڑی دو دو بار تبدیل کرنا پڑتی تھی وہ بھی سہولت میسر نہیں تھی۔حاجی بیمار ہوگئے ہیں انہیں ہاسپٹل لے جانے کیلئے ٹرانسپورٹ کا مسئلہ اس طرح چھوٹی چھوٹی بہت سی مشکلات درپیش ہوتی ہیں۔اور کئی حاجیوں کو تو رہنے کیلئے ہوٹل بھی نصیب نہیں ہوا۔بیچارے فٹ پاتھ پہ پڑے ہوئے تھے۔گورنمنٹ کے کوٹے کے اندر گئے ہوئے ہیں اور پریشان ہوگئے۔جو پرائیویٹ کے ساتھ گئے ہوئے تھے اس میں سے بھی کچھ بڑا ظلم کیا ہے پاسپورٹ بھی لے لئے اور ہوٹل بھی نہیں ملا اس سال تو بہت پریشان ہوئے حاجی۔

سوال: -لیکن اس سال تو مذہبی امور وزیر نے کہا تھا کہ ہم اچھا پیکیج دیں گے اور لوگوں نے بھی تعریفیں شروع کردیں۔

بقیہ جات

جواب: - یہ وہاں جا کے بادشاہ کی طرف سے پھر دعوت ہوتی ہے وہاں جا کے وہ بڑے بڑے قصیدے پڑھتے تعریفیں کرتے ہیں حقیقت میں حاجیوں پہ جو بیتتی ہے اس کا کوئی بیان نہیں کرتا کیونکہ ان کی روزی روٹی اس کے اوپر ہے بلڈنگ جو خریدی جاتی ہے حاجیوں سے اس سے لوگوں نے بلین کمائے ہیں۔کرپشن اپنے والے وہاں ایک ایجنٹ رکھتے ہیں اور بلڈنگ لی ہے مثال کے طور پر 5 بلین اور بل بنا کے دیتے ہیں 8 بلین کا اور 3 بلین جیب میں۔

سوال: کیا آج بھی کرپشن ہو رہی ہے؟

جواب: - جی بالکل آج بھی کرپشن ہو رہی ہے جب تک ہمیں مخلص لوگ نہیں ملیں گے خدا کا خوف کھانے والے لوگ نہیں ملیں گے یہ کرپشن جو ہے وہ چالو ہی رہے گی۔اس میں پاکستان ایمبیسی اور پاکستان قونصلیٹ جو جدہ میں ہے وہ اپنی طرف سے کوشش کرے کہ کرپشن نہ ہو اگر وہ سچے دل سے کوشش کرے تو پھر ہمارا منسٹر ہر Daligation جو جاتا ہے بلڈنگ ہائیر کرنے کیلئے وہ کمیشن نہیں لے سکیں گے۔

سوال: - جب آپ سعودیہ گئے تھے شروع میں تو آپ کا کیا کاروبار تھا؟

جواب: - جب شروع شروع وہاں گیا تو پہلے میں نے جاب کی تھی عبداللہ میرے ریسپانسرز تھے سونی کمپنی کی ایجنسی تھی میں نے ان کے ساتھ جاب کی پھر باللہ دین کے ساتھ جب کی اور اپنا کاروبار بھی کیا (الحمدللہ) اور اللہ پاک نے ترقی دی لوگوں کی خدمت میں عظمت ہے۔جس دن سے گیا ہوں اس دن سے لوگوں کی خدمت میں نے چھوڑی ہی نہیں۔اس خدمت سے اللہ کے فضل و کرم سے مجھے عزت سے نوازا۔سعودی عرب کے پہلے کنگ جو ہیں کنگ سعود عبدالعزیز ان سے میری ملاقات نہیں ہوئی اس کے بعد کنگ سعود پھر کنگ فیصل، کنگ خالد، کنگ فہد، کنگ عبداللہ، کنگ سلمان سب سے میری ملاقات ہوئی ہے۔اس زمانے میں کنگ سلمان جو ہیں وہ ریاض کے گورنر تھے۔کنگ تو اب بنے تو جب وہ ریاض کے گورنر تھے اس وقت میری کنگ ریاض سے ملاقات ہوئی اس ملاقات کے وقت محمد علی کلے جو ہے وہ اور میں دونوں ساتھ تھے گورنر ہاؤس کی دعوت پہ اللہ نے مجھے بہت ہی نعمتوں سے نوازا۔پولیس، سی آئی ڈی میں، جیل میں، ہاسپٹل میں ہر جگہ میں اتنے اچھے تعلقات ہیں اللہ کے فضل سے لوگ جہاں بھی میں جاتا تھا شیخ لقمان چائے قہوہ، کھجور کھلاتے تھے ان کے ہر فنکشن میں پروگرام میں مجھے دعوت ملتی تھی میں جاتا تھا۔میرے ہر ایک سے بہت اچھے تعلقات تھے۔اور لوگ عزت کرتے تھے کہ یہ بندہ دوسرے کے کام کیلئے بھاگ دوڑ کرتا ہے اور دوسرے کی مدد کررہا ہے۔ایک پاکستانی بے گناہ قتل کے الزام میں تھا۔قاتل کوئی تھا مگر بے قصور پکڑا گیا اور جیل کردیا گیا تھا اس کو چھوڑانے کیلئے اس زمانے میں لاکھ ریال جمع کرنا بہت مشکل ہوتا تھا۔ہم نے 3 لاکھ جمع کر کے سامنے والے بندے کو جیل سے باہر نکلوایا جو بے گناہ تھا۔


Warmest Congratulation
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب متحدہ عرب امارات، بحرین، کویت، عمان میں جاب دلانے کا لائسنگ ادارہ
Al-Sahly
Lic # OP & HRD/3611/PWR/2015
Overseas Employment Promoters
Haji Asif Khan
Managing Director
0333-9110999
1st Floor Miraj Khan Market Office No.1-2-3, Opp UBL Bank Peshawar Road
Shabqadar Fort Distt, Charsadda.KPK Ph:+92-91-6290299 Fax:+92-91-6290399
Email:alsahlyoverseas999@gmail.com


Congratulations
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
Al-Zafra Manpower
Overseas Employment Promoters
Lic & OP & HRD/4174/PWR/2017
Gul Sheed Khan
Chief Executive
0301-8186950
First Floor Office No: 41 Cantt Plaza, The Mall Mardan
Ph:0092-937-874427, Cell:0092-311-3636075
Email:gulsheedmardan@gmail.com
Abbas Khan
P.R.O
0306-5738774
Zafar Iqbal
Managing Director


89th Saudi National Day
Congratulations
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
NUCON
Engineers
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Head Office: Suite # 406, Parsa Tower, 4th Floor Shahrah-e-Faisal-Karachi
Tel:+92-21-34150832-33 Fax:+92-21-34150809
MUSTAFA KHALID
Chief Executive Officer
Cel: +92 345 842 2222
Lahore Office # 169-C Commercial Plot Way DHA, Lahore
Tel: +92 42 38100351-2 Email:info@nucon.com.pk


National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
89th National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
POTHOHAR MANPOWER
Overseas Employment Promoters
Lic No # 1040/RWP
10-B, Pine Complex Iftikhar Janjua Road Rawalpindi
Cantt-Pakistan Tel:+92-51-5522454,5566156
Fax:+92-51-5566154 Email:pothohar1040@yahoo.com
Ch. Muhammad Shiraz
Ch. Tauseef Shiraz


89th National Day
Congratulations
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
سعودی عرب، یو اے ای، کویت، مسقط، بحرین و دیگر عرب ممالک میں مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا مثالی ادارہ
QURESHI Manpower Bureau
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Overseas Employment Promoters
Lic# MPD/2205/RWP/2003
M. Ashgar Qureshi
Chairman
Mob:+92-334-4448415
A-Block, House.48-A, Satellite Town, Rawalpindi-Pakistan
Tel:0092-51-4448415-4442888 Fax:0092-51-4900776
Email:qmp@qureshico.com www.qureshi.com


National Day GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
یو اے ای' سعودی عرب' کویت' بحرین و دیگر عرب ممالک میں ہنر مند بھجوانے کا قابل اعتماد اور مثالی ادارہ
BILAL ENTERPRISES
OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS
O.E.P. Lic # 638/KAR
680.681, 1st Floor Food Building, Allama Iqbal Road, Off Tariq Road, Karachi.
680.681, 1st Floor, C.C Area, Chips Fast Food Building, Allama Iqbal Road, Off Tariq Road, P.E.C.H.S, Block-2, Karachi-Pakistan. www.bilal.enterprises
Tel: +92-21- 34388510, 34553147 Fax: +92-21-34314156 Email:info@bilal.enterprises, bilalent@hotmail.com
Ch.M Bilal
Managing Director
Ch. M. Iqbal Yousaf
Chairman
Mob: +92-300-2010874


89th Saudi National Day
National Day GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
سعودی عرب' یو اے ای' سلطنت آف عمان' بحرین' کویت' مسقط و دیگر ممالک میں ہنر مند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Brosha Overseas Employment
Overseas Employment Promoters
Lic No # MPD/3057/KAR
Suit No. 509 Portway Trade Center 189 Block-A S.M.C.H.S
Shahra-e-Faisal Karachi-pakistan.
Ph:0092-21-34329030 Fax:0092-21-34329029
Email:borshakar@yahoo.com , info@broshaoverseas.com www.broshaoverseas.com
Tariq Hussain Tabassam
Chief Executive
0300-2953853


89th Saudi National Day
National Day GREETING
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
سعودی عرب' یو اے ای' سلطنت آف عمان' بحرین' کویت' مسقط و دیگر ممالک میں ہنر مند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Ghazi Overseas Employment
OEP Lic No # 2636/KAR
Head Office # 1/1/Q, Fazal Heights, Ground Floor, Block 6, PECHS-Karachi-Pakistan
Tel:+92-21-34536002-3 Email:md-office@ghazioverseas.com
Branch office: 19, Satellite Plaza, 6th Road, Block-C, Satellite Town
Rawalpindi-Pakistan. Tel:+92-51-4853133
Aamir Zakaria
Chairman



Congratulations
on 89th National Day Anniversary
Ceremony of the Royal Kingdom of
Saudi Arabia
89 th National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
سعودی عرب' متحدہ عرب امارات' عمان' بحرین' قطر' کویت' ملائیشیا' لیبیا میں مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا لیڈنگ ادارہ
Yaj Gulf
یاج الخلیج للاستقدام
Overseas Employment Promoters Lic # MPD/2758/RWP
ZAIN UL ABIDIN
Chairman
P.O.Box 2544, Postal Code 44000, (GPO-Islamabad) 786 Yaj Gulf Tower, Main Murree Road
, Bhara Kahu, Islamabad-Pakistan Tel:+92-51-5800021-3 (3 x Line) Facsimile: +92-51-5800024-5 (2 x Lines)
Cellular: Pakistan: +92-300-8544444 Saudi Arabia: +966-555564786 Bahrain: +973-66307786 Intl: +44-7700041948
Mob. Pak. 0092-300-8544444
E-mail: admin@yajgulf.com ,chzain1@yahoo.com Web: yajgulf.com yajgulfoep yajgulf3




National Day GREETING
We extends its sincere greeting
to the people of Saudi Arabia
on their 89th National Day
89th Saudi National Day
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
Al-Waqas Group
AL-WAQAS ENTERPRISES
Overseas Employment Promoters Lic. No. 0680 / RWP
5-A, Super Market, F-6 Markaz, Islamabad. Tel: +92-51-2877513, 2874958, 2821367
2821362, 2275020 Fax: +92-51-2822922 Mob: +92-333-5282844
E-mail: alwaqas0580@hotmail.com alwaqas0680@yahoo.com www.al-waqas.com.pk
Raja Amir-ur-Rehman
Chief Executive


H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Malki
Ambassador of Saudi Arabia to Pakistan
National Day
GREETING
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
89th Saudi National Day
POEPA
Syed Rehmat Ali Shah
Ex. Central Chairman
Member Central Executive Committee, Member Zonal Executive Committees
(Karachi-Quetta, Multan, Lahore, Rawalpindi-Islamabad & AJK, Malakand & Peshawar Zone)
Pakistan Overseas Employment Promoters Association
Lic No # 02 By: Ministry of Commerce, Government of Pakistan
Office # 01, 1st Floor, Plaza 2000, I-8 Markaz, Islamabad-Pakistan Tel:+92-51-8357274
Email:info@poepa.com.pk Web site:poepa.com.pk


National Day GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
سعودی عرب متحدہ عرب امارات لیبیا ملائیشیا و دیگر ملکوں میں روزگار کی فراہمی قابل اعتماد ادارہ
Al-Adil Enterprises
Overseas Employment Promoters Lic # 2269 / RWP
Off.# 2, Second Floor, Zumard Plaza, Shahrah-e-Tijarat
Satellite Town, Rawalpindi, Tel: 051-4429812, Mob: 0333-5104897
Sardar Javed Khan
Chief Executive


National Day GREETING
89th National Day
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
سعودی عرب یو اے ای مسقط سلطنت آف عمان بحرین میں پاکستانی ہنرمند بھجوانے کا بہترین ادارہ
AL-MUZAMMIL
Lic # 1454/MPD/LHR
Recruuiting Agency
1st Floor, 282-B-Block Main Boulevard Sabzazar Scheme Lahore-Pakistan
Tel:0092-42-35425050-35415487 Fax:0092-42-35432613-35410049
Email:almuzmmil_pk@yahoo.com
Email:aimz@almuzammil.pk website:www.almuzammil.pk
Muhammad Anwar Mughal
General Manager
Muhammad Nasir Mughal
Managing Director


89th Saudi National Day
Congratulations
on 89th National Day Anniversary Ceremony of the Royal Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
سعودی عرب یو اے ای سلطنت آف عمان بحرین کویت مسقط و دیگر ممالک میں ہنرمند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
AIR INTERNATIONAL
TravelServices&OverseasEmploymentPromoters
OEPLic#0863/RWP
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
Chaudhary Mehdi Khan
Chief Executive
+92-300-8541383
Office # 25 1st Floor Beverly Center Jinnah Avenue Blue Aarea Islamabad-Pakistan
Tel: 92-51-2873122, 2874022 Fax:92-51-2275108
Email: aitsoep@hotmail.com Website:www.aits.com.pk


National Day GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
89th Saudi National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmed Al-Malki
سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، لیبیا، ملائیشیا میں پاکستانی ہنر مندوں کو روزگار کی فراہمی کا بہترین ادارہ
DAHLAWI MANPOWER
RECRUITING
O.E.P. Lic # 2161/KAR
Agha Zullfiqar Dhalwai
Managing Director
Agha Safdar Dahlawi
Chief Exective


National Day GREETING
89th Saudi National Day
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmed Al-Malki
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
سعودی عرب، یو اے ای، سلطنت آف عمان، بحرین، کویت، مسقط و دیگر ممالک میں ہنر مند بھجوانے کا لیڈنگ ادارہ
Saif Manpower Services
Overseas Employment Promoters
Lic # 3024/RWP
Office # 19, 3rd Floor Moti Plaza Murree Road, Rawalpindi-Pakistan
Tel: +92-51-5765115 Mob: +92-340-5153302, 334-9191997
Email:saifdatapk786@gmail.com
Azhar-Ul-Islam
Managing Director


89th Saudi National Day
Congratulations
on 89th National Day of the Kingdom of Saudi Arabia
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmed Al-Malki
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
سعودی عرب، یو اے ای، کویت، سلطنت آف عمان و دیگر ممالک میں ہنر مندوں کو روزگار دلانے کا بہترین ادارہ
MAHMOOD IRAQI
Overseas Employment Promoters Lic # 0673
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
Mahmood Al Iraqi Building, 6-B, 5th Road Rahmanabad Satellite Town, Rawalpindi-Pakistan. Ph:+92-51-4840599, 4572208
Fax:+92-4572209,4413432 Mob Pak:+92-333-5125103 KSA: +966-568922622
Email:mahmoodiraqi0673@gmail.com, shakir@mahmoodiraqigroup.com
Web: www.mahmoodiraqigroup.com mahmoodiraqi0673
Shakir Mahmood
Managing Director


89th National Day
H.E Nawaf Bin Saeed Ahmad Al-Maliki
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
National Day
GREETING
on 89th National Day
Anniversary Ceremony of the
Royal Kingdom of
Saudi Arabia
Friends International Group of Companies
• Friends Manpower Recruitment Abu Dhabi, UAE. • Friends Manpower Recruitment Doha, Qatar.
• The Friends Overseas Services, Pakistan. • The Friends Polytechnic College and Trade Center Pakistan.
• The Friends Travel, Abu Dhabi, UAE. (3 Branches) IATA Approved Agent.
• The Friends Travel & Tourism Pakistan. • The Friends Trade Test Center
Overseas Employment Promoters
Lic No. MPD/2498/RWP
House No.97-A Data Gunj Baksh Road A-Block Satellite
Town Near Khayber Hotel Zavia Academy Rawalpindi
Tel:051-4251867 Fax:051-4571225 Mob: 0303-5506168, 0333-5343057
UAE Mob: 00971-50-6151127-6151294
Qatar Mob: 00974-3312050 Pak Mob: 0092-345-5269008
saeedaziz7@hotmail.com
Web:www.friendsmanpower.com Skype ID:saeedaziz12
Pakistan-Bangladesh-India-Sri Lanka-Nepal-Philippine-Egypt
Saeed Aziz Khan
Chairman
Sardar Tauseef Aziz
M.B.A
Vice Chairman



National Day
GREETING
We extends its sincere greeting to the people of Saudi Arabia on their 89th National Day
89 th National Day
H.R.H. King Salman bin Abdulaziz Al-Saud
Custodian of the Two Holy Mosques
H.R.H. Muhammad bin Salman Al-Saud
Crown Prince of Kingdom of Saudi Arabia
ٹریولنگ، مین پاور ایکسپورٹ، حج و عمرہ سروسز میں پاکستان کا صف اوّل کا ادارہ
POLANI
Group of Companies
IATA
Polani`s (PVT) LTD.
Travel Agent & Tour Operator
Govt Licence No # 1061
World Express Exchange Company-B (Pvt) Ltd.
Polani`s International (Pvt) Ltd.
Polifly Travels (Pvt) Ltd.
Polani`s Holidays
Polani (overseas) Agencies
TAAP
Polani's Aviation Private Ltd.
Worldsapn
Member National Commodity Exchange Ltd
49-53 Sindh Madressah-tul-Islam Hasrat Mohani Road
Karachi-Pakistan Ph:+92-21-32462000-19 (20 Lines)
Faxes: +92-21-32462244, 32419737 Dir: +92-21-32462222/2233
Cell:0333-2292777, 0300-8235777
Email:info@polanisgroup.com, yahyapolani@hotmail.com
Website: www.polanisgroup.com
Muhammad Yahya Polani
Chairman

www.youthintlmagazine.com / M.Siddique Al Qadri / Youthintmagazine.com

# Youth International Magazine Lahore-Pak

Approved Central Media List Ministry Of Information GOVT Of Pakistan.

M.SIDDIQUE AL-QADRI
EDITOR IN-CHIEF

- Leading URDU & ENGLISH MONTHLY MAGAZINE
- 31TH YEAR'S of CONTINUE Publishing IN WORLD Wide Sirculation
- THE MAGAZINE BUILDS UP PAKISTAN'S RELATIONSHIP WITH OTHER COUNTRIES. Email:youth_intlmag@yahoo.com

ABC CERTIFIED

